(۵۱) آغاز میں چوری سے نقصان اٹھاؤ گے اور وسط میں البتہ کچھ نفع پاؤ گے۔
(۵۲) نہ آج کا نہ کل کا۔
(۵۳) کوئی ہلکا سا آسان کام۔
(۵۴) مدت العمر میں دو دفعہ مگر کچھ بہت نہیں۔ (۵۵) مر گیا ہے مگر یادگار باقی ہے۔ (۵۶) بہت سے دوستوں کو مصائب پیش آئیں گے۔ (۵۷) کسی سیاہ چیز کے چھپانے کا اور روپیہ کا۔
(۵۸) سیارے سب بامراد ہیں لہذا ضرور پائے گا۔ (۵۹) بھلا قسمت جس کے ساتھ ہو وہ کامیاب نہ ہو۔ (۶۰) جس طرح کی تجارت کرے گا بڑی کامیابی حاصل ہوگی۔ (۶۱) سفر تبدیلی۔ مکان اور چند تغیرات۔ (۶۲) افکار یہ بھی ہیں اور بھی کچھ ہونے والے ہیں۔
(۶۳) سائل کی ساری عمر میں صرف بیس سے پچیس تک سختی ہے۔ (۶۴) ستارہ منحوس ہوتا نہیں معلوم ہوتا۔

Scanned by CamScanner

(۱) حضرت آپ تو پیدا ہی خوش قسمت ہوئے ہیں۔ (۲) شاخ دار مویشی سے کچھ خطرہ ہے۔ (۳) فقط تیئسویں اور بیالیسویں برس جان کے لالے پڑ جائیں گے۔ (۴) اڑتالیس برس کا بھی نہ ہونے پائے گا کہ چل بسے گا۔ (۵) امید ہے کہ آندھیاں اور مینہ بڑے زور و شور سے آئیں گے۔ (۶) بادشاہان روئے زمین آمادہ فساد ہیں۔ (۷) اشرفیاں بھی تھیں روپیہ بھی مگر کوئی لے گیا صبر کرو۔ (۸) سوائے ذلت اور خواری کے اور کچھ بھی ہاتھ نہیں آنے کا۔ (۹) جو لڑائی شروع کرے گا وہی جیتے گا۔ (۱۰) بیشک سائل اُن کی نظروں میں معزز و ممتاز ہوگا۔ (۱۱) رہزن بیچارے کو رستہ میں آ لیں گے۔ (۱۲) بنیاد تو اس کی سچ پر ہے۔ (۱۳) قدرے قلیل۔ (۱۴) بالا خانہ پر مچان و چان پر ڈھونڈو چوری نہیں گئی ہیں۔ (۱۵) چور عدالت کی حد سے نکل گیا اب کیا پتہ لگے گا۔ (۱۶) خبردار ہو جاؤ کوئی دشمن لگا ہوا ہے۔ (۱۷) تمہارا سب خوف و خطر نری حماقت ہے۔ (۱۸) دعوت میں جھگڑا پیش آئے گا ذرا مستعد ہو جاؤ۔ (۱۹) جو پہلے سے تمہارے دوست ہیں ان سے نہ بگاڑو۔ (۲۰) رہزنان دریائی طوفان اور پانی سے ڈرتے رہو۔ (۲۱) بھلا جی تمہیں برسات میں سفر کی ضرورت ہی کیا ہے۔ (۲۲) بہتیرے زبان کے میٹھے اور دل کے کھوٹے ہوتے ہیں۔ (۲۳) پہلی اور انیسویں تاریخ اختیار کرو مگر تیرھویں تاریخ سے اجتناب کرو۔

(۲۴) زرد رنگ سیاہ بال اور ایک ہے بھی قریب۔ (۲۵) اور کیوں جی تھے کب نہیں۔ (۲۶) دوست اس کے مددگار بنیں گے۔ (۲۷) جو راستہ وہ چلے گا پُر از خطر ہے۔ (۲۸) جب تم کھیلو یہ دیکھ لینا کہ قمر برج ثور میں ہو۔ (۲۹) کمیت گھوڑا جیتے گا۔ (۳۰) اب کی دفعہ نہیں۔ (۳۱) گنتی کے دن باقی ہیں۔ (۳۲) کوئی بیماری خفیہ معلوم ہوتی ہے۔ (۳۳) تیری درخواست پوری ہو ہی چکی۔ (۳۴) فرزند نرینہ جس کی قسمت میں بہت سے حادثے لکھے ہیں۔ (۳۵) ان کی قسمت ایسی ہی ہے جیسی تمہاری۔ (۳۶) تمہاری قسمت سے تو معلوم ہوتا ہے کہ نہیں ہونے کا۔

(۳۷) مریخ آمادہ خرابی ہے اور تمہاری سب امیدیں بیکار معلوم ہوتی ہیں۔

(۳۸) جس طرح سورج کے سامنے تمام اوس غائب ہو جاتی ہے اسی طرح وہ تم سے مغلوب ہوں گے۔ (۳۹) اپنے معشوق اور سفر خشکی یا تری کے دھیان میں ہے۔

(۴۰) ابھی قسمت سے یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ سرے سے تمہاری شادی بھی ہوگی۔

(۴۱) زوجہ اور اس پر دسوں انگلیاں دسوں چراغ اور کیا چاہتے ہیں۔ (۴۲) ناحق کی بدگمانی کرنی حماقت ہے۔ (۴۳) خود عشق تمہارا طرفدار ہے۔ اور معشوق کو وصل کا انتظار ہے۔ (۴۴) جوانی میں شادی نہ کرنا۔

(۴۵) تیری خوبی پہ وہ عاشق ہے بیگم کہ تو ہے نازنین مسرور بے غم۔

(۴۶) ایسے ہری جگ نہ بنیئے۔

(۴۷) شادی ہی ہوگی شاید کچھ دن اور منگنی رہے۔ (۴۸) تمہاری ساری عمر دشمنوں کے ساتھ تلخ رہے گی پھر بڑھ کر جینا کیا معنی۔ (۴۹) تیسرا، دسواں، تیئیسواں، اکیسواں اور چالیسواں سال۔

(۵۰) کئی دفعہ خطرہ بھی ہوگا مگر عموماً خوش قسمت رہے گا۔ (۵۱) تمہاری قسمت خود بے چین ہے اور ایک جگہ جمنے ہی نہیں دے گی۔ (۵۲) ایک مختصر سا سفر۔ ایک جھگڑا اور ایک خوش آئند دوستی بہم پہنچے گی۔

(۵۳) نہیں خبردار رہنا۔ (۵۴) یا تو دھات کا یا پیداوار اراضی کا۔

(۵۵) پنتالیسویں برس کسی غیر آدمی کے مرنے پر بڑا مال ہبہ سے ملے گا۔

(۵۶) زندہ ہے مگر بڑی مصیبت میں گرفتار ہے۔ (۵۷) قسمت کا بیان ہے کہ اچھا ہے۔ (۵۸) کسی درخواست کا کسی خوف کا اور کسی ناگہانی خوشی کا۔ (۵۹) پیدائش کے وقت جو برج طریق الشمس میں تھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پاؤ گے۔ (۶۰) بے کھٹکے شروع کر دو کامیابی تمہاری چٹکی میں ہے۔ (۶۱) جو کچھ خریدو سوچ سمجھ کر خریدنا۔ (۶۲) پت جھڑ کے ساتھ غم و اندوہ۔ (۶۳) آجکل تو ستارہ منحوس کا دور دورہ ہے۔ (۶۴) جوانی، چالیس و پچاس برس کے درمیان۔

Scanned by CamScanner

(۱) تیئسواں اور پینتسواں۔ (۲) جس شخص پر زحل حاوی ہو وہ دولت کی امید کیا رکھ سکتا ہے۔ (۳) گر پڑے گا اور خوب چوٹ کھائے گا۔ (۴) ساری عمر بیماریوں سے پُر ہے اور بڑھاپا بچپن کے موافق ہوگا۔ (۵) تھوڑی سی رہ گئی ہے اب عبادت میں مصروف ہو جاؤ۔ (۶) بارانِ رحمت سے زمین سیراب ہو جائے گی۔ (۷) جنگ سطح زمین کو تہ و بالا کردے گی۔ (۸) وقت خود قیمتی چیز ہے ایسی چیز کی تلاش میں اسے ناحق کھوتے ہو۔ (۹) بلاشک جیتو گے۔ (۱۰) فتح بھی اس کی حامی ہے جس کی حمایت پر تم ہو۔ (۱۱) اے بندۂ فانی جا ستارے سعد تیری امداد میں ہیں۔ (۱۲) نہ جانہ جا۔ یہ تو ہوس تجھ کو آمادہ کرتی ہے۔ (۱۳) جھوٹ ہے فریب ہے۔ (۱۴) اُمید تو ہے ذرا دل لگا کر ڈھونڈنا۔ (۱۵) چوری ہوگئیں۔ (۱۶) ہاں کبھی نہ کبھی مگر جلدی نہیں۔ (۱۷) گریہ و خبرد۔ (۱۸) یہاں تک تو صحیح ہیں کہ کچھ خفیہ دشمن لگے ہوئے ہیں۔ (۱۹) شراب نہ پینا ورنہ پھر روؤ گے۔ (۲۰) نئی نئی دوستیاں پیدا کرنے کے لیے تو یہ سال عجیب و غریب ہے۔ (۲۱) سمندر منہ پھیلائے بیٹھا ہے بہتر ے نگل لیے تمہیں بھی نگلنا چاہتا ہے۔ (۲۲) اگر جاؤ گے تو رنجیدہ ہو کر پھرو گے۔ (۲۳) یہ بات تو بہت مشکوک ہے۔

(۲۴) ہر مہینہ کا پہلا اتوار قابلِ اجتناب ہے اور اٹھارویں بہت اچھی ہے۔ (۲۵) میانہ قد سانولے آدمی سے تمہیں طعن و تشنیع ملیں گے۔ (۲۶) اتنے ہیں کہ تمہیں چین بھی نہیں لینے دیں گے۔ (۲۷) پائے گا مگر ابھی نہیں۔ (۲۸) ہوشیار رہنا ان پر بھروسہ نہ کرنا۔ (۲۹) کھیل تمہیں کھوئے گا اگر تم اس میں لگے رہے۔ (۳۰) اب کے تو وہی گھڑا جیتے گا جس کے جیتنے کی سب سے کم امید ہے۔ (۳۱) تمہیں اس میں دھوکا ملے گا۔ (۳۲) اس کے بستر سے صحت مفرور ہو جائے گی۔ (۳۳) سستی اعصاب اور رنج۔ (۳۴) بہت بڑی کامیابی نظر آتی ہے۔ (۳۵) ہے تو نرینہ مگر زندہ نہیں رہے گا۔ (۳۶) جو علامت تم نے پسند کی ہے اس سے بہت ہی خوش قسمتی ظاہر ہے۔ (۳۷) لیکن ایسے بہت کم ہیں جو جوانی سے بڑھیں۔ (۳۸) وہ کہیں دور سمندر میں ہے خبر مشکوک ہے۔ (۳۹) حسن۔ عقل اور خوبیاں ایسی چیز ہی نہیں کہ جن کے حریف نہ ہوں۔ (۴۰) گاڑیوں کا۔ جانوروں کا۔ روپیہ کا اور بڑے بڑے کاموں کا۔ (۴۱) خوبصورت کرنجی آنکھوں اور ہلکے بالوں والا کہیں دور کا باشندہ۔ (۴۲) مالدار حسین مگر ذرا مزاج کی چڑچڑی۔ (۴۳) تمہارے خیالات خام ہیں وہ پورا اور وفادار ہے۔ خوشی کی بات ہے۔

(۴۴) تمہاری سچی محبت کے راستہ میں ہمیشہ کانٹے ہی رہے۔ (۴۵) تم جیسے ہو ویسے ہی رہو تو اچھا ہے یعنی کنوارے۔ (۴۶) نہیں تقدیر انکار کرتی ہے۔ (۴۷) باز آؤ وہ عورت تمہاری تقدیر میں نہیں ہے۔ (۴۸) تمہارے جنم پترے سے یہ حال نہیں کھلتا۔ (۴۹) موجودہ دشمنوں سے تو بیشک سائل زیادہ زندہ رہے گا۔ (۵۰) تینتیس اور انچاس کے بیچ میں شاید یہ قیام نصیب ہو۔ (۵۱) یہ تو تمہاری قسمت میں نہیں معلوم ہوتا۔ (۵۲) ہے خشکی کا بھی تری کا بھی۔ (۵۳) سفر۔ خواہشوں میں بدنصیبی اور بیماری پیش آئے گی۔ (۵۴) جو نحوست آنے والی ہے وہی آج بہتری ہے۔ (۵۵) پرانی اشیا کا لین دین کرے۔ (۵۶) اپنی خواہش کے موافق تو کبھی نہیں پائے گا۔ (۵۷) زندہ ہے اور خیال بھی واپس آنے کا کر رہا ہے۔ (۵۸) ہاں بہت سوں کے لیے ہے مگر ایک مرجائے گا۔ (۵۹) ایک ایسی چیز کا ہے جس کا لوگ یقین نہیں کرتے اور پوشیدہ عجائبات کا ہے۔ (۶۰) ستارہ ولادت سے یہی کھلتا ہے۔ خوش ہو جاؤ۔ (۶۱) اس کی خواہش بے سود ہے۔ (۶۲) بہتر ہے کہ خریدو فروخت سے باز آئے۔ (۶۳) گرمی میں اقبال مندی اور خزاں میں سفر۔ (۶۴) دشمن چاروں طرف سے احاطہ کئے ہوئے ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) بڑے بڑے حادثات واقع ہونے والے ہیں۔ (۲) چالیس اور اڑتالیس کے بیچ بیچ۔ (۳) بیشک تمہاری تقدیر میں تھوڑے ہی عرصہ کے بعد بہت دولت وثروت معلوم ہوتی ہے۔ (۴) گرے گا چوٹ کھائے گا اور کچھ صدمہ پہنچے گا یا ضرب شدید آئے گی۔ (۵) اٹھائیس سے تینتیس اور بائیس سے چوبیس تک کچھ کچھ بیماری رہے گی۔ (۶) تمہیں دنیا میں بہت مدت تک زندہ رہنا ہے دیکھو بے اعتدالی نہ کرنا۔ (۷) پانی تو کچھ پڑے گا مگر پھر بھی خشکی رہے گی۔ (۸) اب کے سال بہت بڑی موت ہو گی۔ (۹) اگر تمہارا گمان بالکل صحیح ہے تو ضرور ہے۔ (۱۰) خوشی ہونے والی ہے تم مقدمہ جیت لوگے۔ (۱۱) یہ ضروری نہیں کہ ہمیشہ تیز رو ہی بازی جیتے۔ (۱۲) بذریعہ کسی حسین منصب دار کے یہ مراد ملے گی۔ (۱۳) زائر کی قبر تیار کرو وہ مرنے والا ہی ہے (۱۴) بہت کچھ سچ ہے۔ (۱۵) نہیں۔ (۱۶) کہیں پوشیدہ جگہ میں ہیں۔ (۱۷) چور سزا پائے گا۔ (۱۸) ملاقاتیں۔ عیش۔ اتبا اور برائی مقاصد۔ (۱۹) بالکل باطل۔

(۲۰) کوئی ایسی بات نہیں ہے جو تمہارے لیے مانع ہو۔ (۲۱) افسوس دشمن ہی زیادہ غالب ہے۔ (۲۲) اگر ہو سکے تو جانے سے باز رہو۔

(۲۳) حادثے بھی پیش آئیں گے اور نقصان بھی سہو گے۔ (۲۴) دوست دھوکہ باز ہے۔ (۲۵) دوسری، چھٹی بارہویں نحس، سولہویں اکیسویں سعد۔ (۲۶) وہی ہیں جو گھڑی گھڑی میاں سے ملتے ہیں۔ (۲۷) ہیں تو بہتیرے مگر تمہارا کچھ نہیں کر سکتے۔ (۲۸) تھوڑے ہی دن میں پائے گا۔ (۲۹) مخالفت و فریب سے خطرہ میں ہو۔ (۳۰) مت کھیلو تم نصیب والے نہیں ہو۔ (۳۱) ہارے گا۔ (۳۲) کیسا جیتنا۔ دھیان بھی اسکا مت کرو۔ (۳۳) قبر اپنے شکار کو نگل لے گی۔

(۳۴) حرارت وصفرا کی دائمی بیماریاں بخار اور ضیق النفس۔ (۳۵) بھیجنے والے کی قسمت زبردست ہے۔

(۳۶) حسین وشکیل بیٹا۔ (۳۷) یہی حکم ہے کہ وہ تیرے لئے باعثِ برکت و عظمت ہوں۔ (۳۸) کنبہ کا کنبہ قسمت میں لکھا ہے۔ (۳۹) خبر بد ہے۔ عرصہ قلیل میں اشکباری کروگے۔ (۴۰) ہاں ہوں گے اچھی طرح سمجھ لو۔ (۴۱) عشق کا۔ حسد کا۔ اور ایک تماشہ مصیبت کا۔ (۴۲) کالا بھجنگ۔ (۴۳) ایک بیوہ عورت جو تمہیں انگلیوں پر نچائے گی۔ (۴۴) ایسا ہی بیوفا ہے جیسے تم ہو۔

(۴۵) تمہاری قسمت میں رنج وغم، اور عیش کی ساری کھکھیڑ ہے۔ (۴۶) تقدیر میں نہیں ہے۔ (۴۷) ابھی نہیں۔ (۴۸) عورت کے پھندوں میں پھنسنے کی کوشش نہ کرو۔ (۴۹) غالباً یہی معلوم ہوتا ہے۔ (۵۰) تمہارے سامنے سے خاک کی طرح اڑ جائیں گے۔ (۵۱) جوانی اور ادھیڑ عمر کے بیچ میں بہت سا سفر پیش آئے گا۔ (۵۲) ستارہ تو بہت ہی موافق ہے۔ (۵۳) علامت تو انکار کرتی ہے۔ (۵۴) دشمنوں سے بچے رہنا سیاہ رنگ آدمی خیر خواہ نہیں ہیں۔ (۵۵) کوئی چیز پھلنے پھولنے کی نہیں۔ (۵۶) بھاری بھاری چیزوں یا دھات کا لین دین۔ (۵۷) مردوں کا مال تمہاری تقدیر میں ہے۔ (۵۸) کسی دور دراز ملک میں آوارہ گردی میں ہے۔ (۵۹) خوش نصیبی اور عیش وعشرت ان کی تقدیر میں ہے۔ (۶۰) مشکلات پر قابو آنے کا اور ایک عورت کا۔ (۶۱) ہاں مگر حسبِ خواہش نہیں۔ (۶۲) اپنی بدقسمتی کی آزمائش کیوں کرتے ہو۔ (۶۳) ابھی تو نہیں مگر کچھ عرصہ بعد۔ (۶۴) سائل کو ایک عرصہ کے لیے عورتیں یا کچھ اور عیش فقیر بنا دے گا۔

Scanned by CamScanner

(۱) تمہیں سفر پیش آئے گا۔ مکان بدل لو گے اور پانی کے پار جاؤ گے۔
(۲) تمہاری اصلی اور موجودہ تقدیر رنگا رنگ کی ہے۔ (۳) چوالیسواں، پینتالیسواں اور پچپنواں برس۔ (۴) تم تو پوتڑوں کے امیر ہو۔ (۵) گرنے سے تو ضرب کھاؤ گے اور جانور بھی کاٹیں گے۔ (۶) جوانی اور ادھیڑ عمر میں تندرستی چالیس سے پچاس تک بیماری۔ (۷) یہ علامت تو گنتی کے برس بتاتی ہے یاد رکھو۔ (۸) طوفان ابر و باراں اور آندھی آنے والی۔ (۹) مریخ اور اس کی منحوس تاثیر سے امسال لڑائی ہوتی دکھائی دیتی ہے۔ (۱۰) بیشک ہے اور تمہارا وہیں ڈھونڈنا بھی ٹھیک ہے۔
(۱۱) حاکم تمہارا ہی طرف دار بنے گا۔
(۱۲) منحوس سیاہ رنگ غالب آئے گا۔
(۱۳) تمہارا ستارہ حال ہی میں دھند لا گیا۔ (۱۴) راستہ میں کسی بے رحم مالک کا غلام بن جائے گا۔ (۱۵) خبر یہ غلط ہے غلط ہے سراسر۔ جھوٹ اور فریب اس میں ہے برابر۔ (۱۶) نہیں ہرگز نہیں۔
(۱۷) یہ ایک عورت کی شرارت ہے۔
(۱۸) چور دریا پار اُتر گیا۔ (۱۹) بہت سے دوست خوشی۔ عیش و نشاط مگر روپیہ نہیں۔
(۲۰) ہر وہم کو دل میں جگہ نہ دو اور طبیعت کو پریشان مت کرو۔ (۲۱) وہاں جھگڑا ہوگا اور ناخوشی پھیلے گی۔ (۲۲) دشمن پیدا ہوں گے اور دوست ناپید۔
(۲۳) خطر کا ڈر ہے۔ (۲۴) اس سال کوئی سفر نہ کرنا۔ (۲۵) جو علامت تم نے پسند کی ہے اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ صادق ہے۔ (۲۶) اس کے جمعے سب منحوس ہیں اور چہار شنبے سعد باقی سب مساوی۔ (۲۷) سرخ رنگ غصیلہ اور زبان آور۔ (۲۸) تیری لیاقت سے بہت سے پیدا ہو جائیں گے۔ (۲۹) قریبی صلاح کاروں نے اسے قید کرایا ہے۔ (۳۰) اس سے زیادہ تو تم خطرہ میں پڑے بھی نہیں۔
(۳۱) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ نہیں۔ (۳۲) یا تو سفید گھوڑا جیتا۔ یا وہ جو سب سے زیادہ سفید ہے۔
(۳۳) جنوب کو منہ کر کے کھیلو تو جیت جاؤ گے۔ (۳۴) بیماری ناحق تم پر غلبہ کرنا چاہتی ہے تم صحت پاؤ گے۔
(۳۵) شراب خوری اور تماش بینی سے بہت پوشیدہ بیماریاں ہو جائیں گی۔
(۳۶) بھیج دو اب پہنچا۔
(۳۷) خوبصورت لڑکی (۳۸) خاصے نصیب والے ہیں۔ (۳۹) بہتیرے ہوں گے۔ (۴۰) وقت آناً فاناً گذر جائے گا اور تمہاری مراد بر آئے گی۔
(۴۱) تم اُن سے بچنے کا خیال ہی کیوں کرتے ہو۔ (۴۲) خوف خطر کا ایک دِقت طلب کام کا۔
(۴۳) رنگ تو سانولا ہوگا مگر نقشہ بہت اچھا ہے۔ (۴۴) کل اعضا موزوں اور آنکھیں سیاہ۔ (۴۵) یہ رشک ہے جو تم سے ایسا سوال پچھواتا ہے۔ (۴۶) عشق ہے ٹیڑھی کھیر۔ (۴۷) اُس میں ایک منحوس ستارہ آ اڑا۔ (۴۸) اُس کی جورو تو اور ہی عورت ہو گی۔ (۴۹) اگر خواہش ہے تو جلدی کرو۔ (۵۰) ضرور بہ ضرور ہوگی علامت سے نمایاں ہے۔
(۵۱) بروج مخالف سے ظاہر ہوتا ہے کہ دشمن پیچھے تک رہیں گے۔
(۵۲) جوانی میں اور اکتیسویں برس میں۔ (۵۳) نہیں۔ (۵۴) ہاں ہے اور بہت سے انقلابات بھی۔
(۵۵) ایک مصیبت آنے والی ہے اپنے خیالات کو اور اپنے روپیہ کو پوشیدہ رکھو۔
(۵۶) نہیں علامات مخالف ہیں۔
(۵۷) علوم دین۔ ۵۸۔ علامت سے تو بہت ہی دولت نظر آتی ہے۔
(۵۹) امید ہے کہ واپس نہ آئے۔
(۶۰) تمہارے دوست شاد بامراد ہوں گے۔ (۶۱) غم کا خیال ہے جائیداد کی امید کا کسی امر مشکل کا اور روپیہ کا۔
(۶۲) اس میں تو بہت سی دقتیں ہیں۔
(۶۳) اگر نفع چاہتے ہو تو ہرگز نہیں۔
(۶۴) فقط بڑھاپے میں۔

Scanned by CamScanner

(۱) اُس میں تمہاری تقدیر اکثر بدلتی رہے گی۔ (۲) تمہیں سفر پیش آئے گا اور ایک رشتہ دار کی موت ہوگی۔

(۳) تقدیر کا ستارہ گردش میں ہے اور خوش نصیبی خود تم سے گریزاں ہے۔

(۴) تینتیسویں ۳۳ برس کے بعد تک رنج وفکر رہے گا۔ (۵) تمہاری تقدیر میں تغیرات وتبدیلات بہت ہی کچھ ہیں۔

(۶) اکتیسویں ۳۱ برس تم ڈوبتے ڈوبتے بچو گے۔ (۷) اڑتیس ۳۸ سے تنتالیس ۴۳ تک متواتر امراض سے گھرے رہو گے۔ (۸) چرخ گرداں سے بڑھاپا ہی نہیں آتا معلوم ہوتا۔ (۹) جب بدر ہوگا تو اُس کے اثر سے مینہ آئے گا۔ بلکہ جھڑی لگے گی۔ (۱۰) پھیلے گا قتل عام اماں کو زوال ہے۔ (۱۱) اندھیرے میں پوشیدہ ہے اور تمہاری تقدیر کا نہیں ہے۔

(۱۲) بے کھٹکے رہو جیتو پر جیتو۔

(۱۳) کالے بالوں والا ہارے گا۔

(۱۴) شاید کوئی ہو مگر شاہوں کی مہربانی بے بنیاد ہوتی ہے۔ (۱۵) پھٹے پرانے حال تو جاتا ہے اس دھن میں جان سے ہاتھ دھوئے گا۔ (۱۶) جھوٹی۔ غلط بے بنیاد خرافات واہیات۔

(۱۷) قریب بہ ناممکن۔ (۱۸) غفلت کے سبب کھو گئی ہیں۔ (۱۹) چور پہنچا سمندر کے پار۔

(۲۰) اخبار اموات تجہیز وتکفین وتدفین۔

(۲۱) تمہارا جنم پترا صاف نہیں۔

(۲۲) وہاں شرابیں اُڑیں گی اور پھر مجلس عشرت گرم ہوگی۔ (۲۳) ایک اعلیٰ درجہ کے آدمی سے عمدہ دوستی ہوگی۔

(۲۴) مچھلی کی دم سے بچتے رہنا اندیشہ ہے۔ (۲۵) ہاں۔ ہاں اور ہوگا بھی لطف انگیز۔ (۲۶) ہاں تمہاری تقدیر کی علامت اس امر کی تصدیق کرتی ہے۔

(۲۷) فقط تیرھویں تاریخ اور روزِ جمعہ سے بچتے رہو۔ (۲۸) پستہ قد۔ سرخ رنگ۔ (۲۹) بہت سے ہیں اور بڑے حاسد۔ (۳۰) اس کے برخلاف ہی امید رکھو۔ (۳۱) بیشک ہے بیشک ہے۔

(۳۲) اپنی قسمت مٹی میں آزما اپنے ہاتھ پر بھروسہ مت کر۔ (۳۳) وہ گھوڑا جو سب سے دبلا ہے جیت لے گا۔

(۳۴) ستارہ اور علامت ہیں تو دونوں تمہارے موافق۔ (۳۵) بیماری سے صحت ضرور پائے گا۔ (۳۶) امراض سر ومعدہ۔ (۳۷) اس پر تو اور الٹا عتاب ہوگا۔ (۳۸) بیٹا۔ (۳۹) اگر تم سچے دل سے پوچھتے ہو تو وہ ہوں گے۔

(۴۰) غالباً نہیں۔ (۴۱) علامت سے خوشی آتی معلوم ہوتی ہے۔

(۴۲) دوست مکار اور دغاباز ہیں۔

(۴۳) جہازوں کا ایک شخص غائب کی واپسی کا اور عشق کا۔ (۴۴) دراز قد۔ حسین اور کرنجی آنکھوں والا۔

(۴۵) خوبصورت شکل مگر امیر نہیں۔

(۴۶) سچا بھی ہے اور تنک مزاج بھی یعنی متحمل رقیب نہیں۔ (۴۷) کامیابی معلوم۔ (۴۸) علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ نہیں۔ (۴۹) ہاں لو۔ اسی سال شادی کرنا۔ (۵۰) وہ تو تمہاری ہو چکی ہے۔ (۵۱) تمہارا زائچہ خود کہے دیتا ہے کہ ہوگی۔ (۵۲) وہی تم سے بڑھ کر زندہ رہیں گے۔ (۵۳) چالیس سے پہلے تو تمہاری تقدیر میں سفر ہے نہیں۔

(۵۴) سفر بہت ہی کم پیش آئیں گے اور وہی بہت ہی تھکائیں گے۔

(۵۵) نہ تو دراز۔ نہ اکثر۔

(۵۶) دشمنوں سے اور تکالیف سے خطر ہے۔ (۵۷) ستارہ خوش نصیبی کا ہے تو غالب۔ (۵۸) اشیاء قیمتی کی خرید و فروخت۔ (۵۹) چوالیسویں برس ملے گا۔ (۶۰) زندہ ہے اور ایک معمور شہر میں رہتا ہے۔ (۶۱) ازاں جملہ بہت سے بدنصیب ہیں۔ (۶۲) عورتوں کا خیال ہے۔ عشق کا اور خواہشات نفسانی کا۔ (۶۳) پائے گا۔ بشرطیکہ روپیہ کا ذکر ہو۔ (۶۴) اس سے کہہ دو کہ فی الحال تو ملتوی کر دے۔

Scanned by CamScanner

(۱) یہ کام اسے ذرا اچھی طرح آزما لینے دو۔ (۲) ہاں بہ اعتبار اکثر امور رات کے پچھلے پہر لے گا۔ (۳) وہ سمندر یا دریا کے پار جائے گا یا سفر بحری و بری کرے گا۔ (۴) مصیبتوں کی جھیل اور بدقسمتی کی دلدل میں دھنسا ہوا ہے۔ (۵) پچاس کے بعد کے۔ (۶) ایک منحوس ستارہ اب بھی چڑھا ہوا ہے۔ (۷) رینگنے والے جانور کاٹیں گے ڈنگ ماریں گے چوٹ کھائے گا۔ (۸) بائیسویں اٹھائیسویں، اکتالیسویں برس بیماری بڑھاپے میں تندرستی۔ (۹) تمارا طالع شمس ہے اور بیشک تم بڑی عمر پاؤ گے۔ (۱۰) خشک ہوا چلتی رہے گی اور ایک بوند تک نہیں برسے گا۔ (۱۱) وزراء و اُمرا میں مباحثے و مجادلے ہوں گے۔ (۱۲) سونا بھی ہے اور چاندی بھی۔ (۱۳) حریف کامیاب ہو گا۔ (۱۴) جو تیز ہتھیاروں یا تیروں سے لڑے گا جیتے گا۔ (۱۵) اپنی تقدیر کو نہ آزماؤ۔ (۱۶) سائل کو راستہ میں مینار، قلعے وغیرہ ملیں گے۔ (۱۷) خبر ٹھیک ٹھیک ہے۔ (۱۸) اپنی منزل کے نیچے تلاش کرو۔ (۱۹) چوری ہو گئی ہیں اور ایک عورت نے چرالی ہیں۔

(۲۰) چور حد سے زیادہ مکار ہے۔ (۲۱) مصیبت اور غم، چاہیے کہ خبردار رہو۔ (۲۲) لوگ جو تم سے بڑھیا ہیں تم سے سخت دشمنی کر رہے ہیں۔ (۲۳) تمہاری لیاقت کے سبب وہاں بہت سے غماز پیدا ہو گے ہیں۔ (۲۴) دوست اور دشمن جلد جلد پیدا ہوں گے۔ (۲۵) جس سے تمہیں نفرت ہے اس سے جھگڑا ہونے والا ہے۔ (۲۶) جلد جلد سفر کرو۔ (۲۷) فی الحال تو ہے۔ (۲۸) ہر روز محنت کئے جاؤ۔ (۲۹) خوبصورت اور خواص عطار در کھنے والا۔ (۳۰) ان سے بڑھ کر مکار اور جھوٹے دوست کبھی ہوئے ہی نہیں۔ (۳۱) اغلب ہے کہ وہ وہیں رہے گا۔ (۳۲) تمہارا خطرہ تو ظاہر ہی ہے۔ (۳۳) کھیل برا ہوا اور تمہیں بھاگنا پڑے گا۔ (۳۴) نہ گھوڑا جیتے گا نہ سوار۔ (۳۵) نہیں کسی میں بھی نہیں۔ (۳۶) تندرست ہو جائے گا۔ (۳۷) امراض سر و جنب و اعضاء۔ (۳۸) بہت ہی خفگی سے لیا بھی جائیگا۔ (۳۹) بیٹا اور بڑا بہادر۔ (۴۰) دنیا میں پاپڑ بیلنے کو پیدا ہوں گے۔ (۴۱) بہت سے جھگڑا بھر (۴۲) تھوڑے دنوں میں وہ خود ہی تم سے ملنے آتا ہے۔

(۴۳) خوش رہو بے فکر رہو بہت ہی کم ہیں۔ (۴۴) عیش و عشرت کا دعوت کا اور عشق کا۔ (۴۵) سیاہ رنگ اور سادہ صورت۔ (۴۶) حاسد اور جلم جلی۔ (۴۷) وہ تو تمہاری صحبت کا مشتاق ہے۔ (۴۸) خطرناک و پر خار ہے راہ عشق۔ (۴۹) اس معاملہ میں تمہاری قسمت بھدی ہے۔ (۵۰) تمہارا ستارہ موافق ہے۔ (۵۱) عرصہ قلیل میں زہرہ خود تمہاری موافقت کرے گا۔ (۵۲) اگر بائیس سال سے بڑھ گئی ہو تو ہو جائے گی۔ (۵۳) تقدیر حامی نہیں بھرتی۔ (۵۴) بعد پچیس کے اور تیس کے درمیان۔ (۵۵) خطرہ جان ہے۔ (۵۶) شاید ہی۔ (۵۷) ایک تھیلی روپوں کی ہاتھ آئے گی۔ (۵۸) جو کچھ ہو سکے کرو۔ دن بھاگوان ہے۔ (۵۹) جانوروں کی سوداگری۔ (۶۰) پچھلی عمر میں ملے گا۔ (۶۱) ہے تو زندہ مگر سخت رنج میں ہے۔ (۶۲) نہیں۔ (۶۳) اس کے خیالات میں بے اختیاری پائی جاتی ہے۔ (۶۴) قسمت ان کے موافق نہیں ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) چاہیے کہ دلیر ہو کر اپنا کام شروع کر دے۔ (۲) بہ مشکل۔ (۳) مائعات میں اور چھوٹی چھوٹی چیزوں میں۔
(۴) کچھ تغیر و تبدل یا سفر بحری۔
(۵) تھیلی خالی ہے۔ (۶) اس کی عمر عموماً تیس کے بعد۔ (۷) افسوس اس کا ستارہ موافقت نہیں کرتا۔ (۸) موت بُری آئے گی۔ (۹) اس کا بدن زندگی بھر بسبب کمزوری کے علیل رہے گا۔
(۱۰) ستارہ غالب سے عمر تو دراز معلوم ہوتی ہے۔ (۱۱) جاڑے میں پالا۔ گرمی میں مینہ بہار میں آندھیاں خزاں میں اناج۔ (۱۲) امن رہے گا بشرطیکہ گہن نہ ہو۔ (۱۳) یہ جو کہتے ہیں کہ وہاں ہے بالکل جھوٹے اور دغاباز ہیں۔
(۱۴) علامت اُس کے موافق ہے۔
(۱۵) جو لڑائی شروع کرے گا وہی سب سے زیادہ زبردست ہے۔
(۱۶) خوف و خطر اس امر کا مانع ہے۔
(۱۷) اسے چاہیے کہ ظالم امیر کے محل سے گریز کرے۔ (۱۸) بالکل سچ ہے ذرا اندیشہ نہ کرو۔ (۱۹) اگر کوشش ٹھیک ٹھیک کی جائے۔ (۲۰) چوری ہو گئی یا یوں سمجھو کہ ہاتھ تو آنے کی نہیں۔
(۲۱) چوری عورت کے ہاتھ سے ہوئی ہے اور اسی طرح دکھائی دیتی ہے۔
(۲۲) چغلخوری اور تہمت خوف اور پریشانی۔ (۲۳) دوست کا کمینہ پن موجب آزار ہوگا۔ (۲۴) وہاں تمہیں دوست ملیں گے۔ (۲۵) علم یا ہنر میں کوئی معزز دوست۔ (۲۶) ہوا موافق ہوگی اور بادبان بھرے اور سفر با مراد۔ (۲۷) جاؤ امن و امان ہے چین چان ہے۔ (۲۸) بیشک ایسے کی دوستی فی الواقع غنیمت ہے۔ (۲۹) منگل منگل سب منحوس ہیں۔ (۳۰) طاقتور۔ مقلے اور گورے۔ (۳۱) بھورے بالوں والے دوستوں سے بچتے رہنا۔
(۳۲) اگر تم صاف دل سے پوچھتے ہو تو نہیں۔ (۳۳) ان سے مت ڈرو۔
(۳۴) نہ بُوا نہ اتفاق تمہیں کسی سے بھی کچھ ترقی نہیں ملے گی۔ (۳۵) یا تو سیاہی مائل سُرخ گھوڑا۔ یا سب سے ہلکے رنگ کا جیت لے گا۔ (۳۶) اس فریب نفس سے اب تو باز آؤ۔
(۳۷) رشتہ حیات قطع ہونے ہی کو ہے۔
(۳۸) امراضِ دموی و پیچش۔
(۳۹) پھر کسی دن بھیج دینا۔
(۴۰) فرزند نرینہ (۴۱) طالع و ستارے ان کے معاون ہیں۔ (۴۲) سائل کو چاہیے کہ ان کی خواہش نہ کرے۔
(۴۳) اسد اسے بھجوائے گا۔
(۴۴) بہت ہیں اور اکثر مقامات میں ہیں۔ (۴۵) تیز قدمی کا۔ اور ایک ایسے شخص کا جس کے وہ بڑے عاشق ہیں۔
(۴۶) طرحدار و خوش گفتار۔
(۴۷) خوبصورت مگر سیاہ فام۔
(۴۸) جو جب تھا سو اب ہے وفادار تھا وفادار ہے اور وفادار رہیگا۔ (۴۹) ابھی کیا ہے تمہیں خبر نہیں کتنی دفعہ عشق و محبت تبدیل کرو گے۔ (۵۰) ہاں مگر خوشی بہت نہیں ہونے کی۔ (۵۱) ہاں ہوگی جہاں تک ہو سکے اسے دامِ الفت میں پھنساؤ۔ (۵۲) دل سے وہ تمہاری ہو چکی ہے۔ (۵۳) سال آئندہ کے اندر اندر۔ (۵۴) بدترین دشمنوں میں سے ایک تو جلدی مر جائے گا۔
(۵۵) سینتیسویں سال تک تو سفر کرتے نہیں آگے دیکھ لینا۔ (۵۶) نہیں نہ کوئی اور تبدیلی۔ (۵۷) تین دفعہ اور ہر دفعہ بامراد۔ (۵۸) تحفے تحائف یار احباب میل ملاپ۔ (۵۹) اختیار کرو۔ آزماؤ عمدہ ہے۔ (۶۰) جو وضعداری کے خلاف نہ ہو۔ (۶۱) ہاں کچھ قدرے قلیل۔ (۶۲) زندہ ہے کچھ اندیشہ ہے۔ (۶۳) بلکہ یوں کہو کہ نامبارک۔
(۶۴) کسی مشکل امر کا خفیہ پتہ لگانا۔ یا کوئی سازش۔

Scanned by CamScanner

(۱) کسی عجائب کا اور ایک دوست کے عیش ونشاط کے بڑھانے کا۔
(۲) علامات فی الحال تو اس کی مانع ہے۔
(۳) اس کا طالع دھندلا ہے اور اس سے دقتیں پیش آتی معلوم ہوتی ہیں۔
(۴) ہاں ہاں بسم اللہ کرے۔
(۵) بہت سے عجیب عجیب اتفاقات پیش آنے والے ہیں اور ایسے جن کی امید نہیں۔ (۶) خوش قسمتی اور بدقسمتی کے بین بین ہے۔
(۷) تنتالیس سے انچاس تک۔
(۸) تمہارا ستارہ ہی منحوس ہے۔
(۹) قید اور کیڑا کاٹنے کا خطرہ۔
(۱۰) بدن تو تمہارا مظبوط ہے مگر چالیس برس کے قریب موت کے منہ سے بچو گے۔ (۱۱) تم بہت ہی بوڑھے ہو قبر سے شادی کرو گے۔ (۱۲) علامت سے قحط نمایاں ہے۔ (۱۳) سال منحوس ہے۔
(۱۴) خزانہ ہے مگر تکلیف بھی از حد دے گا۔ (۱۵) ہاں مگر پسر بھی نقصان اٹھائے گا۔ (۱۶) دونوں بزدل ہیں۔
(۱۷) زتخت وزتاج وزشمشیر وتیر۔ مکن حزروامر رضا پیش گیر۔
(۱۸) اس زیارت کرنے میں طوق وزنجیر اور ملک وطن اس کے منتظر ہیں۔
(۱۹) اڑ گیا سچ ہے جھوٹ سرتاسر۔
(۲۰) کسی قدر تو ابھی تمہارے گھر میں ہے۔ (۲۱) کبھی کی چوری بھی ہو چکیں اور خرچ بھی آ چکیں۔ (۲۲) چور بھی سزا پائے گا۔ (۲۳) جھوٹی تہمت فریب اور دھوکا۔ (۲۴) سائل کو چاہیے کہ کسی سے نفرت نہ کرے۔
(۲۵) اس دعوت کے بعد لوگ بیمار ہوں گے۔ (۲۶) زبردست دوست۔
(۲۷) اس سفر میں طوفان آئے گا اور سب طرح خیر ہے۔ (۲۸) گھوڑے پر سوار نہ ہونا۔ (۲۹) خوشامدی ٹٹو ہے۔
(۳۰) پانچویں اور سترھویں مبارک ہو۔
(۳۱) کمینے لوگ۔ (۳۲) اتنے ہیں کہ تم خوش نہیں رہ سکتے۔
(۳۳) آزادی قریب ہے۔
(۳۴) کسی مہلک دشمن سے ڈرو۔
(۳۵)۔ جوئے پر بھروسہ مت کرو۔
(۳۶) اگر گھوڑا دوڑا تو جیتے گا۔
۳۷۔ قسمت تو کوسوں بھاگتی ہے۔
(۳۸) فریب المرگ ہو کر شفا پائے گا۔
(۳۹) ضعف اور بدخوابی۔
(۴۰) غصہ میں مت لکھنا۔
(۴۱) بیٹا۔ (۴۲) ستارہ گانِ اقبال سایہ فگن ہیں۔ (۴۳) بہت سے۔
(۴۴) تھوڑے ہی دن میں عجیب خبر آئے گی۔
(۴۵) بہت ہیں بہت ہیں۔
(۴۶) روپیہ کے اور ایک دلکش چیز کے حصول کے۔ (۴۷) لمبے قد کا دوہاجو۔
(۴۸) ایسا جیسے کبھی تم نے نہیں دیکھا۔
(۴۹) اوباش ہے اور اپنی بدمعاشی کے سبب حق پوشی کرتا ہے۔
(۵۰) بس بس اتنے پگھلے نہ جاؤ۔ موم کی ناک نہ بنو۔
(۵۱) فقط اس بات میں کہ تعلقات بڑھ جائیں گے۔ (۵۲) آزمائش سے بچو۔ (۵۳) اگر تمہارا جی چاہتا ہے تو چھٹ پٹ لو۔
(۵۴) شادی قریب نہیں ہے۔
(۵۵) کوئی نہیں تقدیر اجازت نہیں دیتی۔ (۵۶) پندرھویں اور تیسویں سال۔ (۵۷) نہیں بلکہ برعکس۔
(۵۸) علامات موافق سے امید تو پڑتی ہے۔ (۵۹) تمہاری تقدیر اچھی ہے یا تو کام ملے گا یا کوئی نئی دوستی ہو گی۔
(۶۰) ستارگان سعید زور پر ہیں۔
(۶۱) کپڑے کی تجارت۔
(۶۲) تقدیر میں معلوم نہیں ہوتا۔
(۶۳) زندہ ہے مگر ہے رنج میں۔
(۶۴) غالباً موت ہو گی یا رنج پیش آئے گا۔

Scanned by CamScanner

(۱) بہت سے تغیرات ان پر ہونے والے ہیں۔ (۲) عورت کا۔ حیوانات کا۔ مکانات کا اور سفرات کا۔
(۳) اکثر امور میں وہ کامیاب ہو۔
(۴) اس سے مشکل ظاہر ہوتی ہے۔
(۵) بہتر ہے کہ الگ رہے۔
(۶) سخت بیماری اور نقل مکان۔
(۷) علامات نا موافق مانع حصول حرام ہیں۔ (۸) پچیس۔ بتیس اور اکیاون۔ (۹) تقدیر کا ستارہ حکم لگاتا ہے کہ تمہیں پوری عیش وعشرت میسر ہو گی۔ (۱۰) آب و آتش سے خطرہ ہے۔ (۱۱) بڑھاپے میں بہت بیماری ہوگی۔ (۱۲) عمر بہت بڑی ہے۔
(۱۳) ابر و باراں وطوفان کا ہوگا۔
(۱۴) امن و امان ہے گا اور سب خوشیاں منائیں گے۔
(۱۵) کچھ بھی نہیں۔ (۱۶) بہت سے علامات مخالف ہیں۔ (۱۷) ایک بھی نہیں۔ (۱۸) ہو بھی تو ایک بیگم ہوگی
(۱۹) وہ عزت پائے گا اور بھیس بدل کر آئے گا۔ (۲۰) کچھ سچ ہے۔
(۲۱) نقصان پر نقصان کیوں کرتے ہو۔ (۲۲) اس علامت سے چوری نمایاں معلوم ہوتی ہے۔
(۲۳) فی الحال تو نہیں۔
(۲۴) عیش وطرب نغمہ وسرور خورد ونوش مہربانی اُمرا وزرا۔
(۲۵) اصل میں تو کچھ بھی نہیں۔
(۲۶) گھر میں رہو تو بہتر ہے۔
(۲۷) تین بڑے عمدہ دوست۔
(۲۸) جہاز میں موجزن سمندر پر صحیح و سالم جائے گا۔
(۲۹) جب علامت یہ ہے تو سفر نہ کرو۔ (۳۰) شگون موافق نہیں ہے
(۳۱) شنبہ شنبہ سعد ہیں۔
(۳۲) چھوٹے اور ذلیل لوگ۔
(۳۳) بہت سے حاسد دشمن۔
(۳۴) قسمت سے مدد ملے گی۔
(۳۵) سیاہ رنگ حاسدوں سے۔
(۳۶) خوش نصیبی اور نقصان دونوں ہی ہیں۔ (۳۷) گر کر زخمی ہو جائے گا۔ (۳۸) جوئے بازی اور تاش وغیرہ میں برائی ہے۔
(۳۹) حکیم بدل دینا چاہیے۔
(۴۰) بخار اور پھنسیاں۔
(۴۱) تقدیر میں ایسا معلوم ہوتا ہے۔
(۴۲) دختر۔ (۴۳) اگر جوان ہونے پر زندہ رہے۔
(۴۴) شاید ہی۔
(۴۵) عشق کو بھی تمہاری تقدیر پر افسوس ہے۔
(۴۶) سیاہ رنگ وسرخ فام لوگ۔
(۴۷) کتابوں کا گھوڑوں کا اور امور مشکلہ کا۔ (۴۸) ایسا شخص ہو گا جو سمندر پار سے آئے گا۔
(۴۹) حسن صورت و دولت والی۔
(۵۰) ہاں ایسا ہی معلوم ہوتا ہے۔
(۵۱) ذرا وقت اور تکلیف کے ساتھ۔
(۵۲) ابھی نہیں۔
(۵۳) یہ علامت ہی بری تم نے لی۔
(۵۴) تقدیر سے دقتیں پیش آئیں گی۔ (۵۵) نہیں۔
(۵۶) سیارے برے ہیں اور نتیجہ بار۔ (۵۷) سال تر پین میں بہت سا پھروگے۔ (۵۸) بہت ہی اچھا۔
(۵۹) طالع تو کہتا ہے۔
(۶۰) خبریں جن کی توقع نہیں ہے اور تحفہ اور ضیافت۔
(۶۱) یہاں علامات بد ہی ہیں۔
(۶۲) اپنی مرضی سے ایک بھی نہیں۔
(۶۳) بہت ہی کم۔
(۶۴) بہت دور ہے اور واپس بھی آتا ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) وہ کہیں دور دریا پار رہتا ہے۔
(۲) اس علامت سے ایک کی موت نظر آتی ہے۔ (۳) غم اور خواہش اور بے اعتباری۔ (۴) اگر حد سے زیادہ تمنا نہیں کرے گا تو پالے گا۔
(۵) کچھ بہت امید نہیں ہے۔
(۶) درجہ اوسط کی خوش نصیبی ہے۔
(۷) ایک نالش، چوری سے نقصان اور سفر۔ (۸) بدقسمتی پر چہار طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔ (۹)۔ اٹھائیس اور چھتیس کے درمیان۔
(۱۰) زروسیم بکثرت ہاتھ آئے گا۔
(۱۱) چھٹے برس تیز ہتھیار سے ہلکا سا زخم آئے گا۔ (۱۲) آٹھویں اور تیسویں برس بیمار بیچ کی عمر میں تندرست۔
(۱۳) اس علامت سے بڑھاپا آتا معلوم ہوتا ہے۔ (۱۴) مینہ آئے گا اور بہ شدت آئے گا۔ (۱۵) علامات جنگ اختیار کیے ہیں۔ (۱۶) ذرا بھی نہیں۔
(۱۷) اس سے کامیابی نظر آتی ہے۔
(۱۸) تمہارا ساتھی تمہارا بہادر ہارے گا۔ (۱۹) جھلے اور بد مزاج امیروں کے ہاں مت جاؤ۔
(۲۰) اُسے بہت بڑی مدارات پیش آئے گی۔ (۲۱) ذرا بھی اس کا یقین نہ کرو۔ (۲۲) ابھی نہیں لیکن بعد میں کی قدر مل جائے گا۔
(۲۳) کچھ چوری گئیں کچھ کھوئی گئیں۔ (۲۴) اُس میں ایک سے زیادہ چور ہیں۔ (۲۵) اہل و عیال بیمار ہوں گے۔ یا اور طرح تکلیف اٹھائیں گے۔ (۲۶) علامت کچھ نہیں کہتی۔ (۲۷) اگر جاؤ گے تو لطف اٹھاؤ گے۔ (۲۸) سال مبارک ہے جتنے ہو سکیں دوست تلاش کرو۔
(۲۹) بدریا ور مخاطر بیشمار است اگر خواہی سلامت در کنار است۔
(۳۰) چوروں سے بچتے رہنا۔
(۳۱) شگون دھوکا بازی کے۔
(۳۲) گیارھویں اور انتیسویں اختیار کرنا۔ (۳۳) زیادہ تر عورتیں ہیں۔
(۳۴) بہت ہیں احتیاط لازم ہے۔
(۳۵) ڈر بڑی جھوٹی گواہی ہے۔
(۳۶) تکلیف سے تمہارا ستارہ خالی ہے۔ (۳۷) دیکھو مت کھیلو ورنہ پشیمانی اٹھاؤ گے۔ (۳۸) اگر زخمی نہ ہوا تو اتنا اڑیل بن جائے گا کہ کامیابی معدوم۔ (۳۹) دھوکہ کھاؤ گے فریب میں آو گے۔ (۴۰) بیمار قریب المرگ ہے۔ (۴۱) امراض جگر و معدہ۔
(۴۲) کسی با اعتبار قاصد کو بھیجنا۔
(۴۳) حسین لڑکی۔ (۴۴) تقدیر اس کے برخلاف ہے۔
(۴۵) جب تک تمہیں نا امیدی نہ ہو جائے تب تک نہیں۔
(۴۶) اس علامت سے معشوق کا غرور اور تمہارا حرمان ضرور ہے۔
(۴۷) حریفوں کی کثرت ہے اس سے عیاں۔ (۴۸) رونے کے غم کے اور چھٹکارے کے۔
(۴۹) نازک بدن و خوش قامت۔
(۵۰) وجیہہ۔ حلیم و شریف۔
(۵۱) علامت یہ کہتی ہے ہرگز نہیں بھلا غم ہے اس سے بھی بڑھ کر کہیں۔
(۵۲) بڑی مصیبت کے بعد۔
(۵۳) اگر ناخوش نہیں ہے تو بدقسمت ضرور ہے۔ (۵۴) ہرگز نہیں۔
(۵۵) اس کی امید کچھ یونہی سی ہے۔
(۵۶) علامت ناموافق ہے۔
(۵۷) بیشک ان سب سے بڑھ کر جوئی الحال ہیں۔ (۵۸) چھٹے، انیسویں، بیسویں اور بیالیسویں برس۔
(۵۹) بلاشک علامت یہی کہتی ہے۔
(۶۰) ہاں خشکی بھی اور تری کا بھی۔
(۶۱) تمہیں بہت کچھ دقت اور تکلیف پیش آئے گی۔ (۶۲) سیارگان نحس کا عمل ہے۔ (۶۳) کارہائے متعلقہ تجہیز و تکفین یا ادویہ۔
(۶۴) ملے گا مگر کچھ بہت نہیں۔

Scanned by CamScanner

(۱) کئی دفعہ۔ (۲) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ زندہ ہے۔
(۳) بدقسمتی کا یقین غالب ہے۔
(۴) تیز چیزوں کا جانوروں کا اور ممالک دوردراز کا۔ (۵) اس سے بہت بڑا نقصان دکھائی دیتا ہے۔
(۶) کچھ یونہی سی امید ہے۔
(۷) جنگ میں یا جراحی میں وہ کرے۔
(۸) بڑی بھاری آفت۔
(۹) بدقسمتی چلی آرہی ہے ہوشیار ہو جاؤ۔
(۱۰) تینتالیس سے اکیاون تک۔
(۱۱) علامت اور سیارے سے دولت نظر آتی ہے اے حضرت سلامت۔
(۱۲) چوٹ کھائے گا یا پرانی عمارت گرنے میں دبے گا۔ (۱۳) وسط میں بیماری۔ (۱۴) دولت صحت نعمت قوت روزافزوں عمر دراز۔ (۱۵) جاڑا ہے تو کہر پڑیگا۔ (۱۶) دنیا کے جو بڑے بڑے لوگ ہیں ان میں بیماری پھیلے گی۔
(۱۷) ہاں ہے اور اگر وہاں نہ ملا تو اس کے قریب ضرور ہے۔ (۱۸) اگر ہوشیار رہا تو جیت لیا۔ (۱۹) وہی جسکا تمہیں خیال ہے۔ (۲۰) مہربانی شاہ وشہزادوں کی ہوگی آپ پر علامت کا بیاں ہے۔ صاحب من خوش سیر۔ (۲۱) بعد ہزار وقت پوری کرے گا۔
(۲۲) شک بڑا ہے اس میں پھر بھی چاہیے کرنا تلاش۔ (۲۳) بہت ہی مشکل معلوم ہوتی ہے۔ (۲۴) بلا شبہ چوری ہوگئی ہے۔ (۲۵) ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ پتہ لگ جائے گا مگر تمہارے ہاتھوں نہیں۔ (۲۶) کچھ خبریں اچانک پہنچیں گی کچھ پیغام جلد جلد آئیں گے اور ایک مہمان۔ (۲۷) پوچ و لچر۔
(۲۸) گویوں کے راگ سے عیش و عشرت دوچند ہوگا۔ (۲۹) دغا اور دقت۔ (۳۰) دیکھو خوفناک سمندر میں مت پڑو۔ (۳۱) اگر ہو سکے تو جانا موقوف رکھو۔ (۳۲) اس علامت سے تو مکار ثابت ہوتا ہے۔ (۳۳) پہلی اور تیئسویں نحس۔ پندرھویں اور انیسویں سعد۔ (۳۴) ہم سچ کہتے ہیں کہ بہت سے ہیں۔ (۳۵) سیاہ زبردست ہے اور بہت پیدا ہوگئے ہیں۔ (۳۶) ایک جھگڑا کھڑا ہوگا نفرت پھیلے گی اور بیچارہ دیر میں چھٹے گا۔ (۳۷) اس شگون سے جھگڑا ہوتا دکھائی دیتا ہے۔
(۳۸) امید بیکار ہے نفع کی کوئی صورت نہیں۔ (۳۹) اب کی دفعہ جو سب سے تیز قدم گھوڑا ہے وہ ہارے گا۔
(۴۰) کیوں کھیل کر اپنے سر پر بربادی لاتے ہو۔ (۴۱) اختر نیک نے بچالیا۔
(۴۲) سرسام۔ دورانِ ہذیان۔
(۴۳) جاتا ہی بدشگونی سے ہے۔
(۴۴) مادینہ اور خوبصورت۔
(۴۵) ان کے طالعوں کو کہاں نیک کا عمل ہے۔ (۴۶) تقدیر امید دلاتی ہے۔
(۴۷) کل تمہیں رنج ہوگا اور تم روؤ گے۔
(۴۸) بہت سے ہیں۔ حدواندازے سے بڑھ کے ہیں۔ (۴۹) عشق کے۔ شراب کے اور لباس فاخرہ کے۔
(۵۰) پستہ قد زرد رو۔ (۵۱) صفراوی مزاج۔ چڑچڑی۔ اجنبی۔
(۵۲) علامت سے صداقت و وفاداری نمایاں ہے۔ (۵۳) زہرہ کا راستہ مریخ کاٹ گیا اس سبب سے نہیں۔
(۵۴) اگر فی الحال کرتا ہے تو نہیں۔
(۵۵) اگر تم کروگی تو کچھ خوشی نہیں نہیں ہوگی۔ (۵۶) پھر کوشش کرو وہ تمہاری ہی ہے۔ (۵۷) ہاں ہوگی۔
(۵۸) سچ جانو تم جیتتے رہو گے۔
(۵۹) اگلے ہی سال تمہیں سفر پیش آئے گا۔ (۶۰) تمہارا سیارہ عامل بہت موافق ہے۔ (۶۱) اگر ہے تو اچھا نہیں۔ (۶۲) ذرا ہوشیار رہنا ایک عورت تمہیں دھوکا دے گی۔
(۶۳) ایک شگون بدنظر آتا ہے۔
(۶۴)۔ کوئی ہلکا سا سہل سا۔

Scanned by CamScanner

(۱) سمندری یا سوداگری۔
(۲) بڑھاپے میں۔ (۳) مردہ تو نہیں ہے۔ (۴) تمہارے دوستوں کو کچھ رنج پیش آئے گا۔ (۵) کسی حقیر چیز کا اور بعض نوکدار چیزوں کا۔
(۶) یہ علامت تمہاری خواہشوں کیلیے اچھی نہیں ہیں۔ (۷) بڑا مشکل کام ہے۔ (۸) شگون بد ہے۔
(۹) کسی بڑے آدمی یا دولت سے کچھ نفع پہنچے والا ہے۔ (۱۰) اختر نیک سے تمہارے افکار سب رفع ہو جائیں گے۔
(۱۱) تیسرا، سترہواں، ستائیسواں، تینتیسواں اور تنتالیسواں (۱۲) علامت نیک ہے دولت بکثرت ملے گی۔
(۱۳) اگر وقوع ہوئے کوئی اکا دکا۔
(۱۴) بیالیسویں سے پہلے قریب المرگ بیمار ہوگا۔ (۱۵) تمہارے سیارے سے معلوم ہوتا ہے۔ (۱۶) برف و طوفان اس نشان سے ظاہر ہوتا ہے۔
(۱۷) ممالک غیر میں نشانِ جنگ کا سرخ پھریرا لہرائے گا۔
(۱۸) رتی بھر بھی نہیں کیوں بے فائدہ محنت کرتے ہو۔
(۱۹) خود منصف اس کی طرف ہے۔
(۲۰) جو تیز ہتھیاروں سے لڑا جیتے گا۔
(۲۱) اپنی جان کی امان مانگو بغض و حسد تم سے بہت کیا جاتا ہے۔
(۲۲) کسی بدو کے ہاتھوں اسکا خون بہتا دکھائی دیتا ہے۔ (۲۳) تو وہ علامت بد ہے۔ سو یہ سچ نہیں۔
(۲۴) فقط تھوڑا سا۔
(۲۵) چور دراز قد اور چھریرے سے بدن کا آدمی تھا۔ (۲۶) ہاں کوشش سے مل جائے گا۔ (۲۷) اس خواب اور اس علامت سے مصنف اور کتب تصنیف کا سامان معلوم ہوتا ہے۔
(۲۸) تمہیں کچھ خطرہ نہیں ہے۔
(۲۹) اس دعوت میں جھگڑے اور فتنے غالباً پھیلیں گے۔ (۳۰) اس علامت سے تین دوست اور تین دشمن معلوم ہوتے ہیں۔ (۳۱) جہاز بہ قریب غارت پہنچے گا۔ (۳۲) یہ سفر نا مبارک ہے۔ (۳۳) سب شبہات بے سود ہیں۔ (۳۴) اتوار سب اچھے منگل کل برے۔ (۳۵) زیادہ تر عورتیں۔
(۳۶) بہت ہیں اور حاسد بھی بہت سے ہیں۔ (۳۷) قید ویسی ہی شدید ہے جیسی تھی۔ (۳۸) کیوں ڈرتے ہو تقدیر میں لکھا یوں ہی ہے۔ (۳۹) انجام جوئے کا بربادی ہے۔ (۴۰) اسے شرط میں مت لگاؤ۔
(۴۱) ذرا ہوشیاری سے کھیلو اب کے خوش قسمت نظر آتے ہو۔ (۴۲) بڑے سخت خطرے میں ہے۔ (۴۳) درد اعضاء اور پیچش۔ (۴۴) ابھی شک ہے شاید ہی ہو۔ (۴۵) بیٹا ہوگا سیاہ فام۔
(۴۶) ان کے ستارے دھندلے ہیں۔
(۴۷) ایک عرصہ تک نہیں۔
(۴۸) دشمنی مانع ہے۔ (۴۹) چند ہیں اور وہ بھی کچھ ذلیل سے۔
(۵۰) کتابوں کے فرد حساب کے تحریر کے اور کبھی کبھی سفر کے۔
(۵۱) زرد رنگ کسی قدر بڑھا۔
(۵۲) خوبصورت مگر دبلی پتلی۔
(۵۳) ذرا خیال تو کرو تم خود پہلے جیسے نہیں رہے۔ (۵۴) آثار بدنمایاں ہیں۔ (۵۵) اگر فی الحال شادی کرتے ہو تو نہیں۔ (۵۶) نہیں۔
(۵۷) بیشک ہو گی۔ (۵۸) اغلب تو یہی ہے۔ (۵۹) رہے گا اور ایک تو ابھی مرنیوالا ہے۔ (۶۰) بائیس۔ تیئیس اور اکتیس برس میں۔ (۶۱) بالکل برعکس۔ (۶۲) بہت سے تغیرات ہیں۔
(۶۳) کسی تجارت میں روپیہ کھوئے گا۔
(۶۴) آج دو نیک ستارے مل رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

(۱) سائل کے لیے نہیں۔
(۲) زمین اور مویشی کا لین دین۔
(۳) پچپن برس کا ہونے سے پہلے پہلے تین دفعہ۔ (۴) ایک معمور شہر میں رہتا ہے۔ (۵) بعضوں کو مسافرت پیش آئے گی۔ (۶) کسی ایسی چیز کا جس کا قصد کرتے ہوئے ڈرتے ہیں۔
(۷) کوئی نہیں علامت ناموافق ہے۔
(۸) وہ تو اسے چھوڑ دے گا۔
(۹) بیشک حیرت انگیز ترقی کرے گا۔
(۱۰) عزت اور منافع عظیم۔
(۱۱) اس کی قسمت میں خوش نصیبی جھلک رہی ہے۔ (۱۲) تیس سے چالیس تک۔ (۱۳) فقط محنت اور مشقت سے۔ (۱۴) کوئی بڑا بھاری نہیں۔
(۱۵) تیس برس کا ہونے تک بیمار رہے گا۔ (۱۶) شگون مانع درازی عمر ہے۔
(۱۷) گھنگھور گھٹا چھائے گی اور آندھی آئے گی۔ (۱۸)۔ جنگ کا دیوتا مسلح ہو رہا ہے۔ (۱۹) چل دو وہاں کچھ ہے نہیں۔ (۲۰) انصاف اس کا حق ہے۔
(۲۱) مخالف ضرور پچھڑے گا۔
(۲۲) اگر تم نے اسکے سامنے جانے کی جرات کی تو قید خانہ ہے اور تم ہو۔
(۲۳) زائر بہت سی عبادت گاہیں اور خوبصورت قلعے دیکھے گا۔
(۲۴) بات ہوائی ہے ذرا بھی سچ نہیں۔
(۲۵) بہت ہی مشکل ہے۔
(۲۶) کسی عورت نے چرائی ہیں۔
(۲۷) تمہارے اور چور کے درمیان دریا حائل ہے۔ (۲۸) سفر انقلابات اور نئے نئے احباب۔ (۲۹) ان سے بغض ٹپکتا ہے۔ (۳۰) وہاں فتنہ و فساد برپا ہوگا سائل کو گریز لازم ہے۔
(۳۱) دشمن مگر تمہارا کوکب غالب ہے۔
(۳۲) آثار ظاہری سے حادثات نظر آتے ہیں۔ (۳۳) خوش آئند اور سود مند ہے۔ (۳۴) اگر تم سچے دل سے پوچھتے ہو تو وہ صادق ہے۔
(۳۵) ہر جمعہ کی شام سے اجتناب لازم ہے۔ (۳۶) اجنبی اور کمینے۔
(۳۷) ذرا سی لیاقت والے دشمنوں سے خالی نہیں ہوتے۔ (۳۸) بیچارہ اب تک بدنصیب ہے اور قیدی رہے گا۔
(۳۹) اختر پیدائش مخاطرہ ہی ثابت ہوتا ہے۔ (۴۰) یہ بازی تو تمہیں کھوئے گی۔ (۴۱) تیر سے یا لوہے کے اور کسی تیز ہتھیار سے زخمی ہو جائے گا۔
(۴۲) کبھی کبھی تقدیر سے تمہارا پانسہ زبردست رہے گا۔
(۴۳) اب شفاء ہوئی جاتی ہے۔
(۴۴) فساد خون۔ (۴۵) سیارے سے علامت سے ناکامی نظر آتی ہے۔
(۴۶) تمہتن بیٹا ہوگا اور سب دشمنوں کو مار بھگائے گا۔ (۴۷) حد سے زیادہ خوش نصیب نہیں۔ (۴۸) اس سے بانجھ ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ (۴۹) چھٹی آنے والی ہے۔ (۵۰) تمہاری خوبیوں پر رشک آتا ہے۔
(۵۱) گھوڑوں کا بگھیوں کا اور کسی عمدہ تدبیر کا۔ (۵۲) وسط عمر کا پیدائشی پردیسی۔ (۵۳) بھوری آنکھیں کالے بال جسے تم نے اب تک نہیں دیکھا۔
(۵۴) سیارہ زحل سے جھوٹ ظاہر ہوتا ہے ہوشیار رہنا۔ (۵۵) تمہارے لیے عشق آفت ہے۔ (۵۶) ابھی شادی مت کرو۔ (۵۷) عمل مشتری سے قسمت اچھی ہے۔ (۵۸) علامت کامیابی کی ہے۔ (۵۹) ابھی تو کئی مہینے ہیں۔ (۶۰) علامت سے فتح ظاہر ہوتی ہے۔ (۶۱) تیئیس اور تیس کے درمیان تمہاری تقدیر میں سفر ظاہر ہوتا ہے۔
(۶۲) اس علامت سے بڑا نقصان اس میں معلوم ہوتا ہے۔ (۶۳) ہاں اور بڑی گردش ہے۔ (۶۴) ایک عورت دشمن ہو جائے گی اور بڑی تکلیف ظاہر ہو گی۔

Scanned by CamScanner

(۱) ایک دھوکہ باز دوست سے تنہا بھڑیگا خبردار ہو جاؤ۔ (۲) منحوس ہے اور آج کچھ حادثات پیش آئیں گے۔
(۳) دریائی۔ (۴) اس معاملہ میں اکثر اُسے دھوکا ہوگا مگر ایک دفعہ وہ روپیہ بھی لے گا۔ (۵) اب تک، تو زندوں میں رہتا سہتا ہے۔ (۶) اتنے انقلاب پیش آئینگے کہ مبارک نہیں کہہ سکتے۔
(۷) تغیرات کا یار دوستوں کا۔
(۸) اس میں ایک بڑا روڑا اٹکا ہوا ہے۔
(۹) دلیری سے چاقو چلے تقدیر اچھی نظر آتی ہے۔ (۱۰) تھوڑے عرصے بعد ضرور بہ ضرور پھلے پھولے گا۔ (۱۱) ترقی اور دلی دوست۔ (۱۲) سیارگان سعد کا عمل ہے۔ (۱۳) اس کی ساری عمر میں انقلاباتِ عظیم ہونگے۔ (۱۴) مگر انجام پھر بھی اچھا ہوگا۔ اسباب کا مالک تو ہوگا۔
(۱۵) چوٹیں بہت سی کھائے گا اور اسی سے بڑا نقصان پہنچے گا۔ (۱۶) اب سے آگے سات برس بیماری کے ہیں۔
(۱۷) عمر تو بڑی ہے مگر پُر از انقلابات۔
(۱۸) موسم خشک اور قحط۔ (۱۹) بڑے بڑے لڑائی جھگڑے امرا کی ذات سے پیدا ہوں گے۔ (۲۰) امید بھی جھوٹی تلاش بھی ناکارہ۔ (۲۱) ایک سیاہ چرواہا آدمی اس پر غالب آجائے گا۔
(۲۲) جولڑنے والا تمہارا پسندیدہ ہے اس کی تعریف مت کرو۔ (۲۳) زبردست کے دشمن کے لیے قید خانہ منتظر ہے۔
(۲۴) پلٹ جا قوی بے رحم ہوتے ہیں۔
(۲۵) سچ میل برابر جھوٹ بیل برابر۔
(۲۶) سخت تفتیش وتلاش سے ملے گا۔
(۲۷) چوری گئی معلوم ہوتی ہیں۔
(۲۸) شاید نہ لگے۔ (۲۹) دغا باز دوست۔ (۳۰) صحیح ہیں ذرا سوچ سمجھ کر کام کرنا۔ (۳۱) ابھی گھر ہی میں رہو۔ (۳۲) سال منحوس ہے اور دشمن لوگ ظاہر ہونے والے ہیں۔
(۳۳) مُسرّت انگیز فرحت بخش۔
(۳۴) نویں خانہ سے خطرہ نمایاں ہے۔
(۳۵) خوشامد کی باتوں پر بھروسہ مت کرو۔ (۳۶) دوسری اور چھبیسویں منحوس ہیں۔ (۳۷) خود تمہارے گھر کے لوگ ہیں۔ (۳۸) بہت سے ہیں۔
(۳۹) اس کے لیے جیل خانہ کے دروازے کھلیں گے۔ (۴۰) جب خدا مہربان تو کل مہربان دشمن کی کیا جان اور تاب ہے۔ (۴۱) حریص کو خدا ذلیل کرے گا اس لیے کھیلو مت۔
(۴۲) وہ اچھی طرح اطمینان اور تیزی سے دوڑے گا یقین جانو۔
(۴۳) تمہارے لیے دغا وفریب اور دنگہ بازی مہیا ہے۔ (۴۴) افسوس ہے کہ اجل اس کے سر پر کھڑی ہے۔
(۴۵) امراض سر ومعدہ (۴۶) علامت موافق ہے۔ (۴۷) پسر صالح وخوبرو۔
(۴۸) مصیبتیں اٹھانے کے بعد۔
(۴۹) ہاں کئی ہوں گے مگر ذرا دیر سے۔
(۵۰) علامت سے کچھ تکلیف نظر آتی ہے۔ (۵۱) دو ہیں اور تین چھپے رستم۔
(۵۲) کسی تجویز عجیب کا یا ایسی ترکیب کا جس سے بڑھ جائے۔ (۵۳) دراز قد۔ سیاہ فام۔ گھنگریالے بال۔
(۵۴) حسین اور بشاش صورت لڑکی۔
(۵۵) مگر ایک رقیب لگا ہوا ہے۔
(۵۶) ہم یہ پوچھتے ہیں کہ عشق میں برابر کامیابی کیسے حاصل ہوئی ہے۔
(۵۷) قسمت ہی مہربان نہیں ہے۔
(۵۸) ستارہ جوزا کامیابی ظاہر کرتا ہے۔
(۵۹) اس علامت سے نا اتفاقی اور دغا ظاہر ہوتی ہے۔ (۶۰) ہاں موسم خزاں میں ہو تو ہو۔ (۶۱) سیاروں سے فتح نمایاں ہے۔ (۶۲) چالیس اور باون کے درمیان اور ساری عمر پر از انقلابات ہے۔ (۶۳) ہاں خاصہ ہے۔
(۶۴) ہاں بہت اور اکثر۔

Scanned by CamScanner

(۱) ہاں دونوں خشکی کا بھی اور تری کا بھی۔ (۲) بہت سی خرابیاں پیش آئیں گی۔ (۳) نہیں سیارہ عامل غصہ ور ہے۔ (۴) پیداوار اراضی۔ (۵) تینتیسواں سال۔ (۶) زندہ ہے مگر تقدیر بری ہے۔ (۷) انہیں اپنے کسی عزیز کا ماتم پیش آئے گا۔ (۸) غصہ کا عوض لینے کا۔ اور حسد سے زیادہ نا امیدی کا۔ (۹) ہاں یقیناً۔ (۱۰) تقدیر مددگار ہے۔ (۱۱) بیشک اس کے حق میں اکسیر و پارس ہے۔ (۱۲) ایک دشمن جس سے عرصہ دراز سے دشمنی چلی آرہی ہے مر جائے گا۔ (۱۳) ہاں مگر دغاباز اور فریبی دوستوں کے سبب مکدر ہے۔ (۱۴) پچاس کے بعد۔ (۱۵) بڑی بڑی امیدیں نہ باندھو۔ (۱۶) اچانک مر جائے گا یعنی مرگِ مفاجات۔ (۱۷) ہمیشہ کا دکھیا نت کا روگی۔ (۱۸) نہیں۔ (۱۹) ابر و باراں طوفان۔ (۲۰) غیر ملکوں میں نا اتفاقی بکثرت پھیل رہی ہے اس سے لڑائی کا خطرہ ہے۔ (۲۱) بالکل نہیں مت ڈھونڈو۔ (۲۲) وہ قریب قریب ہار جائے گا۔ (۲۳) دونوں میں سے جو لمبا ہے اسکا عامل قوس ہے۔

(۲۴) اس کے طالع کا عامل سیارہ گردش میں ہے اس سے منحوس تر کیا ہو گا۔ (۲۵) اس کی تقدیر اچھی ہے کہدو جائے۔ (۲۶) جھوٹ جلدی معلوم ہو جائے گا۔ (۲۷) چور کی چالاک دستی کے سبب امید نہیں پڑتی۔ (۲۸) اس علامت سے چوری گئی معلوم ہوتی ہیں۔ (۲۹) تین مہینے کے اندر اندر۔ (۳۰) سائل کے لیے آفت اور خطرہ معلوم ہوتا ہے کہدو خبردار رہے۔ (۳۱) ٹھیک ہیں سائل کو ہوشیار رہنا مناسب ہے۔ (۳۲) خوشی تو بہت ہے اگر پیچھے رنج پھیلے گا۔ (۳۳) آج کل تمارا سیارہ فوق السّماء پر ہے۔ دوستوں کی امید رکھو۔ (۳۴) چاند پر زہرہ کی شعاعیں پڑ رہی ہیں بھلا پھر کیا خطرہ ہے۔ (۳۵) کم ہے یوں لطف وحظ وافر اٹھاؤ گے۔ (۳۶) نہ تو بہتوں سے عشق کرو نہ کسی پر بھروسہ رکھو۔

(۳۷) تمہارے لیے شنبہ و چہار شنبہ مبارک ہیں۔ (۳۸) خفیہ ہیں صفرادی اور جلے تن۔ (۳۹) علامت سے اکثر معلوم ہوتے ہیں۔ (۴۰) بہت جلد مگر ہے ابھی شک۔ (۴۱) اس کا مہربان ستارہ تا حال محافظ ہے۔

(۴۲) بہت دفعہ جیتے گا۔ (۴۳) یقین کر لو بھروسہ رکھو ایسا ہی ہو گا۔ (۴۴) پہلے تم شروع کرنا جیت لو گے۔ (۴۵) کل رونا پیٹنا مچے گا۔ (۴۶) اس علامت سے روگ ظاہر ہوتا ہے۔ (۴۷) نہ قاصد نہ صبائے نہ مرغ نامہ بر ہے۔ قضا خلاف چو باشد کہ میکند اثرے۔ (۴۸) بیٹا۔ (۴۹) شہرت بہت کچھ پائیں گے۔ (۵۰) علامت سے نمایاں ہے کہ زندہ بہت کم رہیں گے۔ (۵۱) ہر روز خبر آیا کرے گی۔ (۵۲) ایک جو کبھی دوست تھا۔ (۵۳) خوف پوشیدہ۔ ایک خواہش کا اور روپیہ کا۔ (۵۴) سانولا۔ اجنبی آدمی۔ (۵۵) خوبصورت مگر کم گو۔ (۵۶) حاسد فکرمند۔ مگر ہے سچا۔ (۵۷) ہاں اور حیرت انگیز ہے۔ (۵۸) پرلے درجے کی۔ (۵۹) اگر وہ دودلی نہیں ہے تو ہو جائے گی۔ (۶۰) اب تک تو تمہارا جوڑا بنا ہوا ہے۔ (۶۱) عمل جلدی کا ہے اور تمہارے مخالف ہے۔ (۶۲) اگر سچ پوچھو تو نہیں۔ (۶۳) سال آئندہ اور چھتیسویں برس۔ (۶۴) تقدیر اس بارے میں خاموش ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) بہت سی تبدیلیاں پیش آئیں گی۔
(۲) ہے۔ (۳) ایک دوست اور ایک دشمن اور کیا پوچھتے ہو۔
(۴) زہرہ خوشی ظاہر کرتا ہے۔
(۵) ایسا کام جس میں پھرنا پڑے۔
(۶) یہاں ایک ہی دفعہ اور وہ بھی کچھ بہت نہیں۔ (۷) مرگیا۔ اور بڑی دور پرجا کے مرا۔ اسے بھول بسر گئے۔
(۸) ایسا ہی برا ہے جیسا یہ سب کے لیے منحوس ہے۔
(۹) کسی خوشنما چیز کا۔
(۱۰) سیارے مددگار ہیں۔
(۱۱) جاؤ موافق ہے کامیاب ہوگے۔
(۱۲) ہاں مگر بڑی تکلیف اٹھانے کے بعد۔ (۱۳) بیماری اور بڑے بڑے نقصانات۔ (۱۴) بدشگونیوں سے گھرا ہوا ہے۔ (۱۵) بڑھاپا فقط۔
(۱۶) کبھی نہیں۔ (۱۷) بندوق یا توپ کے زخم۔
(۱۸) پچالیس برس کا ہونے سے پہلے ایک عارضہ۔
(۱۹) عمر بہت بڑی ہے مگر غم برابر رہے گا۔ (۲۰) قحط اور خشک سالی پھیلے گی۔
(۲۱) آثار جنگ نمایاں ہیں۔
(۲۲) تلاش بے سود ہے۔
(۲۳) جھگڑے قضیئے بہت پیش آئیں گے مگر تم جیتو گے۔
(۲۴) لال بالوں والا روہی جو بہت خوبصورت ہے۔
(۲۵) علاماتِ بیض و جوزا سے دشمن معلوم ہوتے ہیں۔
(۲۶) اس کی تقدیر اچھی ہے۔
(۲۷) ہے سچ مگر سب نہیں
(۲۸) طالع اس امر سے انکار کرتا ہے۔
(۲۹) ایک عورت نے چرائی ہیں۔
(۳۰) نہیں چور بڑا چالاک ہے۔
(۳۱) جہاز اور سفر۔
(۳۲) تمہارے دشمن بہت ہیں احتیاط لازم ہے۔ (۳۳) جائیے آپ کی بہت کچھ آؤ بھگت ہوگی۔ (۳۴) دوستیاں اور مسرت انگیز ملاقاتیں۔
(۳۵) علامت قبلہ سے اقبال مندی ظاہر ہوتی ہے۔ (۳۶) ذرا محنت درکار ہوگی۔ (۳۷) اب عطارد کا عمل ہے سوچ سمجھ کر بھروسہ کرنا۔ (۳۸) شنبہ اس کے لیے سعد۔ تیسری اور تیسویں منحوس ہے۔ (۳۹) زرد اور سانولے۔
(۴۰) تین ہیں۔ (۴۱) خوشی کے لیے آمادہ رہو اب چھٹنا ہے۔
(۴۲) اپنے ارادوں کو تبدیل کر ڈالو تم خطرہ میں ہو۔
(۴۳) اکثر۔ (۴۴) مشکل جیتے گا۔
(۴۵) غالباً ہار جائے گا۔
(۴۶) اُس کی حالت جانبر ہونے کی نہیں ہے۔ (۴۷) رنج۔ سستی اور امراض بلغمی۔ (۴۸) کچھ کامیابی نہیں معلوم ہوتی۔ (۴۹) فرزند نرینہ۔
(۵۰) بدنصیب ہیں۔
(۵۱) ہاں گنتی کے۔
(۵۲) ہاں چاند کے گھٹنے یا بڑھنے سے پہلے۔ (۵۳) ہاں ایک رقیب ہے جو خود تمہیں معلوم ہے۔
(۵۴) لذاتِ عشق کا۔ اور تمہاری خیر و عافیت کا۔ (۵۵) زرد رنگ مضبوط آدمی۔ (۵۶) حسین مگر شریر۔
(۵۷) سیارۂ عشق و محبت اوج پر ہے اپنا کام کرلو۔ (۵۸) جھوٹ اور دغا سے پر ہے۔ (۵۹) بہت ہے۔
(۶۰) تقدیر اڑنگے لگائے گی۔
(۶۱) بہت سی مشکلیں پیش آرہی ہیں۔
(۶۲) نہیں صاحب۔
(۶۳) شاید ہی۔
(۶۴) تیئس۔ پچیس۔ چھتیس اور بیالیس۔

(۱) پچیس اور تیس کے درمیان بہت سفر پیش آئے گا اور پھر اڑتیس کے بعد۔
(۲) علامت مائل بہ بدنصیبی ہے۔
(۳) بیشک۔ (۴) چوری سے کچھ روپیہ جائے گا یا کچھ اور نقصان ہوگا۔
(۵) علامت ایسی نکمی ہے کہ اس سے خوش نصیبی کی امید نہیں۔ (۶) جواہرات یا زر و سیم کی تجارت۔ (۷) ساری عمر میں ایک دفعہ بھی نہیں۔ (۸) غائب زندہ ہے۔ (۹) اب کے سال بہت فراخی ہوگی۔ (۱۰) بہت عمدہ خوش آئیند رنگ برنگ کی یا خوشی کی چیزوں کی۔
(۱۱) موقع بھی اچھا ہے اور علامت خوش قسمتی کی ہے۔ (۱۲) ہے تو خطرناک مگر پھر بھی کامیابی ہو جائیگی۔ (۱۳) کچھ بہت نفع نہیں ہے۔ (۱۴) یا مکان بدلے گا یا سفر کرے گا۔ (۱۵) کچھ اچھی نہیں۔ (۱۶) بیالیس اور پچاس کے درمیان۔ (۱۷) تقدیر سے ظاہر تو ہوتا ہے کہ ہوگا۔ (۱۸) کہیں اوپر سے گرے گا۔ (۱۹) جوانی میں بیماری بڑھاپے میں تندرستی۔ (۲۰) اگر پیدائش دن میں اسی علامت کے عمل کے تحت ہوئی تھی تو۔
(۲۱) بارش بکثرت اور حسب مراد ہوگی۔
(۲۲) مریخ و عطارد کی تاثیر غالب ہے۔ اخیار جنگ افواہاً سنو گے۔
(۲۳) ہے کسی مسعود دن اور سعد تاریخ میں تلاش کرنا۔ (۲۴) آثار موافق معلوم نہیں ہوتے۔ (۲۵) جو پہل کرے گا اس میں وہی ہارتا دکھائی دیتا ہے۔ (۲۶) نہ اُس پر شاہ مہربان ہوگا نہ شہزادہ۔ (۲۷) زائر کی جان کی امان نہیں۔ (۲۸) گھڑت ہے، جھوٹ ہے، بناوٹ ہے۔ (۲۹) کوئی امید نہیں۔
(۳۰) چوری۔ (۳۱) کچھ عرصہ بعد۔
(۳۲) مکار دوست نے تمہارے لیے کوئی جال پھیلایا ہے۔
(۳۳) ابھی کوئی تمہیں آزار نہیں دے سکتا۔ (۳۴) شگون تو وہاں خوشی کے ہیں۔ (۳۵) امر اسے دوستی ہوگی۔
(۳۶) کچھ وقفہ تو لگے گا مگر خطرہ ذرا نہیں ہے۔ (۳۷) آفت سائل کے انتظار میں ہے۔ (۳۸) غیب سے اس کی تصدیق نہیں ہوتی۔
(۳۹) چوتھی۔ پانچویں۔ چوھدویں، تیسویں سعد ہیں دو شنبے نحس۔
(۴۰) دراز قد، مضبوط، اجنبی نہیں ہے۔
(۴۱) مگر ایسا ایک بھی نہیں کہ جس کے لیے اندیشہ کیا جائے۔ ۴۲۔ بہت جلد۔
(۴۳) تم ان کی دھمکیوں پر ہنس دیا کرو اور ذلیل سمجھو۔ (۴۴) علامت ایسی یقین دلانیوالی پسند کی ہے کہ وہ ضرور ہے
(۴۵) کوئی چیز اس کے بھروسے جوکھوں میں نہ ڈالو۔ (۴۶) مگر بدمعاش لوگ چنیدلائیں گے اور اسے دھوکا دیں گے۔
(۴۷) شگون مرگ ہے۔ ۴۸۔ فقط معدہ کے۔ (۴۹) کامیابی ہے۔
(۵۰) حسین دختر۔ (۵۱) عمل عطارد میں پیدا ہوئے شاید ہی ہوں۔
(۵۲) شک کسے ہے۔
(۵۳) کچھ نہیں تمہارا ستارۂ منحوس ستارہ زحل غالب ہے۔ (۵۴) خاص کر ایک کالا بھجنگ ہے۔ (۵۵) ایک مرحوم کا رونے پیٹنے کا اور ایک سفر دور دراز کا۔
(۵۶) اس کا طالع شمس و مشتری ہے مضبوط اور خال وخط چہرا مہرا موزوں۔
(۵۷) زر و نیک خو بر و عورت کی علامت ہے۔ (۵۸) اس معاملہ میں فکر و غم کا شگون نظر آتا ہے۔ (۵۹) پرلے درجہ کی دانائی سے ہو تو ہو۔ (۶۰) ہاں غیب سے دولت و ثروت بھی معلوم ہوتی ہے۔
(۶۱) غالباً نہیں۔ (۶۲) زہرہ اور برج میزان موافق ہیں۔ (۶۳) ہاں ہاں۔
(۶۴) امید خفیف سی ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) بھلا کوئی ٹھکانا بھی وہ حد سے زیادہ ہیں۔ (۲) تیرہویں ۱۳۔ تینتیسویں ۳۳۔ تیسویں ۳۰۔ اکتیسویں ۳۱۔ اڑتیسویں ۳۸ اور چالیسویں ۴۰ برس۔ (۳) نہیں سبب یہ کہ قیام ہر جگہ بہت تھوڑا کروگے۔ (۴) ہاں خشکی اور تری دونوں کا۔ (۵) عمدہ سیہ۔ (۶) شگونہائے بد غالب ہیں۔ (۷)۔ جو اہم ہے۔ (۸) پچیسویں سال کے بعد دو دفعہ۔ (۹) اجل کا شکار ہو کر بچا ہے۔ (۱۰) تقدیر تو اُن کی اچھی ہے۔ (۱۱) کار مشکل کا۔ عیش ونشاط پوشیدہ کا اور روپیہ کا۔ (۱۲) جیسا اچھا ہتا ہے ویسا ہی لو۔ (۱۳) ذرا وقفہ کے بعد شروع کرتا تو اچھا تھا۔ (۱۴) شروع کرتے ہی تو نہیں ہاں پیچھے اُس کے امید رکھنی چاہیئے۔ (۱۵) روپیہ بہت تلف ہوگا۔ (۱۶) ستارہ ہائے نحس کا غلبہ ہے۔ (۱۷) پچیسویں پچاس کے درمیانی عمر۔ (۱۸) سال پیدائشی خوش نصیب ہے اور نجوم سعد مددگار ہیں۔ (۱۹) تین دفعہ پانی کے خطرہ میں پڑے گا اور ایک دفعہ ڈوبتے ڈوبتے بچے گا۔ (۲۰) جوانی میں بیماری رہے گی اور بعد میں تیس کے بعد بڑھاپے تک تندرستی (۲۱) اس علامات سے درازی عمر و کثرت زندگانی نمایاں ہے۔

(۲۲) اس شکل سے بارش کی کثرت اور طغیانی نظر آتی ہے۔ (۲۳) یا تو جنگ یا مری مگر وبا بڑے آدمیوں کو کھائیگی۔ (۲۴) ہے تو سہی مگر ڈھونڈنا بے سود ہے (۲۵) اُسے چاہیے کہ خوب پیروی کرے ورنہ ہار جائے گا علامت اچھی نہیں۔ (۲۶) جو لڑنے والا ہر دلعزیز ہے وہی مسخرا ہار جائے گا۔ (۲۷) جلدی جاؤ دولت بھی لو اور حکومت بھی۔ (۲۸) کفار و اشرار بیچارے کے دشمن ہیں۔ (۲۹) علامت مریخ و ربوس کا بیان ہے کہ محض جھوٹ ہے۔ (۳۰) تمہارا شگون خود علامت نفی ہے۔ (۳۱) دھوکا دہی کے لیے چھپادی گئیں۔ (۳۲) جب عمل ہو زحل کا بیکار ہے ساری تلاش۔ (۳۳) یارانِ شفیق عیش ونشاط بالتحقیق۔ (۳۴) نقصان رتی بھر نہیں نرا ڈراوا ہے۔ (۳۵) سیارہ طالع ہے تو مسعود۔ (۳۶) دوستاں مہربان مگر دیکھنا بے سوچے سمجھے نہ گھت جانا۔ (۳۷) علامت بد آڑی ہے۔ (۳۸) خطرناک و پر خوف ہے۔ (۳۹) اپنے مطلب کے لیے فقط۔ (۴۰) چھٹی۔ ساتویں۔ پچیسویں سعد تیسری انیسویں نحس۔ (۴۱) سیاہ فام۔ پستہ قد۔ شوم۔ عوام کالانعام۔

(۴۲) ایسا ایک بھی نہیں جس سے خطرہ ہو۔ (۴۳) بہت جلد لو۔ (۴۴) ہاں فی الحال تو ہے۔ (۴۵) اس میں تمہاری تقدیر اچھی نہیں ہے۔ (۴۶) قسمت سے خرابی نظر آتی ہے ہار جائے گا۔ (۴۷) اس وقت کھیلنا حماقت شگون بہت ہی بُرے ہیں۔ (۴۸) یہ شگون ہی بد ہے۔ (۴۹) امراض سوء ہضمی و سر و دماغ۔ (۵۰) یہ شرط ہے کہ قاصد با اعتبار ہو۔ (۵۱) ظاہر تو بیٹی ہوتی ہے مگر بڑی حسین و مشہور۔ (۵۲) مگر مصیبتیں آتی رہیں گی۔ (۵۳) بہت ہی کم۔ (۵۴) راستہ میں دیر لگے گی۔ (۵۵) اس علامت سے کج بحثی و حریف، بدگوئی اور نفرت ظاہر ہے۔ (۵۶) گھر کا، مویشی کا، اور کسی دلچسپ چیز کا۔ (۵۷) خوبصورت، آزاد منش اور فیاض۔ (۵۸) خوبرو۔ رضا جو اور نیک جو۔ (۵۹) تم خود مقناطیس کا اثر کر رہے ہو اور اس کا من موہ لیا ہے۔ (۶۰) ہاں اے محب فانی ہاں۔ (۶۱) علامت کہتی ہے کہ تمہاری تقدیر بھدی سی ہے۔ (۶۲) اس سے قسمت بد کا ظہور ہے۔ (۶۳) ممکن ہے کہ ہو اور پھر اس پر پچھتائے۔ (۶۴) تمہارا ارادہ خود پلٹ جائے گا۔

Scanned by CamScanner

(۱) جو قرعہ تم نے ڈالا ہے اس سے بہت ہی یقین پڑتا ہے۔ (۲) شگون شک کا ہے۔ (۳) تیس برس کا ہونے سے پہلے اس کی تقدیر میں سفر نہیں معلوم ہوتا۔ (۴) ہاں کسی قدر۔ (۵) اکثر اور اچانک (۶) تمہاری ایک شخص سے ملاقات ہوگی جس کا تمہیں خیال بھی نہیں۔ (۷) اس کا بھروسہ نہ کرو یہ قرعہ بد ہے۔ (۸) اس علامت میں ستارہ سست کا عمل ہے معلوم ہوتا ہے کہ تمہارا ارادہ ایک بھی اختیار کرنے کا نہیں۔ (۹) ساری عمر میں دو دفعہ وصیتوں سے۔ (۱۰) زندہ ہے مگر تقدیر بد ہے۔ (۱۱) اس علامت سے بد نصیبی نمایاں ہے۔ (۱۲) سونے کا اور پیش قیمت اشیاء کا۔ (۱۳) مشقت کے بعد۔ (۱۴) علامت رنج و تکلیف کی ہے ہوشیار رہنا۔ (۱۵) محنت سے عجیب نتیجے ظہور میں آتے ہیں۔ (۱۶) کوئی تغیر قریب ہے جس کا اثر تقدیر پر پورا ہوگا۔ (۱۷) علامت نیک نصیبی کی ہے۔ (۱۸) تینتیسواں، چالیسواں اور باونواں۔ (۱۹) اس علامت سے مال و دولت جاہ و ثروت صحت و عافیت نمایاں ہے۔ (۲۰) ذرا سمندر سے ڈرتا رہے۔ (۲۱) بہت دفعہ مختلف موسموں میں سخت سخت بیماریاں ہونگی۔ (۲۲) علامت کا بیان ہے کہ عمر تمہاری دراز نہیں۔

(۲۳) گرم و خشک۔ (۲۴) آثار زمانہ جنگ و جدل کے سے ہیں۔ (۲۵) قرعہ انکار کرتا ہے اور تقدیر اقرار۔ (۲۶) ہاں ایک خوبصورت آدمی کے وسیلے سے۔ (۲۷) قد میں جو چھوٹا ہے۔ (۲۸) سیارگان خوشی طالعی تمہارے ناصر ہیں۔ (۲۹) اگر زائر گیا جان لو کہ بربادی مہلک اور موت میں پھنسا۔ (۳۰) اس پر ذرا بھروسہ نہ کرنا اور نہ کچھ پچھتاوا ہوگا۔ (۳۱) یہ قرعہ اس کے خلاف ہے۔ (۳۲) اس سے چوری ظاہر ہے۔ (۳۳) اگر پتہ لگا تو ایک عورت کی مدد سے۔ (۳۴) اس سے تقدیر کا یہ ارادہ کھلتا ہے کہ تم پر جلد مہر و فضل ہو۔ (۳۵) اوہام بے سود ہیں ایک بار بھر قسمت آزمائی کر دیکھو۔ (۳۶) علامت عیش و نشاط۔ (۳۷) اکثر جھگڑے قضیئے مخمصے پیش آئیں گے۔ (۳۸) خطرناک ہے۔ (۳۹) تمہاری تقدیر میں حیرانی ہے۔ (۴۰) آج کل دوست کمیاب ہیں غنیمت جانو۔ (۴۱) دسویں، بائیسویں، اول درجہ کی سعد پندرھویں ذرا اُتر کے۔ (۴۲) دراز قد خوش گفتار۔ (۴۳) لیکن ایسا اکّا دکّا ہی ہے جس سے اندیشہ و خطرہ ہو۔ (۴۴) کچھ عرصہ بعد رہائی قریب ہے۔

(۴۵) تمہارے طالع کے ستارے سے معلوم ہوتا ہے کہ بغض و نفرت رکھتے ہیں بس۔ (۴۶) تمہارے لیے اتفاق بھی نا اتفاقی ہو جائیگی۔ (۴۷) گہرے رنگ والا جیتے گا۔ (۴۸) شگون بد ہیں۔ (۴۹) سنبھالا لینے کے بعد مرض مہلک ہو جائے گا۔ (۵۰) قراقر معدہ و امراض زیر ناف۔ (۵۱) یقینی کامیاب ہے (۵۲) فرزند حسین۔ (۵۳) تمہارے بچوں میں سے ایک کی تقدیر میں بہت عالی منصب ہونا لکھا ہے۔ (۵۴) تمہارے نصیب میں تین اولادیں ہیں۔ (۵۵) افسوس ہے ایک رقیب لگا ہوا ہے اور وہ ہی مانع ہے۔ (۵۶) بہت ہیں اور ان پر غلبہ پانا مشکل ہے۔ (۵۷) گھر کا، احباب کا، اور اس بات کا کہ غیب سے کیا ظاہر ہو گا۔ (۵۸) خوبصورت و خوش قامت و تنومند کٹورا سی آنکھیں۔ (۵۹) خوبرو نیک خو۔ (۶۰) مرتے دم تک جو قول دے دیا ہے نبھائے گا۔ (۶۱) تمہارا عشق خود جھوٹا اور ناپائیدار ہے۔ (۶۲) ذرا شادی میں جلدی کرو تمہاری علامت کچھ عمدہ نہیں ہے۔ (۶۳) اسے بہت سی اور ہٹانے پڑیں گی۔ (۶۴) شگون کہتا ہے کہ تین مہینے کے اندر اندر لو۔

Scanned by CamScanner

(۱) اگر تم خرابیوں سے محفوظ رہنا چاہتے ہو تو اپنے ارادوں کو بدل ڈالو۔ (۲) ممکن ہے کہ اس سال نہ ہو۔ (۳) وہ بکثرت ہیں کچھ انتہا بھی۔ (۴) چودھویں، تیسویں، اٹھائیسویں، تیسویں، بیالیسویں برس تری کا بھی اور خشکی کا بھی۔ (۵) آج کل جو ستارہ غالب ہے اس سے بہت ہی کم نفع ظاہر ہوتا ہے۔ (۶) سفر بھی اور انقلابات حد سے زیادہ۔ (۷) ایک ایسا واقعہ ہوگا جس سے شاید تمہیں بہت ہی رنج ہوگا۔ (۸) قرعہ تو خائف نہیں مگر اندیشہ نہ کرنا۔ (۹) دھات کی سوداگری اور خاص کر پیتل کا لین دین۔ (۱۰) ہاں کوئی پچاس برس کی عمر کے قریب۔ (۱۱) زندہ ہے اور ایک شہر معمور میں رہتا ہے۔ (۱۲) شگون سے ایک کی موت معلوم ہوتی ہے۔ (۱۳) تمہارا تمہارے بال بچوں کا اور عیش و نشاط کا۔ (۱۴) اگرچہ تقدیر قائم نہیں تو بھی وہ پائے گا۔ (۱۵)۔ دو دفعہ ناکامی پھر کامیابی۔ (۱۶) اس کی محنت سے کامل امید دولت کی ہے۔ (۱۷) یا تو اچانک بہت قرضہ ہوا یا بہت سا روپیہ آیا۔ (۱۸) اُس کا ستارہ آسمان پر بڑے غلبہ سے کام کر رہا ہے (۱۹) وسط عمر تک خوش قسمتی غالب نہیں آنے کی۔ (۲۰) شگون بڑی دولت مندی کا ہے۔ (۲۱) چوٹ کھاگے گا گرے گا اور ڈسنے والے جانور ڈسیں گے۔

(۲۲) اوسط عمر میں تندرستی چوالیس سال کے بعد بیماری۔ (۲۳) اگر بیالیس سے بڑھا تو۔ (۲۴) آندھی، مینہ، طوفان، طغیانی اور بڑا نقصان۔ (۲۵) حرص ناحق ابھارتی اور اکساتی ہے اور جھگڑے پیدا کرے گی۔ (۲۶) اس کا خیال تک بھی کرنا حماقت ہے۔ (۲۷) اس کے مقدمہ کی چھان بین ہوگی اور ٹھیک ٹھیک فیصلہ ہو گا۔ (۲۸) دونوں میں سے جو نسا لمبا اور کالا ہے۔ (۲۹) سنو جب آدمی زبردست ہوتا ہے تو بلند نظر اور پیمان شکن ہوتا ہے۔ (۳۰) اُس کا جی یہ چاہے گا کہ خوشنما اور مضبوط قلعہ میں جاؤں۔ (۳۱) عامل مریخ ہے لہٰذا غلط۔ (۳۲) ملنا کیسا اس سے بدتر آفت ڈرتے رہو۔ (۳۳) ظاہر ہوتا ہے کی ایک عورت نے چرایا ہے۔ (۳۴) غالباً چور کی ہوشیاری سے اور عیاری سے پتہ نہ لگ سکے۔ (۳۵) یا تو کسی دعوت کا بلاوا آیا یا اور کوئی محفل عشرت دیکھو گے۔ (۳۶) تمہارے اوہام بے بنیاد ہیں۔ (۳۷) بھئی اس قرعہ سے تو جھگڑا ہوتا معلوم ہوتا ہے۔ نہ جاؤ۔ (۳۸) دوست ہی دوست۔ (۳۹) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ یا دیر لگ گی یا کچھ وقوعہ ہو جائے۔ (۴۰) مگر حوادث ضرور پیش آئیں گے۔ (۴۱) ویسا ہی ہے جیسا تم چاہتے ہو۔

(۴۲) شنبہ روز مسعود ہے خاص کر جو تیسویں کو ہو۔ (۴۳) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ دوست کے بھیس میں ہیں (۴۴) تین ہیں جس میں سے دو تمہارے پاس ہی رہتے ہیں۔ (۴۵) شک اور وقفہ سے خطرہ پیدا ہوتا ہے۔ (۴۶) سیاہ فام آدمیوں سے زیادہ خطرہ ہے۔ (۴۷) اس ساعت میں اور اس وقت ایک نادان ناعاقبت اندیش یہ سوال پوچھ رہا ہے۔ (۴۸) یا تو گہرے رنگ والا یا خاکستری جیتے گا۔ (۴۹) تم چاہتے ہو کہ سب میں اچھے رہو تو پہلے شروع کرنا۔ (۵۰) قرعہ بہت ہی بدشگونی کا ہے بہت احتیاط کرو۔ (۵۱) امراض معدہ و گردہ یا امراض خون۔ (۵۲) کوئی امر خاص اس کا مانع نہیں ہے۔ (۵۳) مردہ بچہ ہوگا۔ (۵۴) اچھی طرح لکھاؤ پڑھاؤ (۵۵) غالباً کل دو (۵۶) فی الحال عشق تمہارا مخالف ہے (۵۷) ایک بڑا ہی چھپا ہوا حریف۔ (۵۸) نقل مکان کا۔ واپس آنے کا۔ کشتیوں اور جہازوں کا۔ (۵۹) خوبصوت چھدرے بالوں والا مسافر (۶۰) ایسی جو تمہیں خوش و خرم رکھے گی۔ (۶۱) تم خود محبت و عشق میں ثابت قدم نہیں ہو تو پھر کیا۔ (۶۲) بہت سے لوگوں سے عشق مت رکھو۔ (۶۳) تمہاری قسمت درجہ اوسط کی ہے۔ (۶۴) قسمت کے موافق کا شگون ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) سائل خود ثابت قدم مادر مستقل مزاج نہیں ہے۔ (۲) تقدیر کہتی ہے کہ نہیں۔ (۳) اب بھی قسمت تمہاری خواہش کے مطابق ہے۔ (۴) علامت تمہاری فتح کے اور خواہشات کے خلاف ہے (۵) بائیس اور چھبیس کے درمیان اور سنتیس کے بعد۔ (۶) علامت بدقسمتی ہے۔ (۷) دور دراز کے ملکوں میں سفر کو جائے گا۔ (۸) شگون بد ہے، دوستوں سے جھگڑا ہوتا نظر آتا ہے (۹) علامت رنج کی ہے آگاہ ہو جاؤ۔ (۱۰) اسے چاہیے کہ کوئی معزز عہدہ یا پیشہ اختیار کرے۔ (۱۱) دو دفعہ یا تین دفعہ۔ (۱۲) مشکوک بات ہے۔ (۱۳) بعض کے لیے سعادت و کامیابی ہے بعض کے لیے ناکافی۔ (۱۴) شکوک کے اور خوف کے لیکن پہلے غالب ہے۔ (۱۵) علامت تو پوری ہونے کی ہے۔ (۱۶) جب تقدیر ایسی ہے تو چھوڑ دو (۱۷) بلا شک پھلے پھولے گا (۱۸) بہت عجیب حیرت انگیز باتیں۔ (۱۹) اُس کا ستارہ اوج آسمان کے شامیانے میں خوب چمک رہا ہے۔ (۲۰) چالیسویں برس کے بعد تک بدقسمتی۔ (۲۱) اس علامت سے رنج و فکر دغا و مکر ظاہر ہوتا ہے۔ (۲۲) دو دفعہ تو گر کر چوٹ کھائے گا یا تیز ہتھیار سے کٹ جائے گا۔

(۲۳) چودہ سے اٹھائیس تک تندرستی بیس سے چھبیس تک بیماری۔ (۲۴) یہ تو قرعہ بہت ہی بُرا ہے پھر نئے سرے سے دیکھو۔ (۲۵) امید کے خلاف موسم خشک رہے گا پھر بیماری پھیلے گی۔ (۲۶) مریخ اور اس کی آتشی شعاعیں جنگ و خطرہ ظاہر کرتی ہیں۔ (۲۷) پہلے زمانہ میں تھا اب نہیں (۲۸) دغا فریب سے اسے نقصان پہنچے گا (۲۹) پہلا یہ علامت بہت غصہ ور ہے۔ (۳۰) تم ایسے کام کی خواہش کیوں کرتے ہو جس سے تمہیں نقصان پہنچے۔ (۳۱) اڑتالیس گھنٹے سے پہلے مر جائے گا۔ (۳۲) جھوٹی۔ بناوٹ۔ دغا۔ (۳۳) اگر ہوئی تو عورت کے ذریعہ سے۔ (۳۴) تین آدمیوں نے سازش کر کے چرائی ہے۔ (۳۵) یہ علامت توقف کی ہے سائل سے کہہ دو کہ نہیں۔ (۳۶) عیش و نشاط کا اور عشق کا۔ (۳۷) جھگڑے قضیے نمایاں ہیں لوگوں سے سن تو چکے ہو۔ (۳۸) تمہیں اختیار ہے جاؤ یا نہ جاؤ ہے امن و امان۔ (۳۹) نحوست بخت و اعدائے سخت۔ (۴۰) ڈرنا چاہیے طوفان آئیں گے جہاز ٹکرائیں گے۔ (۴۱) جو سیارہ پسند کیا ہے اس سے بڑا بھاگوان معلوم ہوتا ہے۔

(۴۲) اگر خوبصورت ہے صادق ہے و اِلّا مشکوک (۴۳) منگل تو تمہارے لیے بہترین دن ہے یوں تو پانچویں، بچیسویں بھی خیر۔ (۴۴) حقیر۔ ذلیل (۴۵) گھیرے ہوئے تو بہت ہیں مگر قابو نہیں چلنے کا۔ (۴۶) کوئی نہیں۔ (۴۷) اس سے بہتر تو آپ کبھی ہوئے نہیں۔ (۴۸) اس خیال تک کو مت آنے دو۔ (۴۹) کوئی مشکی گھوڑا بھی ہے؟ اگر ہے تو وہ جیتے گا۔ (۵۰) نفع بھی ہے نقصان بھی۔ (۵۱) بیماریاں طول کھینچیں گی۔ (۵۲) سر و چہرے کے امراض۔ (۵۳) جس نے بھیجا شاید اے اس کا پچھتاوا ہو۔ (۵۴) جوڑواں لڑکے۔ (۵۵) ان کا ستارہ پیدائش ہی کے وقت دھندلا تھا (۵۶) گود تو لوگے (۵۷) خیال کی سی سرعت سے تو آئی ہے۔ (۵۸) کئی مگر دانا و بردبار۔ (۵۹) زر و جواہر کا بیش قیمت اشیاء کا سفر کا دوستوں کا۔ (۶۰) دولت مند نیک نام۔ (۶۱) بدن چھریرا۔ رنگ زردی مائل مگر گویا سانچے میں ڈھلا ہے۔ (۶۲) ہوا و ہوس کا غلبہ ہے (۶۳) بالکل خلاف ہے جواب کیا دیں (۶۴) جیسا تمہیں ڈبھکا ہے بیشک ہے مشکوک۔

Scanned by CamScanner

(۱)اول محنت اور رنج و تکلیف بعد میں کچھ اقبال مندی منحوس نصیبی اس سے ہوتو ہو۔
(۲)ہاں وہ ہوگی اور پھر وہ پچھتائے گی بھی ضرور سہی۔ (۳)اگر سچے دل سے پوچھتا ہے تو تھوڑے ہی عرصہ میں ہوگی۔
(۴)علامت سے اُمید پڑتی ہے کہ پچھلے حصہ میں ہوتو ہو۔ (۵)اس سے کہہ دو کہ ان سے ذرا نہ ڈرے۔ (۶)دور کا سفر کبھی پیش نہیں آئیگا مگر ۳۰ برس کے بعد تبدیلیاں ہونگی۔
(۷)ساری عمر میں صرف ایک دفعہ بھاگوان ہوگا۔ (۸)اس کی علامت سے تبدیلی مکان وانقلاب ظاہر ہوتا ہے۔ (۹)سونا چاندی یا تحفہ جات سے یا تجارت سے بڑھے گا۔
(۱۰)آج کے دن نفع کی امید رکھو۔
(۱۱)دھات کی سوداگری یا بھاری بھاری چیزوں کی۔ (۱۲)غالباً اگلے بیس برس میں تین دفعہ۔ (۱۳)اگر تم اس کتاب پر یقین رکھتے ہوتو یہ شگون موت کا ہے۔ (۱۴)اس علامت سے بہت سا غم اور رنج ظاہر ہوتا ہے۔ (۱۵) کچھ شک ۔ کچھ خواہش۔ کچھ بے اعتباری۔ (۱۶) کسی قدر برخلاف۔
(۱۷)ذرا مستقل ہوکر کام کرنا چاہیئے۔
(۱۸)علامت خوش نصیبی کی ہے۔
(۱۹)وہ بیمار ہوگا مگر خوش نصیبی سے خوش قسمت رہیگا ۔ (۲۰)قسمت اس کی یاور ہے۔
(۲۱)چوالیس کی عمر سے بچاس تک۔
(۲۲)ہاں وہ دولتمند تو ہوگا مگر روپیہ بہت اڑا دے گا۔(۲۳)ہتھیاروں سے اور آگ سے تکلیف پہنچے گی اور چوٹیں کھائے گا۔
(۲۴)اگر قرعہ ٹھیک ڈالا ہے تو اب بیمار ہے اور تیس سے چالیس تک رہے گا۔
(۲۵)قسمت تو خاصی ہے مگر درازی عمر کا ہم اقرار نہیں کر سکتے۔ (۲۶)غالباً مینہ بہت برسے گا۔ (۲۷)بڑی بڑی خبریں دور سے آئیں گی کہ جنگ کی نفیری بج رہی ہے۔
(۲۸)نری امید ہی امید ہے خاک بھی نہیں۔
(۲۹)ستارگان غالب سے دغا ہوتی اور تکلیف پیش آتی معلوم ہوتی ہے۔
(۳۰)اس لڑائی میں جو بڑا بہادر ہے وہی ہارے گا۔ (۳۱)جب تقدیر الہیٰ ایسی ہے تو عرضی نہ دو۔ ڈرتا رہے اور پھندے میں پھنس جائیگا۔ (۳۲)زائرہ آگاہ ہو جائے بے رحم دشمنوں سے۔ (۳۳)یہ علامت اتنی بری نہیں ہے جتنی اچھی ہے خبر سچ ہی ہوگی۔
(۳۴)ایک عورت حسین کی مدد سے کچھ مل جائے۔ (۳۵)عورتوں سے چھپائی ہوں یا چرا بھی لی ہوں۔ (۳۶)اس کی کچھ قوی امید نہیں۔ (۳۷)جھگڑے اور بڑے بڑے قضیے۔ (۳۸)اس علامت سے کچھ خرابیاں آتی دکھائی دیتی ہیں(۳۹)خبردار آثار بد اور علامت کم نصیبی سے آزار پہنچے گا (۴۰)برائی سے اپنے دل اور جان بال ودھن مکان دوکان کی خیر مناؤ۔ (۴۱)چرخ گرداں تمہارے سفر کے لیے نیک اور موافق ہے۔
(۴۲)خوشی بخوشی سفر کرو تمہیں دقت پیش نہ آئے گی (۴۳) کچھ شک وشبہ نہیں وہ ہے۔
(۴۴)ہر جمعرات نیک ہے اور دوسری بارھویں بھی۔
(۴۵)پوشیدہ بغض رکھنے والے جھوٹے اور خوشامدی۔ (۴۶)اس علامت سے کچھ مگر ہائے پوشیدہ ظاہر ہوتے ہیں (۴۷)یہ خیال کرنا کہ اس کا چھٹکارا بآسانی ہو جائے گا۔
(۴۸)تمہارا ایک دشمن تم سے سخت نفرت رکھتا ہے مگر تم ذرا نہ ڈرو۔ (۴۹)عطارد ایسے کاموں میں مدد کرتا ہی نہیں۔ (۵۰)سب سے چھوٹا۔ دبلا اور تیز قدم جیت لے گا۔
(۵۱)ایک جھوٹا فریبی اسے ایکدم جھانسوں میں ہرا دے گا۔ (۵۲)اس علامت سے جنازہ اٹھتا دکھائی دیتا ہے۔ (۵۳)سردی رطوبت اور طویل القیام امراض ہیں
(۵۴)توقف و بحث ہونے سے خبر ذرا دیر سے آئے گی۔ (۵۵)غالباً بیٹا۔ (۵۶)ان کے جنم پترے دیکھ لو بہت خوش نصیب معلوم ہوتے ہیں۔ (۵۷)سیارگان حال سے تمہاری تقدیر میں بہت اولاد معلوم ہوتی ہے۔
(۵۸)ہاں چند مہینے بلکہ چند روز ہی ہیں۔
(۵۹)حسن عارضی ہے اسکو قیام نہیں ہے مگر تاہم وہ عورت تمہیں مل جائے گی۔
(۶۰)خوبصورت گھوڑوں کا۔شراب وکباب کا۔عیش وعشرت کا۔ (۶۱)زرد رنگ دراز قد خوبصورت چھدرے بالوں والا۔ (۶۲)یہ علامت ماتحت زہرہ کی ہے اور اسی سبب سے وہ معشوقہ تمہیں ملے گی۔ (۶۳)اس علامت سے بجائے سچائی کے دھوکا سا معلوم ہوتا ہے۔ (۶۴)زہرہ پر مریخ کا سایہ پڑ گیا ہے اس سبب سے جھوٹ رنج اور افسوس پیش آئے گا۔

Scanned by CamScanner

(۱) علامت فیصلوث ہے۔ کامیابی محدود ہے اور وہ بھی یقینی نہیں ہے (۲) محسود خلائق ہونا ہے (۳) اگر حسین ہے یا زعفرانی رنگ رکھتی ہے تو بیشک (۴) اس علامت کا مالک قمر ہے وہ اس دن زوال میں رہتا ہے اس لئے شکوک وارد ہیں (۵) ہاں ہاں بشرطیکہ عمر بیس سے اونچی ہو (۶) تمہارے دشمن اجل کا شکار ہیں (۷) اگر بچے دل سے پوچھتا ہے تو سائل کو کچھ سفر درپیش ہوگا (۸) دور دور پھرے گا بڑی بڑی مصیبتیں بھگتے گا۔ (۹) جب قرعہ یہ ڈالا ہے تو سیاحت یقینی ہے۔ (۱۰) منافع۔ یار غار عیش و سرور لگاتار مگر زیادہ دوست زبانی (۱۱) علامت خوش نصیبی کی ہے شگون اچھے ہی اچھے ہیں۔ (۱۲) بڑے لوگوں کے ساتھ لین دین خصوصاً عام تجارت عموماً (۱۳) ساری عمر میں ایک مرتبہ یا دو مرتبہ (۱۴) یا تو مر گیا ہے یا بہت ہی بڑے مہلکہ میں ہے۔ (۱۵) بعض روئیں گے پیٹیں گے بعض خوشیاں منائیں گے بعض قتل کیے جائیں گے (۱۶) بڑے بڑے شکوک۔ امور پوشیدہ کا۔ گہری چیزوں کا اسباب کا۔ (۱۷) غالب آئے گا پر آئے گا (۱۸) آثار خوش نصیبی کے اب بھی عیاں ہیں۔ (۱۹) ہاں۔ البتہ کوشش ذرا احتیاط ہوشیار سے کرے (۲۰) گردش ایام اس کی ختم ہونے والی ہے (۲۱) خوش قسمتی سے دور ہے بد قسمتی کے قریب ہے۔ (۲۲) پندرھواں، بچیسواں، چونتیسواں، پینتیسواں اور پنتالیسواں سال اور عمر آخر۔

(۲۳) اگر ہوگا بھی تو کھو بیٹھے گا۔ (۲۴) زہر بھی پیے کا خطرہ ہے اور آفات و بلیات بھی سہے گا (۲۵) بیالیس اور پنتالیس کے بیچ میں مرمر کے بچے گا (۲۶) تمہارے طالع سے عمر طویل ظاہر (۲۷) ابر رہے گا مگر قحط سالی ہوگی پیداوار بھی کم (۲۸) براوقت آنے والا ہے آگاہ ہو جاؤ (۲۹) مکر و فریب، دغا دھوکا ہوگا (۳۰) ہے اس لیے کہ آپ کے پاس توڑے بھرے ہوئے ہیں (۳۱) اس شگون سے طرفین کا نقصان نظر آتا ہے۔ (۳۲) اب تو بے رحمی اور نا انصافی کی امید رکھو۔ (۳۳) کوئی خواہش نفسانی غالب آجائے یا کوئی دھوکا ایسا دے کہ ارض مقدس تک نہ جائے (۳۴) زہرہ سے جس کا عمل ہے صدق معلوم ہوتا ہے (۳۵) غالباً یہی بات ہے (۳۶) عورت کی شرارت ہے (۳۷) جھگڑے قضیے کرنے سے نکلے تو نکلے (۳۸) رنجیدہ ہے تو خوشی کا امیدوار رہ خوش ہے تو رنجیدگی کا (۳۹) شگون اعدائے سخت کا ہے (۴۰) اگر دور شراب چلا تو جھگڑے ہی جھگڑے ورنہ چین چان ہے۔

(۴۱) آپ کے طالع کا عامل مشتری ہے دوست تقدیر میں بہت سے ہیں۔

(۴۲) امن و آرام سے چلے جاؤ عمل تمام نیک سیاروں کا ہے (۴۳) سفر کو جاؤ کچھ پروا نہیں جہاں جاتے ہو وہاں سیارگان نیک کا عمل ہے (۴۴) تمہارے لیے تو وفادار اور صادق ہے۔

(۴۵) فقط وہ تاریخیں منحوس ہیں جن میں ۳ یا ۶ کا ہندسہ آئے۔ (۴۶) منحوس لوگ جو قلم مار کر پیٹ پالتے ہیں اور جن کے طالع پر زحل حاوی ہے (۴۷) جس جگہ سوال کیا گیا ہے یہ منحوس ہے بعض سے ڈرتی ہو۔

(۴۸) نادیدہ موانعات اسے روک دیں گے۔ (۴۹) ہاں جھوٹے صلاح کاروں سے۔ (۵۰) جب جی چاہے کھیلے کبھی جیتے گا کبھی ہارے گا۔ نری جیت نہیں ہے۔

(۵۱) وہ جیتے پر جیتے۔ (۵۲) اب نہیں اپنی خواہشیں ترک کرو۔ (۵۳) اس سیارے سے رونے پیٹنے کے آثار نمایاں ہیں۔ (۵۴) ہموم و غموم۔ رگوں اور پٹھوں کا درد اور رنجش آمیز بیماریاں۔ (۵۵) اول بڑا وقفہ معلوم ہوتا ہے۔ (۵۶) اگر صدق دل سے سوال کرے، ہو تو لڑکا۔ (۵۷) یہ سیارہ خوشامد طلب ہے حساب کتاب سے اس کا صدقہ دریافت کرو۔ (۵۸) یہ سیارہ مشکوک ہے مگر گاڑی بھر کنبہ پیدا کرتا ہے۔

(۵۹) تین دن کے اندر اندر (۶۰) مجھے تین دکھائی دیتے ہیں۔ (۶۱) کبھی عبادت گاہوں کے کبھی تجہیز و تکفین کے کبھی دعوتوں کے معشوقوں کے عیش و نشاط کے۔ (۶۲) خوبصوت بالوں والی کامنی سی زہرہ کی چہیتی۔ (۶۳) خوبصوت مگر دولتمند نہیں۔ (۶۴) ایسے موانعات کی علامتیں پائی جاتی ہیں جو اُس کے سچ کو ڈگمگا دیں۔

Scanned by CamScanner

(۱) جب یہ علامت پسند کی ہے تو اس میں تمہارے لیے برائی ہے وفا کہاں۔ (۲) غالباً سائل کو اول اول دقتیں پیش آئیں گی (۳) بعض علامتیں ایسی ہیں جن سے خوش نصیبی معلوم ہوتی ہے۔ (۴) اگر وہ خود اپنی نیت نہ بدل ڈالے تو ہو جائے گی (۵) اس علامت کی سرعت سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ ہوگی (۶) اس سے زیادہ تو اور کوئی یقینی امر نہیں (۷) بلاشک و شبہ (۸) تیسویں، بتیسویں، چوالیسویں انچاسویں برس (۹) اس کے سفر میں تقدیر سے کامیابی ہوگی (۱۰) خشکی و تری دونوں کا (۱۱) ایسے شخص سے دوستی ہوگی جس کا شان نہ گمان (۱۲) علامت سے تو ایسا ہی معلوم ہوتا ہے (۱۳) ایسا پیشہ جس میں جانوروں کا کام زیادہ پڑے۔ (۱۴) وسط عمر میں تھوڑا سا۔ (۱۵) علامت زندگی ہے۔ (۱۶) خاصہ ہے نہ بہت مبارک نہ بہت منحوس۔ (۱۷) عجائبات کا۔ کتب کا راز ہائے سربستہ کا۔ عیش و نشاط کا۔ (۱۸) آثار جواب پھیلے ہوئے ہیں ان سے کامیابی نمایاں ہے (۱۹) کچھ محنت کچھ توقف پھر کامیابی ملے گی۔ (۲۰) خاصہ پھلے پھولے گا مگر نقصان بھی اٹھائے گا (۲۱) بہت سی تکلیف اکثر رنج و غم اور جھوٹی دوستی۔ (۲۲) تمہارے سیارے سے آثار بد ظاہر ہوتے ہیں۔ ہوشیار رہنا (۲۳) بیالیس اور سینتالیس کے درمیان تمہاری تقدیر اچھی سے اچھی ہے۔

(۲۴) جن سیاروں کا اب عمل ہے ان سے تمہاری امید بیکار نظر آتی ہے (۲۵) سائل کو آگ زہر اور جانوروں سے حذر واجب ہے (۲۶) جوانی میں بیماری بڑھاپے میں تندرستی پھر اکتالیس سے ترپین تک خطرہ۔ (۲۷) گردن کا وقت ہے تو قرعہ سے عمر بڑی معلوم ہوتی ہے۔ (۲۸) اگر سوال جاڑے میں پوچھا ہے سردی زیادہ گرمی میں تو خشکی خزاں میں تو شبنم بہار میں تو بارش۔ (۲۹) علامت رابعیص جو ہم مریخ ہے اس سے ممالک غیر میں خون خرابے نظر آتے ہیں۔ (۳۰) اس کا خیال تک کرنا غلط ہے۔ (۳۱) غصہ کی باتوں سے قریب قریب ہارے گا (۳۲) مریخ جس کا طالعہ ہے پستہ قد سرخ رنگ تند مزاج (۳۳) بذریعہ ایک حسین عورت کے اس کا مطلب حاصل ہوگا۔ (۳۴) سائل سے کہو کہ چلا جائے اس پر مشکلات ہونے والی ہیں۔ (۳۵) علامت سے کچھ سچ معلوم ہوتا ہے پھر اگر خبر بد ہو تو یقین نہ کرنا۔ (۳۶) اگر اس پن عورت کا ہاتھ ہے تو مل جائے گا۔ (۳۷) چور مرد لے گیا اور تمہیں دغا دے گیا۔ (۳۸) اگرچہ چور بھاگ جائیں گے مگر پتہ لگنے والا ہے۔ (۳۹) ایک دشمن سے ابھی جھگڑا ہونے والا ہے۔ (۴۰) زیادہ تر بے بنیاد ہیں۔ (۴۱) دشمنوں کا کچھ خیال نہ کرو۔ اور بے فکر ہو جاؤ۔ (۴۲) بہت سے مہربان رفیق۔ (۴۳) کوئی خطرہ دل میں نہ لاؤ۔

(۴۴) جلد جاؤ سیارگان موافق سے فائدہ معلوم ہوتا ہے (۴۵) علامت زحل ہے اور خیالات۔ سچے نہیں معلوم ہوتے۔ (۴۶) چوتھی، چودھویں، پچیسویں نحس، بارھویں سولھویں اٹھارویں، تیسویں سعد۔ (۴۷) سیاہ فام لوگ (۴۸) علامت سے بہت سارے معلوم ہوتے ہیں (۴۹) پیغام عرضی مہربانی سے اس کے قید خانہ کا دروازہ کھیگا۔ (۵۰) فی الحال کچھ خوف کچھ نقصان کچھ خطرہ ہے (۵۱) سائل کے لیے امید بالکل قطع کر دینا کہیں زیادہ مناسب ہے (۵۲) ایک گھوڑے کی نسبت جو عزیز تر ہے کچھ سازش ہے مگر تمہارا جیتے گا (۵۳) اس کی تقدیر سے بربادی نظر آتی ہے کیونکہ یہ کام ہے ہی برا (۵۴) حکیم اور دوا درمن سب مل کر بھی شاید ہی بچا سکیں (۵۵) کثرت بلغم، پیچش و ریاح۔ (۵۶) سائل کو چاہیے کہ چھٹی کو پھر پڑھے اور بھیجنے سے پہلے صحیح کر لے۔ (۵۷) لو صاحب خوش ہو جاؤ بیٹی لو حسین اور دسوں انگلیاں دسوں چراغ (۵۸) اس علامت سے ذرا مشکوک نصیبہ نظر آتا ہے۔ (۵۹) بہت سے بچے۔ (۶۰) اگلے چاند سے پہلے ہی پہلے۔ (۶۱) اس قرعہ سے تین دشمن دکھائی دیتے ہیں (۶۲) زرد جواہر کا۔ نایاب جواہرات کا۔ حسین عورتوں کا۔ (۶۳) وضعدار اور خوبصورت۔ (۶۴) حسین پیاری صورت موہنی مورت صفائی پسند دولت مند۔

Scanned by CamScanner

(۱) خوبصورت، طاقتور یا زرد رنگ۔ مگر تو بھی قبول صورت۔ (۲) بعض علامتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ دھوکا دیگا۔
(۳) اگر درجہ اوسط ملحوظ رکھا جائے۔
(۴) سائل کے لیے اس میں خوش نصیبی تو واجبی سی ہے۔ (۵) ہوگئی تو جلدی ہوگئی نہیں تو ہرگز نہیں۔ (۶) علامت اقراری ہے لہٰذا ضرور ہوگی۔
(۷) بات حد کو پہنچ کر بگڑ جائے گی۔
(۸) وہ سب اُس کی عرصہ حیات خاک میں ملیں گے۔ (۹) پچیس، تیس، اڑتیس، اور چون۔ (۱۰) بہت ہی۔
(۱۱) اُس کی زندگی سفر ہائے بحری و بری و انقلابات سے پُر ہے۔ (۱۲) کوئی تھوڑا سا۔ (۱۳) آثار رجم الشیاطین سے امید کامیابی ہے۔ (۱۴) سفر خواہ بحری یا بری۔ (۱۵) بڑھاپے میں ایک وصیت سے بہت سا مال وزر۔ (۱۶) زندہ ہے اور تم سے پھر بھی ملے گا۔ (۱۷) یہ سال فرخندہ فال ہے۔ (۱۸) حسین عورتوں کا یار دوستوں اور پوشیدہ عجائبات کا۔
(۱۹) وسائل تو کل موافق ہی موافق ہیں
(۲۰) ہاں چاہیے کہ دلیر بن کے کیے جائے۔ ہمت مرداں مدد خدا۔ (۲۱) ملکہ تقدیر بہت ہی کم اس کا ساتھ دے گی۔
(۲۲) آفت عظیم مگر نجات پائے گا۔
(۲۳) بہت ہی بدقسمت ہے۔
(۲۴) موجودہ علامات سے تقدیر جواب شافی دینا نہیں چاہتی۔ (۲۵) اسباب دنیا میں بہت بڑا امیر ہوگا۔ (۲۶) درد جوڑوں میں ہوگا یا کوئی عضو ٹوٹے گا۔
(۲۷) اگلے برس بیمار ہوگا مگر چالیس کے بعد تندرست رہے گا۔ (۲۸) خاصا بڑھاپا آئے گا۔ (۲۹) حرارت و خشکی کی کثرت ہوگی۔ (۳۰) علامات مختلف ہیں مگر جھگڑے قضیے بہت ہوں گے۔
(۳۱) علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ ذرا نہیں۔ (۳۲) فریب میں آکے وہ ہار نے کے قریب پہنچے گا۔ (۳۳) دونوں سے جو خوبصورت زیادہ ہے۔
(۳۴) بیشک جائے گردوں مہربان ہے۔ (۳۵) اس کی سدرہ کوئی چیز نہیں مگر ایک حسین عورت کی آنکھیں شکار کر لیں گی۔ (۳۶) کچھ سچ کچھ جھوٹ۔
(۳۷) جنہوں نے لیا ہے وہ تمہارے ہاتھ نہیں لگنے دیں گے۔ (۳۸) چوری گئی ہیں اور کچھ خرچ بھی ہوگئیں ہیں۔
(۳۹) مطلق نہیں۔ (۴۰) جھگڑے گالی گلوچ اور مشیران بد۔ (۴۱) ان کا خیال بھی نہ لاؤ۔ (۴۲) بے توقف جاؤ عجب لطف حاصل ہوگا۔ (۴۳) اعلیٰ درجہ کے ذی اعتبار دوست۔
(۴۴) زہرہ تمہارے جہاز کو با امن وہیں پہنچائے گا جہاں چاہتے ہو۔
(۴۵) طویل ہے اور سہج سہج چلتا ہے۔
(۴۶) سب باتوں میں تو نہیں۔
(۴۷) روز ہائے ہفتہ میں شنبہ اور مہینہ کا ہر بارھواں دن۔ (۴۸) بڑے بڑے آدمی۔ (۴۹) تم ہر طرف دشمنوں سے گھرے ہوئے ہو۔ (۵۰) تھوڑے ہی عرصہ میں۔ (۵۱) کچھ بڑے خطرے میں نہیں ہے۔ (۵۲) جب علامت یہ پسند کی تو اب جان لو کہ ہار تمہاری ہی ہے۔ (۵۳) ہرگز نہیں قرعہ برخلاف ہے بلکہ الٹا خطرہ ظاہر ہوتا ہے۔
(۵۴) افسوس ایسے کام میں ہاتھ ڈالنا سائل کی حماقت ہے۔ (۵۵) حالت خطرناک ہے۔ (۵۶) امراض بلغمی و سردی۔ (۵۷) علامت تسلی بخش ہے۔
(۵۸) بیٹی مگر بڑی حسین۔ (۵۹) اب بھی تو خوش نصیب ہی ہے۔ (۶۰) کچھ شک نہ کرو۔ (۶۱) ابھی ابھی لو ابھی ابھی بڑی ضروری خبر آنے والی ہے۔
(۶۲) بہت سے ہیں اور تمہیں ان سے ڈرتے رہنا چاہیے۔ (۶۳) رونے کا، مشروبات کا، گھوڑوں کا اور سفر بحری کا۔
(۶۴) سانولا مگر سلونا۔

Scanned by CamScanner

(۱) میانہ قد سے ذرا بلند اور مضبوط۔
(۲) خوبصورت زرد رنگ، چھدرے بال غریب و حلیم مزاج (۳) اس بارے میں جو تمہاری خواہشیں ہیں ان پر زنگ لگا ہوا ہے (۴) اس علامت سے قمر تمہارا ساتھی معلوم ہوتا ہے کامیابی نمایاں ہے۔
(۵) مخالف سیاروں کا دور دورہ ہے اپنی نیت بدل لو (۶) جس سے کہ تم شادی کرنا چاہتے ہو صادق القول نہیں دغا باز ہے۔
(۷) آثار طالع و عامل طالع سے معلوم ہوتا ہے کہ آجکل شاید نہ ہو (۸) نہیں صاحب اس علامت سے تو خوف ہے کہ اس سال نہیں ہوگی (۹) بیشک رہے گا دشمن بہتیرا مغلوب کرنے کی کوشش کرے گا مگر بے سود (۱۰) تیس اور اکتالیس کے درمیان (۱۱) ہوگا خوش قسمتی غالب ہے
(۱۲) بہت کم لیکن وہ بھی کچھ دور نہیں۔
(۱۳) روپیہ کی پریشانی اور ایک اچانک بیماری۔ (۱۴) معمولی طور پر اچھا ہے۔
(۱۵) لین دین خرید و فروخت ادلا بدلا۔
(۱۶) تیس برس کی عمر کے بعد دو دفعہ۔
(۱۷) جو علامت اس وقت پسند کی ہے اس سے اس کی زندگی کی امید ہے (۱۸) ان میں سے بہتوں کے لیے خوش نصیبی اور اقبال مندی۔ (۱۹) موجودہ لوگوں کا۔ ایک بھید کا اور ابھی ایک شک پیدا ہوا ہے اس کا (۲۰) جو آثار اس کے معلوم ہوتے ہیں ان پر پختہ نہ کرنا۔ (۲۱) علامت ہائے عاملہ سے اس کی ناکامی ظاہر ہے۔
(۲۲) حال ہی میں کامیابی کی امید بہت ہی کم ہے (۲۳) بیماری شر اعداء اور ایک جھوٹی تہمت انکے ذمہ لگاؤ (۲۴) آگاہ کر دو ایک ڈھلتی پھرتی چھاؤں سیارے پر پڑ رہی ہے (۲۵) پچھلی عمر (۲۶) بلاشبہ سیارگان سعد بروقت پیدائش عامل تھے۔
(۲۷) کوئی بڑا نہیں (۲۸) اگلے سات برس تندرستی کے ہیں (۲۹) جو عمر اچھی گئی گو ظاہر میں تھوڑی ہوئی فی الواقع بڑی ہے۔
(۳۰) بارش بکثرت ہوگی غلہ کو نقصان پہنچے گا۔ (۳۱) عمل مریخ و عقرب ہے کوئی سلطنتِ بزرگ فتنہ برپا کرے گی۔
(۳۲) یہ علامت جھوٹ ظاہر کرنے والی ہے کوئی امید نہ رکھنا (۳۳) کسی عورت کی باتوں سے وسیلہ سے یا اثر سے جیتے تو جیتے
(۳۴) دیکھو جی یہ علامت صلح کی ہے اب جو شروع کریگا ہاریگا۔ (۳۵) عرضی جلد بھیجو طالع تمہارا زور پر ہے۔
(۳۶) ملک غیر میں گھسنے سے پہلے ہی الٹا پھر آئے گا۔ (۳۷) ترک فلک کا بیان ہے کہ کچھ نہ کچھ جھوٹ اس میں ہے۔
(۳۸) علامت سے کھلتا ہے کہ اس کام میں سخت تکلیف و دقت۔ (۳۹) ایسے نے چرائی ہیں جس سے تم خود واقف ہو۔
(۴۰) قریب قریب یہ ناممکن ہے (۴۱) یا تو خوشی ہوگی یا کوئی تہوار آیا یا کچھ کامیابی ہوئی (۴۲) چاہیے کہ ذرا خیال نہ کرے۔
(۴۳) علامت اولم اور اثر مشتری سے خوشی ہوتی نظر آتی ہے (۴۴) تعلقات بہت سے ہو جائیں گے اور بلاشک کچھ دوست بھی ہوں گے (۴۵) طویل خطرناک اور فکر دینے والا (۴۶) سیارگانِ منحوس خطرہ ظاہر کرتے ہیں (۴۷) اس شگون پر زحل حاوی ہے اس سبب سے صداقت میں خطرہ ہے (۴۸) دوبارہ دیکھنے خطرناک ہے (۴۹) منشی مقصدی ظریف ایسے لوگ جن کا طالع عطارد ہے۔
(۵۰) بہت سے فریبی ظریف حاسد اور مکار دشمن ہیں۔ (۵۱) قید خانہ کی زنجیر تو اب بھی ٹوٹی ہوئی ہے (۵۲) تقدیر سے معلوم ہوتا ہے کہ بیہودہ لوگوں کی جانب سے خطرہ ہے (۵۳) علامت قرصار اور اس کی شگون سے سخت نقصان معلوم ہوتا ہے۔ (۵۴) کسی طرح نہیں (۵۵) بازی میں بدنصیب ہوگا
(۵۶) بیماری خطرناک ہے اور عرصہ تک رہے گی (۵۷) امراضِ جگر و فسادِ خون
(۵۸) جلد روانہ کر دو کامیابی ضرور ہونیوالی ہے (۵۹) خوبصورت اور نیک بیٹی (۶۰) اثرِ مشتری و علامتِ حوت سے بڑی خوش نصیبی نمایاں ہے
(۶۱) چند (۶۲) افسوس اس علامت سے نا اُمیدی ہے (۶۳) مرد ہیں یا عورت ہیں کتنے ہی (۶۴) مشکوک ہے پھر دیکھو

Scanned by CamScanner

(۱) تغیرات کا حیوانات کا گاڑیوں کا اور اچانک شبہات کا (۲) کم بالوں والا دراز قد اور خوبصورت (۳) ہر علم میں طاق ہر ہنر میں مشتاق پاکیزہ صورت اور خلیق صورت (۴) سچا ہے مگر مستقل مزاج و قائم نہیں ہے (۵) افسوس! امیدیں جھوٹی ہیں۔ (۶) نحوست پیش آئیگی کیونکہ علامات و آثار خراب ہیں (۷) تم نے قرعہ ہی ایسا ڈالا ہے جو تمہارے برخلاف ہے (۸) جب شگون بد جمع ہو جاتے ہیں تو نا اتفاقی اور جھگڑے پیش آیا کرتے ہیں (۹) آثار شمس زور آور ہیں یہ جوڑ عورت کے لیے بھاگوان ہے (۱۰) ہاں ضرور بالضرور۔ (۱۱) بہت دفع خاص کر پندرہ اور پچتالیس کے درمیان (۱۲) مشتری و اسد کا عمل ہے جس کی تعبیر بہت عمدہ ہے (۱۳) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عمر بھر انقلابات پیش آئیں گے نقل و بے چینی ہوگی (۱۴) کوئی مختصر سا سفر اور ایک خوشخبری (۱۵) اثرِ گردوں کے سبب اشیا پر حاوی ہے (۱۶) ملبوسات کا یا ماکولات و مشروبات کا لین دین (۱۷) ایک بڑا موٹا رشتہ دار مرے گا اور پھر سیم و زر میں لوٹو گے (۱۸) زندہ ہے اور واپس آ رہا ہے (۱۹) اب کے صحت بھی اور زیادہ دوست بھی لو (۲۰) صدمہ کا۔ بے اعتباری کا اور زر و سیم کا (۲۱) اس علامت سے فکر افکار نمودار ہیں۔

(۲۲) گو اول اول کامیابی معلوم ہو تھوڑے عرصہ میں وہ بہت پچھتائے گا (۲۳) ابھی تو نہیں کیونکہ اکثر منحوس علامتیں حائل ہیں (۲۴) رنج تکلیف اور اکثر امورات ناگہانی (۲۵) اس کی تقدیر اب بھی ترقی پر ہے (۲۶) اوسط عمر یعنی پچیس اور تینتالیس کے درمیان (۲۷) اپنی محنت سے دولت کمائے گا (۲۸) پانی سے خطرہ ہے چلنے سے پھپھولے سے اور ضرب سے (۲۹) اس قرعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بدن مرض پذیر ہے اور بیماریاں آنے والی ہیں (۳۰) تمہیں کتنا ہی برا لگے قسمت اس امر کی تصدیق نہیں کرتی (۳۱) سب موسموں کی شدت ہو گی اور عموماً بیماری پھیلے گی (۳۲) جنگ و جدل کے سب آثار موجود ہیں انجام کار خدا کے ہاتھ ہے (۳۳) پہلے تو تھا مگر اب مدت سے نہیں ہے (۳۴) علامتوں سے کچھ کامیابی معلوم ہوتی ہے (۳۵) گردش فلکی کا حکم ہے کہ زبردست کو شکست ہے (۳۶) تخت و تاج کا مالک تمہارا دم بھرنے لگے گا (۳۷) اس کے لئے اجنبی لوگوں کے ہاتھوں بڑی تکلیف مہیا ہے (۳۸) اگر خبر بد ہے تو ٹھیک اگر نیک ہے تو غلط (۳۹) بہت شاید مل جائے (۴۰) غفلت سے کھوئی گیں (۴۱) پتہ لگ گا۔ (۴۲) خوشی و خرمی و دوستی کی قدر و قیمت (۴۳) ان شگوفات میں نقصان بہت کم ہے (۴۴) یہ علامت اور یہ شگون تو خوشی و خرمی کی دلیل ہے۔

(۴۵) کچھ برائی ضرور ہے کیونکہ آثار دھندلے ہیں (۴۶) نقصان دہ بھی ہے اور پر خطر بھی (۴۷) اختتام پر ایک حادثہ ہونے والا ہے (۴۸) شگون تو اچھے ہی اچھے ہیں (۴۹) سعد تو خال خال ہیں مگر بُروں سے دسویں اور تیرہویں بدترین ہے (۵۰) وہ جو تمہارے پاس رہتے ہیں یا خود تمہارے گھر کے ہی ہیں (۵۱) ہاں علامات غالب سے معلوم تو ہوتا ہے۔ (۵۲) فی الحال تو بڑا شک ہے (۵۳) جس سیارے کا عمل فی الحال تمہارے طالع پر ہے اس سے خطرہ نظر آتا ہے (۵۴) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ تم ایسی بات چاہتے ہو جو تمہاری تقدیر میں نہیں (۵۵) خطرہ ہے کہ اچانک کوئی نقصان پہنچے یا یکایک کوئی صدمہ پڑے (۵۶) تمہاری تقدیر ہوا کی مانند بے ثبات ہے پھر ایسی امید رکھنا حماقت ہے (۵۷) بہت جلد شفا پائے گا (۵۸) اثر اوقات بخار ہو جاتا ہے (۵۹) جب ایسی علامات کا عمل ہو تو کامیابی یقیناً ہے (۶۰) بیٹا جو بڑا بھاگوان ہوگا (۶۱) ان کی تقدیر میں یہ ہے کہ دنیا میں بدنامی میں مشہور ہیں (۶۲) ان شگونوں سے کئی ہوتے معلوم ہوتے ہیں۔ (۶۳) اگر تمہیں کچھ امید ہے تو پہلے ناامید ہو جاؤ (۶۴) اگر سائل مونث ہے ایک نہیں اگر مذکر ہے کئی۔

Scanned by CamScanner

(۱) بیشک علامت حکم دیتی ہے کہ تم اپنی حفاظت کرو۔ (۲) زراعت کا کسی کار خلائق کا اور کسی ہجوم اور چیز کا۔
(۳) طاقتور اور معمولی قد و قامت کا۔
(۴) عمر میں سائل سے کم اور حلیم مزاج۔
(۵) جب سبیل نمودار ہو تو شک بھی ہوتا ہے خوف بھی۔ (۶) اول اول بڑی کھکھیڑ نظر آتی ہے۔ (۷) تمہاری تقدیر میں خانگی بکھیڑے لکھے ہیں۔ (۸) ہو گی اور تھوڑے ہی دن ہیں۔ (۹) اگر علامت کا یقین کرو تو جان لو کہ اس سے کہیں زیادہ امیر سے منگنی ٹھیرے گی۔ (۱۰) اگر عورت پوچھتی ہے کہہ دو ہاں اگر مرد کہہ دو نہیں۔
(۱۱) فتح پانے سے پہلے جھگڑے تو بڑے بڑے اٹھانے پڑیں گے۔ (۱۲) بائیس سے پچیس تک پھر اڑتیس سے انتالیس تک اور پھر تینتالیسواں سال۔ (۱۳) اسباب نا معلوم سے نقصان بڑے بڑے ہونگے۔
(۱۴) بہت بہت اور بہت سے اجنبی مقامات دیکھو گے۔ (۱۵) ایسے شخص سے ملو گے جو عرصہ سے غائب ہے اور روپیہ پاؤ گے (۱۶) آج نہیں۔ (۱۷) دھات کا کام یا کوئلوں کا یا جوہری پن یا سنار کا کام۔
(۱۸) اس کی تقدیر میں بہت دولت مردوں سے حاصل ہونے والی ہے۔ (۱۹) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دریا پار چین کرتا ہے۔
(۲۰) علامت اور اس کی تعبیر سے تھوڑے ہی دن میں کوئی موت ہوتی نظر آتی ہے۔

(۲۱) موت کا رنج کا اور کسی عجیب پوشیدہ مہم کا خیال ہے۔ (۲۲) شکایت بے سود ہے پھر خواہش کرو۔ (۲۳) پیشین گوئی کی جاتی ہے کہ بہت سے واقعات متواتر واقع ہوں گے۔ (۲۴) بدقسمتی مکھیوں مچھروں کے ساتھ آ گھسے گی۔ (۲۵) بہت سے انقلابات نئی نئی دوستیاں اور بہت کچھ تفریح۔ (۲۶) بیض ایسی علامت ہے کہ تمہاری تقدیر بدرجہ اوسط ہے۔
(۲۷) معلوم ہوتا ہے کہ بعد چالیس سال کے سائل کے دن بھلے آئیں گے۔
(۲۸) بھگوان بھی دولتمند بھی اور معزز بھی۔
(۲۹) جلنا۔ خوف۔ سباع اور زیادتی اخلاط۔ (۳۰) جوانی میں بیماری اور بعد چالیس برس کم تندرستی۔ (۳۱) اس میں بڑا شک پڑا معلوم ہوتا ہے۔ (۳۲) طوفان۔ سیل باران و باد۔ (۳۳) امن و آرام کی برکتوں سے سب شکر گزار ہوں گے۔
(۳۴) زمانہ قدیم میں بہت بڑا عالی شان خزانہ تھا مگر اب ذرا بھی نہیں۔
(۳۵) خوبصورت زہرہ تمہارے لیے مبارک ہے (۳۶) زخمی دونوں ہوں گے مگر پتلے چہرے والا جیتے گا (۳۷) رنج ناراضی اور تلوار کا خوف ہے اور مہربانی وغیرہ کچھ بھی نہیں (۳۸) زائرین کو تبرکات تک بھی ظالمانہ گرفتاری سے شاید ہی بچا پائیں
(۳۹) جھوٹ سے آگاہ ہو جاؤ یہ جھوٹ ہے یا دھوکا ہے (۴۰) ہوشیار آدمی کو چاہیے ذرا سخت بن کر تلاش کرے مل جائے گا۔

(۴۱) وزدشاطر کا کام ہے اس نے یہ غم و ماتم تمکو دیا ہے۔ (۴۲) اگر پتہ لگا تو اسی طرح لگے گا کہ گمان بھی نہ ہو۔ (۴۳) اے شخص فانی آثار علامات آسمانی اب تک تیری مدد پر ہیں۔ (۴۴) خوف و ڈر کچھ نہیں چاہیے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ (۴۵) واپس آنے پر رنج ہوگا۔ (۴۶) جب دورہ ان علامات کا ہو جن پر زحل حاوی ہے پھر تقدیر کیا کرے۔ (۴۷) سفر دریا سے باز آؤ کیونکہ رنج معلوم ہوتا ہے بہت سے جان لیں گے۔ (۴۸) فوراً ارادہ چھوڑ دو سفر پر مت جاؤ۔ (۴۹) خیال کو بدل لیتا ہے مگر ہے صادق۔ (۵۰) پانچویں، سترہویں، ستائیسویں نحس تیسری، تیرہویں، تینتیسویں سعد (۵۱) کیفیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بلند و بالا و بدنام ہیں۔ (۵۲) زبانِ بدگویان اب تک اس کے خلاف ہے
(۵۳) اول تو بہت دیر لگے گی (۵۴) ہاں تھوڑے ہی دنوں میں ہو جائے گا۔
(۵۵) اگر ایسا ارادہ بھی کیا تو جواریوں کے پھندے میں پھنس جائے گا (۵۶) رنگ جس گھوڑے کا سب سے زیادہ شوخ ہے جیتے گا وہ (۵۷) شاید (۵۸) مصیبت مرض طویل و خطرناک ہے (۵۹) امراض سر و معدہ (۶۰) جلد بھیجدو کہ جو ہونا ہوتا ہے ہو جاتا ہے۔ (۶۱) مادینہ (۶۲) ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں
(۶۳) چار۔ ممکن ہے کہ زیادہ بھی ہو جائیں
(۶۴) عشق آپ کا دشمن ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) حکم ہو گیا ہے کہ پیام چٹ پٹ پہنچے۔ (۲) اس علامت سے کثرت حریف معلوم ہوتی ہے۔ (۳) اپنے گھر کا، گئی گزری فکر کا اور ایک خطرہ کا جس سے نجات پائی تھی۔ (۴) زرد رنگ دراز قد مضبوط حسین اور قمر طالع۔ (۵) دبلی پتلی سانولی مگر سلونی۔ (۶) دوست آں باشد کہ گیرد دست دوست در پریشاں حالی و درماندگی۔ (۷) اگر عشق سچا ہے تو پھر مقدر آزمائی کر دیکھو کامیابی ہوگی۔ (۸) سائل کی کئی شادیاں ہوں گی اور کئی تبدیلیاں ہونگی۔ (۹) آجکل عروج شمس ہے تقدیر حسینوں مہ جبینوں کی ساتھی ہے۔ (۱۰) تقدیر موافق ہے جتنی جلد ممکن ہو بہتر ہے کوشش کر۔ (۱۱) جب یہ علامت دیکھ لی تو جہاں تک ہو سکے کامیاب ہونے کی سعی کر۔ (۱۲) ہیں تو بہت سے مگر یہ سبھی پر غالب آئے گا۔ (۱۳) ۱۰، ۱۵، ۲۶، ۲۷، ۳۳، ۳۷، ۴۳، ۴۶، ۵۱۔ (۱۴) اب تو ایسے سیاروں کا دور دورہ ہے کہ ان سے کچھ کامیابی معلوم ہوتی ہے۔ (۱۵) تقدیر میں ہے کہ گھر سے بہت دور جائے برگشتہ پھرے۔ (۱۶) دوست زیادہ اور روپیہ دانی۔ (۱۷) آجکل دن عموماً عمدہ ہے۔ (۱۸) جو کچھ اس وقت کر رہا ہے اس میں سب کچھ کر لیگا۔ (۱۹) ترپین سال میں ایک وصیت سے کچھ ملنے کی امید ہے۔ (۲۰) غائب حال میں بہت تکلیف اٹھا چکا ہے مگر ہے زندہ۔

(۲۱) چند آدمیوں کو بُری گھڑی اور ایک کو موت۔ (۲۲) ایک راز مگر کار کسی چیز کے روکنے کا اور چلنے پھرنے کا (۲۳) تم نے علامت بد پسند کی ہے۔ (۲۴) معلوم ہوتا ہے کہ تقدیر فی الحال بالکل مخالف ہے (۲۵) تمہارے لیے ہر دم کی مصروفیت نفع دہ ہوگی (۲۶) خبر اچانک سفر اور تبدیلی مکان (۲۷) جو آثار اس علامت پر مبنی ہیں وہ بہت ہی اچھے ہیں (۲۸) پندرہ سے انیس تک پچیس سے تیس تک اور چھیالیس کے بعد سب (۲۹) اگر علامت صحیح پسند کی ہے تو کچھ نقصان ہوگا پھر بعد میں امید ہے (۳۰) نقصان و خطرہ آگ سے اور تیز ہتھیاروں سے (۳۱) بیماری در سال ۱، ۲۳، ۲۶، ۳۲، ۴۳ (۳۲) نہیں (۳۳) چرخ گرداں سے موسم خشک و خوش آیند معلوم ہوتا ہے (۳۴) امن وارزانی رہے گی صنعت و حرفت میں ترقی ہوگی (۳۵) اگر کچھ ہے تو اس کا پتہ لگنا از بس دشوار ہے (۳۶) اس وقت آسمان پر ایک ستارہ اس کے موفق ہے (۳۷) وہ غالب نہیں آنے کا جس کا تم خیال کر رہے ہو (۳۸) خطرہ ہے ذرا اپنی خواہشوں کو ملتوی کرو (۳۹) قید میں جائے گا یا ہتھکڑیاں پڑیں گی (۴۰) اگر خبر مصیبت ہے ٹھیک ہے۔ (۴۱) تین مہینے کے اندر اندر ملے تو ٹھیک ہے (۴۲) عورتوں نے چرایا یا کھویا غرض ان سے تحقیق کرو (۴۳) پتہ لگا تو لگا نہیں تو کچھ ذکر اس کا ضرور تم سنو گے۔ (۴۴) بہت سی سیریں۔

(۴۵) رنج کی علامتیں (۴۶) اس قرعہ سے تکلیف و پچھتاوا ظاہر ہوتا ہے۔ (۴۷) دوست زبردست مگر ایک ناگہانی دشمن بھی پکا ہی ہوگا (۴۸) پانی میں گھسنے کی جرات نہ کرو کیونکہ خطرہ و خوف ہے۔ (۴۹) سیارگان عطارد سے خوش قسمتی نمودار ہوتی ہے (۵۰) اس علامت سے اس کی صداقت ظاہر ہے مگر کبھی وہ رائے بدل لیتا ہے (۵۱) سائل کیلیے ہمیشہ تاریخہائے سعد ہر مہینہ کی بہتر ہیں۔ (۵۲) اکثر وہ ہیں جو اس کے قریب رہتے ہیں اور جن کا عامل عطارد ہے۔ (۵۳) فی الواقع بہت سے ہیں۔ (۵۴) نجات و مخلصی محال ہے تکلیف سر پر ہے کیونکہ ستارہ زحل حاوی ہے۔ (۵۵) جھوٹے فریبی دغا باز چوطرفہ سے گھیرے ہوئے ہیں (۵۶) یہ نیت یہ ارادہ تمہارے حق میں مہلک ہے بالکل چھوڑ دے (۵۷) جیتے گا اور اگر نہیں تو بھی کسی نہ صورت سے تمہیں نفع پہنچائے گا (۵۸) بدقسمتی سخت ذلت و خواری تک پہنچائے گی اگر تم زیادہ کھیلے (۵۹) اب خوش رہو بیمار خطرہ سے نکل گیا (۶۰) اس علامت سے جسم کی طاقت و توانائی معلوم ہوتی ہے امراض کیسے (۶۱) علامت ایسی ہے جس سے کامیابی معلوم ہوتی ہے (۶۲) لڑکی خوبصورت حسین خوشنما۔ (۶۳) قسمت کبھی اچھی کبھی بری غرض ادلتی بدلتی رہے گی۔ (۶۴) ان باتوں سے عقیمہ معلوم ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) بہت سے (۲) خبر آنے والی ہے مگر تھوڑے دن صبر کرو (۳) اگر عشق و محبت کا معاملہ ہے تو بلاشبہ ایک ہے۔
(۴) سفروں کا دریاؤں کا دشمن کے خوف کا اور تبدیل مکان کا (۵) دبلا پتلا۔ سیاہ فام اور دراز قد (۶) کالی یا زرد رنگ مگر بڑی سمجھدار (۷) کچھ شبہات پڑتے ہیں مگر بحیثیت مجموعی وہ صادق ہے (۸) قمر اب تمہارے طالع پر عامل ہے اس سے فائدہ اٹھاؤ۔ علامت بھی کامیابی کی ہے (۹) سائل مرد ہے تو بدرجہ اوسط عورت ہے تو بدرجہ اعلیٰ (۱۰) علامت فلکیہ سے شادی ہوتی نظر آتی ہے (۱۱) پہلے پہل وقت پیش آئے گی (۱۲) اس سال تو کوئی شادی وغیرہ ہوتی معلوم نہیں ہوتی (۱۳) بیشک موجودہ دشمنوں سے مگر جب تک وہ زمین پر ہے دشمن تو رہیں گے (۱۴) سائل کو کبھی سفر دراز کا یا اکثر سفر کرنیکا موقع نہ ملے گا (۱۵) معمولی طور پر ہوگا مگر مناسب ہے کہ روزِ سعد مقرر کرے (۱۶) سالہا سال آئندہ تک کسی طرح نہیں (۱۷) جو پیش آئے گا وہ خوش قسمتی ہوگی (۱۸) جس کام میں آج جی لگا کر کرو گے اس میں ضرور کامیاب ہوگے (۱۹) میوہ جات یا غلہ جات یا حیوانات کی خرید و فروخت۔ (۲۰) مُردوں سے قبروں سے مقبروں سے بہت سی دولت ملے گی۔

(۲۱) غم تو اس پر یکا یک بہت چھائے تھے اور خوف سے شاید مر گیا (۲۲) بہتروں پر آفتیں آئیں گی (۲۳) نقصان کا ایک سفر کرنے کا اور کسی کا روائی کے وسائل میں بھی شک کر رہا ہے۔ (۲۴) علامت رنج ہے کل پر ملتوی رکھو۔ (۲۵) قرآن البتہ مبارک ہیں۔ (۲۶) اس میں کامیاب تو ضرور ہوگا مگر اپنے تئیں دولتمند نہیں بنانے کا (۲۷) کچھ تغیرات و انقلابات اور ایک عجیب بہادری کا کام۔
(۲۸) خوش قسمتی کہاں تم پر تو عجیب عجیب واقعات ہونیوالے ہیں (۲۹) اکتیس اور اکتالیس کے درمیان (۳۰) دولتمند ہوگر دولت اس کی ٹھہرے گی نہیں (۳۱) کسی بھاری شے کے گرنے سے خطرہ (۳۲) بتیسواں برس پورا ہونے کے بعد بڑی بیماری (۳۳) زہرہ طلوع پر ہے اور بشارت درازی عمر دیتا ہے (۳۴) مینہ برسے یا گھٹا اور غبار چھایا رہے (۳۵) حرص بڑھتی جاتی ہے۔ جانب جنوب جنگ۔ یہاں امن (۳۶) کچھ ہے مگر اتفاق سے تمہیں نہیں ملنے کا (۳۷) صاف معلوم ہوتا ہے دلیر بن کر اپنی خوش نصیبی سے متمتع ہو (۳۸) آغاز کنندہ یا یوں کہو کہ جو اوّل حملہ کرے گا (۳۹) شاہ و شہزادوں کے اردگرد خوشامد کا ہالہ ہوتا ہے (۴۰) علامت سے فتنہ و فساد خونریزی و قید نمایاں ہے زائران کے لیے تیار رہے۔

(۴۱) اگر خبر خوش قسمتی ہے تو ٹھیک ہے۔
(۴۲) اس کی امید تو ضرور ہے۔
(۴۳) الگ کہیں بھول کر رکھ دی ہے۔
(۴۴) اولم کا بیان ہے کہ سراغ لگ جائے گا۔ (۴۵) کوئی دوست یا رشتہ دار قریب المرگ ہوگا۔ (۴۶) افسوس یہ صحیح ہیں۔
(۴۷) الگ ہی رہو ورنہ رنج کی امید رکھو۔
(۴۸) اختر ولادت سے کوئی بھلائی دوستوں سے تمہارے لیے اب تک نہیں معلوم ہوتی۔ (۴۹) امن و آرام (۵۰) حکم ہے کہ جلد جاؤ (۵۱) بالکل صادق ہے ذرا نہ دل میلا کرو۔ (۵۲) مہینہ کی ہر جفت تاریخ سعد ہے سوائے چھٹی کے۔
(۵۳) سیاہ فام اور مکار (۵۴) دلی دشمن اور دغا باز دوست تمہارے گھر کے پاس ہی رہتے ہیں۔ (۵۵) علامات بد سیارگان منحوس سے قید خانہ کا دروازہ مقفل رہے گا۔ (۵۶) ڈر ہے کہ وہ ابھی خطرہ میں ہے۔ (۵۷) کچھ دنوں تو اسکا ستارہ غالب رہے گا پھر مغلوب (۵۸) ہاں۔
(۵۹) ہاں فی الحال تو اچھا خاصہ موقع ہے۔
(۶۰) ستارہ جو عروج پر ہے اس سے صاف صاف صحت معلوم ہوتی ہے۔ (۶۱) دردسر گٹھیا اور جگر کی شکایتیں۔ (۶۲) غالباً بد قسمتی قریب ہے۔ (۶۳) بیٹا مگر بڑا بہادر۔ (۶۴) یہ علامت تمہاری خواہش کے مخالف زیادہ ہے موافق بہت کم۔

Scanned by CamScanner

(۱) یہ قرعہ قمر ہے اور قمر قائم المزاج نہیں لہٰذا کبھی خوش نصیب کبھی بدنصیب (۲) بیٹا بھی بیٹیاں بھی (۳) خبر کے جلد آنیکی بہت سی علامتیں ہیں (۴) تمہاری قسمت ہے ہی ایسی پیچدار کہ بے دشمن تم رہ نہیں سکتے۔ (۵) ایک شخص کا جو عزیز و قریب ہے ایک تدبیر کا اور سرگزشت کا (۶) ایک شخص اجنبی جس کی پیدائش ایسی عامل کے وقت ہوئی ہے جسے قیام نہیں (۷) معزز اولاد دولتمند نہیں ہے (۸) صادق وفادار مگر ارادے ناپائیدار ہیں (۹) عشق میں جو کامیابی ہونیوالی ہے وہ اسے جلد ثابت ہو جائے گی (۱۰) تمہاری ساری عمر میں اعلیٰ چیز تو شادی ہی لکھی ہے (۱۱) جو علامتیں اختیار کی ہیں مبارک ہیں (۱۲) جیسی خواہش ہے ویسے ہی لو (۱۳) فی الحال تقدیر اس کے خلاف ہے اور کچھ دن اور بھی رہے گی (۱۴) زندہ تو رہے گا مگر دشمن ان کی بجائے اور کھڑے ہو جائیں گے۔

(۱۵) بائیس اور چالیس کے درمیان۔

(۱۶) غالباً یہ ثابت ہونے والا ہے کہ درجۂ اوسط تک بھاگوان ہے (۱۷) اپنی زندگی میں تمہیں سمندروں پار جانا ہے۔

(۱۸) بہت سی خوشیاں روپیہ اور تحائف کا ہاتھ آنا (۱۹) آج افق پر ایک ستارہ خوش نصیبی کا طالع ہے (۲۰) یا تو بڑے لوگوں سے لین دین یا شرفا کی نوکری۔

(۲۱) کسی طرح اس کی پیشین گوئی نہیں ہے

(۲۲) اس کا قیام آخری ختم ہو گیا اور اس کی تقدیر کا لکھا پورا ہو چکا (۲۳) سائل جھگڑوں بکھیڑوں اور قسمت بد کا ہے

(۲۴) کسی ناامیدی کا یا کسی طبعیت سست کا

(۲۵) تمہاری دلی خواہشیں جو نکمی بھی نہیں ہوتی ہیں پوری ہو جائیں گی (۲۶) اوّل محنت اور دِقّت پھر کامیابی (۲۷) قسمت تغیر پذیر کو ثبات نہ ہوگا (۲۸) یہ سال پُر از حادثات ہے، بڑے بڑے انقلابات ہونگے (۲۹) اس کا ستارہ عامل عروج پر تو ہے مگر دھندلایا ہوا ہے (۳۰) ساری عمر میں بڑی فراخی تو کبھی نہیں ہونے کی

(۳۱) اگر دولت مل گئی، تو بہت سے خطرے ہیں جن سے اس کی خواہش پوری نہ ہوگی

(۳۲) کٹنا جلنا پھپھولے پڑنا اور ممکن ہے کوئی کیڑا کاٹ جائے (۳۳) اگلے تین سال بیمار اور بعد اکتالیس کے صحت کامل

(۳۴) ایک سیّارہ سے بہت بڑی امید عمر طویل کی ہے (۳۵) علامات خشکی و آندھی پرزور ہیں (۳۶) قریب کے بڑے لوگ بہت مریں (۳۷) ذرا یقین نہ کرو کچھ نہیں ہے (۳۸) جھوٹی قسم اس کے برخلاف غالب آ جائے گی (۳۹) لڑائی ہر دو کی خطرناک ہے مگر پستہ قد جیتے گا (۴۰) بہتر ہے کہ کچھ دن اور توقف کرو پھر خیال کرنا۔

(۴۱) زیارت پُر لطف ہو گی اچھی اچھی جگہیں دیکھے گا امیر نوازش کریں گے۔

(۴۲) اگر خوش خبری ہے تو کسی طرح ممکن نہیں کہ صحیح ہو۔

(۴۳) غالباً پتہ لگ جائے گا بلکہ ہاتھ آ جائیگی (۴۴) چوری گئیں اور خورد برد بھی ہو چکیں (۴۵) اب کہیں پتہ لگتا ہے۔

(۴۶) دوستان پُر دغا رنج دلفرسا شوئی فردا۔

(۴۷) بے سبب نو نہیں ہیں (۴۸) نہ جانا بہتر ہے (۴۹) تقدیر سے بہت سے دوست ہوں گے (۵۰) آندھیاں چلیں گی طوفان آئیگا مگر صحیح سلامت رہو گے

(۵۱) جانوروں سے بچنا تقدیر میں کچھ گزند کا خطرہ ہے (۵۲) صداقتِ صاف صاف ظاہر ہے (۵۳) چھٹی اور سترہویں سے اجتناب لازم ہے، سعد ترین تمہارے لیے چودہ ہے (۵۴) زحل کا ایک ستارہ ان کا عامل ہے اور وہ ایسے ہیں جو دور دراز سے آئیں گے (۵۵) جب علامت یہ ہے تو ذرا شک نہیں کہ دشمن ہیں

(۵۶) تا حال کوئی امید نہیں۔

(۵۷) آئندہ چھ مہینے اپنی حفاظت کرو۔

(۵۸) یہ نفع کی خوشی کی اور رنج کی علامت ہے کچھ فخر کی بات نہ ہوتی (۵۹) مشکلات تو نمایاں ہیں مگر جیتے گا وہی (۶۰) مغرب کی طرف منہ کر کے کھیلنا شروع کر دو تقدیر ساتھی ہے (۶۱) بھی تو قبر میں جانے کا حکم نہیں پہنچا بہر حال صحت ہوگی (۶۲) فساد معدہ درد اعضاء (۶۳) قاصد کو اجرت دے دو گے تو کامیابی ہے (۶۴) علامت توام ہے اور دونوں بیٹے۔

Scanned by CamScanner

(۱) ایک لڑکی جو دولت میں لاثانی ہوگی۔
(۲) فی الواقع ان کی زندگی میں بہت حوادث پیش آئیں گے (۳) جب یہ علامت اختیار کی ہے تو بہت سے بچوں کے آثار ہیں (۴) شعاعیں قمر کی تمہارے اختر ولادت پر پڑ رہی ہیں اور خبر جلد آنے کی امید ہے (۵) اگر کوئی ہے تو بہت ذلیل ہے (۶) محبت کا شادی کرنے کا یا کسی محفل نشاط میں جانے کا (۷) دراز قد اور خدوخال کی سادگی میں مشہور و معروف (۸) کوئی اجنبی یا پردیسی (۹) علامات عمدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ریا کار نہیں (۱۰) سائل کے لیے عشق خود مہربان ہے (۱۱) اسی طرح شادی بھی کہیں معمول سے کہیں بہتر ہے (۱۲) زہرہ کی شعاعیں تمہارے طالع کے ستارے سے مل کر آرزو پوری کریں گے (۱۳) حصول مقصد کے لیے بڑا رنج فکر اور تکلیف ہوگی (۱۴) اگر سائل اُنیس اور تیس کے درمیان آئے تو کہہ دو ہاں (۱۵) علامت سے انکار معلوم ہوتا ہے (۱۶) اس کی تقدیر میں سفر مطلق نہیں (۱۷) ستارہ بہت سی کامیابیاں ظاہر کرتا ہے (۱۸) انقلابات و تغیرات جو ظاہر ہیں اس سے سفر صاف معلوم ہوتا ہے (۱۹) ایک دھوکا باز صلاح کار سے بچتے رہنا اور روپیہ قرض نہ دینا (۲۰) جس چیز کا آغاز کروگے بہت کامیاب نہ ہوگے (۲۱) وہ اپنی خوشی کوئی اختیار نہ کرے (۲۲) بہت ہی خفیف امید ہے کہ اسے کچھ ملے۔

(۲۳) اغلب ہے کہ مر گیا (۲۴) انھیں ہوشیار کر دو بعض پر آفات نازل ہوں گی۔
(۲۵) کتابوں کا تصنیفات کا لیکچروں کا اور دقتوں کا (۲۶) تم نے علامت تو ایسی لی ہے جو ذو معنی ہے مگر تمہاری کامیابی کم ہے (۲۷) بہت امید مت رکھو (۲۸) خانہ دہم کا عامل بہت بڑی کامیابی کی خبر دیتا ہے (۲۹) اس کی تقدیر دغا کا شکار بنے گی اور مہمل رہیں گے (۳۰) زمانہ طوفان بلا قریب ہے (۳۱) پنتالیس کے بعد (۳۲) اس کے ہاتھوں بہت دولت نکلے گی مگر وہ رکھے گا بھی (۳۳) بڑا خطرناک تو کوئی نہیں مگر خفیف سی چوٹ اور زخم تو اکثر لگ جائے گا (۳۴) بیماری کے سال ۲۸، ۳۳، اور ۵۱ ہیں (۳۵) شاندار زہرہ تمہارے طالع پر حاوی ہے عمر بڑی ہے (۳۶) مینہ آندھی، گھٹا اور کہیں کہیں طوفان بھی آئے گا (۳۷) دیو جنگ و ترک فلک کا عمل ہے زمین پر نا اتفاقی کا کوڑا سجے گا (۳۸) جب یہ علامت نکلی ہے تو اس خبر میں دھوکا ہے (۳۹) کامیابی مشکوک ہے گو وہ بڑی سرگرمی سے مقدمہ کی پیروی کرے (۴۰) جو لڑائی شروع کرے گا وہی آج جیتے گا (۴۱) یہ علامت خوشی کی ہے اور اعلیٰ درجہ کے لوگوں کی مہربانی و قدر افزائی کی (۴۲) ستارہ مشتری اوج پر ہے۔ زائر اس کے اثر سے مستفید ہوگا (۴۳) غالباً زیادہ صحیح ہے۔
(۴۴) ایک مشکل یکا یک آپڑے گی کہ وہ مانع اُس کے ملنے کی ہوگی۔

(۴۵) اس میں چوری نظر آتی ہے۔
(۴۶) حقیقت یہ ہے کہ آسمان اس کے برخلاف ہے (۴۷) افسوس اس کی تعبیر ہے رونا پیٹنا اور رنج (۴۸) تقدیر فی الواقع برخلاف ہے اس کا خوف ہے
(۴۹) کوئی خاص نقصان سمجھ میں نہیں آتا فقط بے اعتدالی سے ضرور ہوگا۔
(۵۰) دوست اور دشمن دونوں پیدا ہوں گے (۵۱) بہت جلد تمام ہوگا اور خوب ہے (۵۲) ذرا نہ ڈرو اور ایسے جاؤ جیسے تیز رو گھوڑا ہوا ہو جاتا ہے (۵۳) بس جی زیادہ نہ دریافت کرو ماورا سے آزما لو۔
(۵۴) طاق تاریخیں تمہارے لیے نحس ہیں (۵۵) اتنے ہوشیار ہیں باوجود تمہاری ساری چالاکی کے قابو میں نہ آئیں گے (۵۶) بعضے بڑے فریبی اور بعضے ذرا ہوشیار سمجھدار (۵۷) علامات رنج ہیں خلاصی دیر میں ہوگی سب اسے بھولیں گے (۵۸) دشمن قریب ہیں کیونکہ اختر ولادت پر ابر چھایا معلوم ہوتا ہے (۵۹) جو داؤ تمہیں بتایا گیا ہے تاکید ہے اس کا پورا پورا دھیان رکھا تو چور تمہیں برباد نہ کریگا (۶۰) تمہارا گھوڑا تیزی میں برق باد کیوں نہ ہو آج بہت سے تیزی میں اس سے بڑھ جائیں گے۔
(۶۱) خوش نصیبی کی علامتیں تا حال مشکوک ہیں (۶۲) شفا پائے گا اور بہت جلد (۶۳) سردی اور رطوبت کی بیماریاں۔ (۶۴) ہوگا بشرطیکہ عورت کے متعلق ہو۔

Scanned by CamScanner

(۱) جو قرعہ تم نے ڈالا ہے اس کا عامل قمر ہے اس سے شاید کام بن جائے (۲) دختر نیک اختر ایسی پیدا ہو گی جس پر خدا کا ہر طرح کا فضل و کرم ہوگا (۳) اگر دن کی پیدائش ہیں تو بیشک ہوں گے (۴) غالباً بچے ہوں گے اور بہت سارے ہوں گے (۵) جس بات کو تم خود ناممکن سمجھتے ہو اس کا ہم سے پوچھنا بیوقوفی ہے (۶) جانب مغرب جو ستارے غروب ہوتے ہیں ان سے معلوم ہوا کہ ایک ہے اور بڑا زبردست ہے (۷) ناممکنات کا ناپائیدا رچیزوں کا اور ایسے کا جو عقل میں نہ آسکیں (۸) میانہ قد زرد رنگ ایسا جو دریا پار سے آئے گا (۹) ایسی حسین ہے جیسے زہرہ سیارہ کیونکہ یہی سیارہ تمہارے طالع کا عامل ہے (۱۰) مفروضہ تکلفات کا خیال کر کے اسے غصہ آتا ہے مگر تو بھی سچا ہے (۱۱) اگر سائل عورت ہے تو تقدیر سے کامیابی ظاہر ہے اگر مرد ہے مشکوک ہے (۱۲) اس میں شگون دولت کا ہے (۱۳) باوجود شگون ہائے لڑائی و حسد کے قسمت حکم لگاتی ہے۔ کہ تم کامیاب ہوگے (۱۴) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ تمہارے شگون بد ہیں (۱۵) اس سال شادی ہوگی۔ یا کوئی محبت ہوگی۔ مگر کامیابی کے ساتھ (۱۶) سیارگانِ عاملہ اس سے تو انکار کرتی ہیں۔ مگر تمہارا بدترین دشمن برباد ہو جائے گا (۱۷) 13، 20، 23، سال میں سفر خشکی اور عمر بھر میں تین دفعہ سفر تری دور دراز (۱۸) اس کے طالع میں قمر حاوی ہے۔ کیوں کہ تغیرات میں اسے کامیابی ہوگی (۱۹) بہت دفعہ دُور، دُور کے ملکوں میں جانا ہوگا۔ اور انقلا بات پیش آئیں گے۔

(۲۰) روپیہ اور کثرت عزت و وقعت و شہرت (۲۱) آج کا دن بھاگوانی اور کامیابی سے کو سوں دور ہے ستارہ منحوس ہے (۲۲) زین کا کام اور اسلحہ جنگی کا تیار کرنا (۲۳) کوئی نشان تک نہیں (۲۴) گذشتہ شگون ایسے بد تھے کہ اس کی موت کا گمان ہوتا ہے (۲۵) یہ سال تمہارے عزیز قریب کے لیے پر از حوادث ہے (۲۶) کارہائے پوشیدہ کا تصنیفات کا کتابوں کا اور ناخوشی بھی ہے (۲۷) اس کا ستارہ خانۂ کار میں آگیا ہے ممکن ہے کہ مراد پائے (۲۸) آثار سے محنت رنج مخالف اور انکے بعد کامیابی نمایاں (۲۹) مواقع اس کے برخلاف ہیں اس سے کہو کہ خود کوشش کرے (۳۰) کوئی بڑا جھوٹ جس سے غصہ، بدنصیبی پیش آئیگی (۳۱) تمہارا ستارہ جو چمکا کرتا تھا افسوس دھندلا گیا (۳۲) بتیس اور پچاس کے درمیان (۳۳) تقدیر سے اس کے آثار عمدہ اور ترقی کناں معلوم ہوتے ہیں۔ (۳۴) ایسا تو ایک بھی نہیں جس سے کچھ خوف ہو (۳۵) ترپن کے پورے ہونے تک تندرستی پوری پوری قائم رہے گی (۳۶) زہرہ خوشی کا پھر حکم لگاتا ہے کہ ہاں ایسا ہی ہوگا (۳۷) ہوا پُر از جس، وحرارت ہے اور موسم خشک ظاہر ہوتا ہے (۳۸) ستارہ جو دور سے نظر آتا ہے جنگ کا ہے پس لوٹ کے لیے تیار رہو (۳۹) کسی چیز کے دریافت کی بے فائدہ کوشش نہ کرو (۴۰) حقیقت یہ ہے کہ تم نے قرعہ بڑے خطرہ کا پسند کیا (۴۱) چونکہ عمل مشتری ہے آج خوبصوت جیتے گا۔

(۴۲) بے کھٹکے جاؤ کیونکہ سیارہ عامل تمہاری مدد پر ہے (۴۳) بڑی خوشی وخرمی کے ساتھ پوری کر (۴۴) اگر اچھی ہے یقین کر اور بُری کو جھوٹ سمجھ لو (۴۵) پہلے ہی بہت کوشش کی گئی کہ نہ ملے (۴۶) اگر چوری گئیں تو بڑے آدمیوں کا کام ہے یا یوں سمجھو کہ کھوئی گئی مگر ملنے کی نہیں (۴۷) اس کی امید رکھنی حماقت اور بے فائدہ ہے (۴۸) تمہارے طالع پر ایک منحوس ستارہ حاوی ہے (۴۹) بے بنیاد ہیں کچھ ڈر کی بات نہیں (۵۰) ممکن ہے وہاں کچھ جھگڑا ہو پڑے گالی اور گلوچ کی نوبت پہنچے (۵۱) حریف اور دوست اور ایسے مددگار جن کا خیال ہی نہ ہو (۵۲) خوش بخت ستارہ قریب ہے۔ بے فکر چلے جاؤ خوف وخطر نہیں۔ (۵۳) ستارہ زحل سے بہت سے خطرات ہیں اس لیے مت جاؤ (۵۴) علامت صداقت فیض کی ہے (۵۵) سائل کے لیے تیسری چھٹی سترہویں اور روز شنبہ سعد ہیں۔ (۵۶) ایسے لوگ جو ملازمین پولیس وعدالت ہیں (۵۷) ہیں مگر وہ کسی طرح اس پر غالب نہیں آسکتے (۵۸) اچانک ایک حادثہ سے اس کی زنجیر ٹوٹ جائے گی (۵۹) نہیں ہے (۶۰) علامت تو کچھ کامیابی کی ہے۔ مگر تقدیر ٹھیک نہیں اور ہماری رائے بھی نہیں (۶۱) گھوڑا سست معلوم ہوتا ہے (۶۲) افسوس تقدیر اس کے بالکل برخلاف ہے (۶۳) قرعہ کا بیان ہے کہ قریب المرگ ہے (۶۴) امراض سردی وجمع المفاصل اور استسقاء۔

Scanned by CamScanner

(۱) زیادہ تر رطوبت سے متعلق ہیں۔
(۲) اگر کامیاب ہونا ہے تو فوراً بھیج دو۔
(۳) دختر ہوگی جس پر انقلابات عظیم واقع ہوں گے (۴) ستارہ تغیرات کا ہے اور تقدیر ان کی قائم المزاج نہیں۔
(۵) علامت عقیمہ کی ہیں شاید ہی کوئی ہو۔
(۶) خبر ہو تو جلد آئے گی مگر سنو گے تم ایسا جو تم نہیں چاہتے (۷) بہت سے ہیں مگر زیادہ تر بدصورت (۸) کچھ نکمے خیالات ہیں جن کو ثبات نہیں (۹) دراز قد، بلند پیشانی، خوبصورت اور بڑے ارادے والا
(۱۰) نازنین جو حکومت کرنے کے لیے پیدا ہوئی ہے (۱۱) ولولے تو برخلاف بھی اٹھتے ہیں مگر پھر بھی وفاداری ظاہر کرتے ہیں (۱۲) نجوم کے قواعد سے اس علامت میں تمہارا اور عشق کا جوڑا ہے (۱۳) تمہارے لیے اس میں بھی درجۂ اوسط ہے
(۱۴) ہاں بیشک وہی غالب آجائے گی
(۱۵) ابھی تو بہت سی دقتیں راستہ میں ہیں پہلے ان سے گزر جاؤ (۱۶) تمہارے ستارے اور اس کے ہالہ سے تمہاری شادی قریب معلوم ہوتی ہے (۱۷) تمہاری تقدیر کے سامنے تمہارے سب دشمن مغلوب ہو کر خاک میں مل جائیں گے
(۱۸) مفصلہ ذیل میں سفر یا تبدیل مکان ہوگا 46 ,45,32,31,26,23 -
(۱۹) شگون شک کے ہیں بعض دفعہ بالکل اس کے خلاف ہے (۲۰) مگر کبھی اس ملک میں نہیں جس میں پیدا ہوا ہے۔
(۲۱) کوئی بہت بڑے رنج کی بات۔
(۲۲) سائل کے لیے دن منحوس ہے اور تقدیر ساعت سے کوسوں بھاگتی ہے۔
(۲۳) اسے چاہیے کہ امراء کی نوکری کرے یا بطور ایجنٹ (۲۴) ایک دفعہ شاید ملے مگر اس میں بھی کوئی اسے دھوکا دے جائیگا (۲۵) تمہیں اس امر کی خبر جلد پہنچے والی ہے (۲۶) سال مصیبت کا ہے شاید بیماری انہیں ہو (۲۷) ہلکے ہلکے خفیف خیالات ہیں اور جو لوگ موجود ہیں ان کے ہیں (۲۸) پیر کو کندھا لگاؤ۔ کوشش کرو کامیابی کچھ دور نہیں (۲۹) فائدہ کی خواہش جھوٹی اور خراب ہے
(۳۰) اُس کی تقدیر بہت بھدی اور نقصان دہ ہے (۳۱) بخار اس کی تندرستی پر حملہ آور ہوگا اور نقصان زر بھی ہوگا (۳۲) شگونہائے مخالف سے مصیبت آتی معلوم ہوتی ہے (۳۳) 37 اور 55 کے درمیان (۳۴) تمہاری تقدیر میں امیر دولتمند اور زبردست ہونا لکھا ہے
(۳۵) زہریلی دواؤں سے دو دفعہ خطرہ ہے یا سمندر سے (۳۶) بیماری مفصلہ ذیل برسوں میں ہوگی 54,43,23۔
(۳۷) مریخ کے اثر سے تمہاری عمر یا تو کم ہے یا پُراز حوادث (۳۸) جاڑے میں برف گرمی میں خشکی بہار میں بارش خزاں میں باد و طوفان (۳۹) اقوام عالم میں جھگڑے ہوں گے اور ایک بڑا فاتح خطرہ عظیم میں پڑے گا (۴۰) کوئی نہیں
(۴۱) تقدیر سے معلوم ہوتا ہے کہ جیتے گا۔
(۴۲) یہ کہنا مشکل ہے کیونکہ بیچ میں کچھ اور جھگڑا کھڑا معلوم ہوتا ہے۔
(۴۳) تمہارے طالع کے عامل سے اب بھی کامیابی ہی معلوم ہوتی ہے۔
(۴۴) ضرور بلکہ اسے بڑی عزت و شہرت ملے گی۔ (۴۵) اگر خبر بد ہے سچ ہے۔
(۴۶) کچھ عرصہ تک شگون برخلاف ہیں۔
(۴۷) گم ہو گئے ہیں مگر ان کے ڈھونڈنے سے دوست جھوٹے نکلیں گے۔
(۴۸) ایک ستارۂ منحوس تمہاری تقدیر کے خلاف ہے چور نکل گئے۔ (۴۹) سفر رنج دھوکا دغا کے بکھیڑوں میں قریب غرض ہوشیار رہو تعبیر بد ہے۔ (۵۰) اگر حقیقی نقصان کا خیال کرو تو خیالات جھوٹے اور نکمے ہیں۔ (۵۱) اس علامت سے تمہارے لیے خطرہ نظر آتا ہے۔
(۵۲) دونوں جلد جلد۔ (۵۳) جہاز ٹوٹیں گے شگون اچھے نہیں۔ (۵۴) بڑا طویل و بعید اور شاید ہے بھی خطرناک۔
(۵۵) وہ صادق ہے کچھ خوف نہ کرو۔
(۵۶) مہینہ کا ہر اتوار اور پانچویں عمدہ ہے۔ (۵۷) مضبوط دراز قد اور حسین۔
(۵۸) آج کل تو شاید ہی کوئی ہو۔
(۵۹) حکم ہو چکا ہے ضرور مخلصی پائے گا۔
(۶۰) جب تمہیں یہ علامت ملے تو خوف کو بھول جاؤ۔ (۶۱) کھیلو گے کھوؤ گے ہو سکے سو اختیار کرو۔ (۶۲) اب کی دفعہ نہیں۔ (۶۳) تمہاری امیدیں کچھ ہی ہوں تقدیر تمہارے برخلاف ہے۔
(۶۴) خطرہ قریب ہے شگونات سے بھی ڈر لگتا ہے۔ ایک برس خطرے کا ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) اگر بچانا چاہتے ہو معالج کرو۔ (۲) امراض سرسر۔ (۳) راہ میں کچھ روک معلوم ہوتی ہے۔ (۴) حسین و شکیل بیٹی۔ (۵) اُن کی تقدیر میں یکا یک خرابیاں پیش آتی معلوم ہوتی ہیں۔ (۶) اس وقت کے عوامل ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت سے تو نہیں ہونے کے۔ (۷) معلوم ہوتا ہے کہ خبر آرہی ہے مگر ساتھ ہی آثار نا اُمیدی بھی ہیں۔ (۸) تین ہیں ایک خوبصورت ایک سانولا رنگ ایک منحوس وشوم۔ (۹) روپیہ کا عمدہ اور پسندیدہ چیزوں کا قیمتی اور دل پسند اشیا کا۔ (۱۰) بہت ہی خوبصورت اور وجیہہ۔ (۱۱) اجنبی اور کچھ ان سے تمہاری وا قف کار ہے (۱۲) شاید ہو۔ (۱۳) بلا شبہ شگونوں سے اس میں بہت سی وقتیں معلوم ہوتی ہیں (۱۴) ہاں یا تو سائل بذریعہ اُس کے امیر ہو جائیگا یا عیش کرے گا۔ (۱۵) رمل اب تک بہت کچھ تمہارے برخلاف ہے۔ (۱۶) نہیں۔ (۱۷) امسال تو شادی بیاہ معلوم نہیں ہوتا (۱۸) دشمنان موجودہ سے تو بڑھ کر زندہ رہے گا (۱۹) تیس و چالیس کے درمیان سفر تری و خشکی پیش آئے گا (۲۰) تقدیر اس کے قدم بقدم چلے گی اور نفع ساتھ ساتھ رہے گا (۲۱) ہے مگر بہتر ہے کہ ابھی اس کا خیال بھی نہ کرے۔ (۲۲) بہت رنج بڑا غم۔

(۲۳) سائل کے لیے بہت منحوس ہے۔ (۲۴) خیر کام (۲۵) تمہاری تقدیر میں وصیت سے ہبہ اور تحائف سے حویلیاں باغات بہت ہیں (۲۶) علامات سے غم اور اس کی بہت بڑی تکلیف ظاہر ہے۔ (۲۷) بہت مبارک اور فرخندہ فال ہے۔ (۲۸) تصانیف وتحاریر کا کتب کا مشورات کا اور شکوک کا (۲۹) افسوس تمہاری تقدیر میں ہے کہ دھوکا کھاؤ اور نا امید ہو جاؤ (۳۰) تقدیر اس کے برخلاف بیان کرتی ہے (۳۱) علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ بدانتظامی وچوری سے بڑے نقصان ہوں گے (۳۲) خطرے کھٹکے انقلاب جھوٹے دوست اور قضیئے (۳۳) تقدیر میں بہت انقلابات ہیں مگر خوشی ہونے والی ہے (۳۴) جوانی و بڑھاپا (۳۵) بلاشک خورشید زر بروتاباں شود (۳۶) ڈر پانی کا بھی ہے چوٹ، صدمہ یا گرنے کا وغیرہ (۳۷) اُس کی عمر کا حصہ اول تندرستی دوسرا زوال صحت پھر بیماری ۴۳ سے ۵۵ تک (۳۸) اگر اب بھی بے اعتدالی کیے جاؤ تو نہیں (۳۹) امسال بہت گرمی اور خشک سالی رہے گی۔ (۴۰) دُور دُور سے جنگ کی خبریں آئیں گی (۴۱) اگر سائل سچے دل سے پوچھتا ہے اور ہمارا یقین کرتا ہے تو وہاں ہے۔ (۴۲) حکم تقدیر ہے کہ جیتے گا (۴۳) دراز قد حسین یا وہ جو دن میں پیدا ہوا تھا (۴۴) اُسے شاہ شہزادہ وامراسب کی عنایت وعطا حاصل ہوگی۔

(۴۵) مقام زیارت تک پہنچنے سے پہلے ہی پھر آئے گا۔ (۴۶) فی الحال شاید ہاتھ نہ آئے۔ (۴۷) اگر خبر بدوہم ہے تو ٹھیک ہے۔ (۴۸) سیاہ فام لوگوں نے چرائی ہیں۔ (۴۹) بڑی محنت اور پوری کوشش اور جانفشانی اس میں درکار ہے۔ (۵۰) تھوڑے عرصے میں بہت انقلابات وتغیرات پیش آئیں گے۔ (۵۱) ان سے حریف اور مہتم لوگ معلوم ہوتے ہیں۔ (۵۲) جب تم یہ علامت دیکھو تو جان لو کہ تمہارے لیے خوشی نہیں ہے۔ (۵۳) بہت سے دشمن اور بہت سی پوشیدہ تکلیفیں۔ (۵۴) بڑا خطرناک اور بہت برا۔ (۵۵) اپنے گھر کام میں لگے رہو نہ کہیں جاؤ نہ آؤ۔ (۵۶) تمہارا خیال صادق تو نہیں گرنے کا ہے۔ (۵۷) روز پنجشنبہ اور چہارم۔ چہار دہم۔ بست و چہارم۔ بست و پنجم سعید ترین ہیں۔ (۵۸) ایسا کوئی نہیں جس کا بڑا خیال کیا جائے۔ (۵۹) ہیں تو کئی مگر چندا خیال نہ کرو۔ (۶۰) ہاں خود ہفتہ کے اندر اندر۔ (۶۱) کچھ دنوں سے بیشک سائل حالت خطرہ میں ہے۔ (۶۲) کچھ وہی پہلا آدمی نہیں ہے جو ایسے جوکھوں میں پڑتا ہے۔ (۶۳) علامت برخلاف۔ (۶۴) بہت دنوں تک نہیں۔

Scanned by CamScanner

(۱) کبھی جیتے گا کبھی ہاریگا اور اس لیے کبھی امیر نہ ہوگا (۲) امید ہے کہ تھوڑے دن میں تندرست ہو جائے خوف بھی ہے حالت خوف ورجا بھی (۳) سردی و رطوبت و گنٹھیا وطحال (۴) کسی قدر ہوگا (۵) بیٹا جو بڑا ہو کر مشہور ہوگا (۶) جیسے قمر بدلتا رہتا ہے اس طرح ان کی تقدیر بھی برابر بدلتی رہے گی (۷) یہ علامت بر خلاف زیادہ ہے (۸) تین دن کے اندر اندر خبر آئے گی (۹) فی الحال تو ایک ہی ہے۔ (۱۰) سفر کرنے کا روپیہ جمع کرنے کا (۱۱) دراز قد و معزز آدمی (۱۲) سیاہ چشم اور حسین (۱۳) فی الحال تو سچی ہے مگر ہے غیر مستقل (۱۴) اب تک ستارۂ عشق سے وہ بات نہیں کھلتی جس سے کامیابی ظاہر ہو (۱۵) روپیہ تو اس سے ملے گا (۱۶) نہیں کسی اور سے (۱۷) شاید تقدیر اس کے موافق ہے (۱۸) علامات خوشی کی ہیں تمہاری تقدیر میں شادی ہے (۱۹) اس کے زائچے سے ہر دشمن پر غلبہ ہوتا ہے (۲۰) ۳۳ اور ۴۰ کے درمیان ۲۲ اور ۲۸ کے اور ۴۶ اور ۵۱ کے (۲۱) کبھی نقصان پر نقصان ہو گا (۲۲) ہاں اور وقت سے تھوڑے ہی عرصہ میں ثابت بھی ہو جائے گا (۲۳) ایک دشمن کوشش بد کریگا اور بیماری ہو گی (۲۴) آج کا دن فکر مندی کا ہے۔ (۲۵) اسے چاہیے کہ ایجنٹ یا سکیرٹری یا کمشنر ہونے کی کوشش کرے۔

(۲۶) دو دفعہ لیکن ایک بڑی مشکل سے ہاتھ آئے گا (۲۷) ابھی تک تو زندوں میں ہے (۲۸) تمہارے دوستوں میں سے ان کے لیے مبارک ہے جو سیاہ فام ہیں۔ (۲۹) ایسے پوشیدہ ہیں کہ ایک سبب سے ان کا کھولنا بہتر ہے (۳۰) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ اول اول جھگڑا و فساد خوب ہوگا (۳۱) زائچہ اس کے برخلاف ہے۔ (۳۲) سالہا سال تک وہ خوب اُس میں پھولے پھلے گا (۳۳) کوئی بدقسمتی کی بات نہیں بلکہ بہت کچھ خوشی ہو گی (۳۴) زہرہ اُس کا طالع ہے اور عامل ہے ضرور کامیاب ہوگا (۳۵) اُس کی وسطی عمر (۳۶) دولتمند اقبال مند معزز اور موقر (۳۷) آگ سے ہتھیاروں سے اور خطرات سے خطرہ ہے (۳۸) بیس سے بتیس تک بیمار اور پینتیس کے بعد تندرست (۳۹) عمر بڑی بکھیڑوں بھری (۴۰) اگر جاڑا ہو کہر، بہار ہو سرد ہوائیں، گرمی ہو گرمی خزاں ہو آندھی۔ (۴۱) اس علامت میں جو ستارے غالب ہیں ان سے امن معلوم ہوتا ہے (۴۲) بالکل نہیں ہے اگر کچھ ہے تو اس کا حصول خارج از امکان (۴۳) الحق یعلو ولا یعلیٰ حق غالب آتا ہے مغلوب نہیں ہوتا (۴۴) جو پہلا وار کرے۔ (۴۵) رنج و غم پیش آئے گا۔ بڑے آدمیوں سے اسے نقصان پہنچے گا۔

(۴۶) تھوڑے دن میں بیچارے کو ملک عدم کا سفر پیش آنا ہے (۴۷) سچ زیادہ ہے (۴۸) ابھی تک بہت برسوں تک نہیں (۴۹) چوری گئی ہیں کیونکہ علامت سے نقل مکان خشکی یا تری ظاہر ہے (۵۰) اس کے طالع پر عطارد حاوی معلوم ہوتا ہے کیونکہ علامات امید بہت کامیابی کم۔ (۵۱) تعبیر یہ ہے کہ اپنے موجودہ کام کو سوچ سمجھ کر کرے وہ تھوڑے دن میں بہت ترقی کرے گا (۵۲) بہت روپیہ اس کے ہاتھوں میں سے نکلے گا اور اسے دشمنوں سے ذرا ڈرنا چاہیے (۵۳) اس سیاروں کا عمل موت اور تکلیف پر ہے اس لیے نہ جانا ہی خوب تر ہے (۵۴) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دشمنوں کا پلہ بھاری رہے گا (۵۵) قریب ہے کہ یا تو بڑا طویل وقفہ ہو یا کوئی اور بڑی تکلیف پہنچے (۵۶) اس علامت سے کوئی سفر تبدیلیِ مکان یا تغیر نہیں معلوم ہوتا (۵۷) ذرا اندیشہ نہیں بہت سچا ہے (۵۸) تیرھویں اور چھٹی سے پرہیز (۵۹) علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسے ہیں کہ کسی سے نقصان کچھ نہیں (۶۰) بہت ہیں اور بہت سی چھپی ہوئی ہیں (۶۱) رشوت سے یا کسی عورت کی مدد سے خلاصی پاوے (۶۲) بہت کم اندیشہ ہے یا تو ذرا سا نقصان ہو یا کچھ تکلیف پہنچے (۶۳) اُس کی تقدیر سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ نقصان نہ ہو (۶۴) کوئی امر مانع ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) بہت سے مواقع اس کے برخلاف ہوں گے ممکن ہے کہ وہ جیت لے (۲) تاش کی تراش یا پانسہ پرائی تقدیر کو منحصر مت سمجھو (۳) بیماریاں اسے چوطرفہ سے گھیرے ہوئے ہیں مگر وہ بچ ہی جائیگا (۴) دق۔ امراض جگر۔ امراض خفیفہ (۵) اس کے قرعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جواب جلد آنے والا ہے (۶) دختر تولد ہوگی مگر خطرہ ہے کہ بے وقت تولد ہو یا وقت وضع حمل دشواری ہو (۷) بہتر ہے کہ تم ایک ایک کو اپنی نصیب آزمائی کرو (۸) اگر بتیس سے تجاوز کر گیا ہے تو سائل کے بچے ہوں گے (۹) اگر عورت پوچھتی ہے تو آئیں گے۔ مرد پوچھتا ہے تو نہیں (۱۰) کئی ہیں اور بحسب جاہ اس سے بڑھ کر ہیں (۱۱) غائب ایسے شخص کی یاد گاری میں ہے جو موجود ہے یا ایسے کی جو اس کے پاس ہے اور اسے عزیز ہے۔ (۱۲) حسین اور ذی رتبہ (۱۳) میانہ قد اور اسکی جس کی تقدیر قیام پذیر نہیں (۱۴) یقین جانو کہ وہ صادق ہے اور خطرات بیہودہ کو دماغ سے خارج کرو (۱۵) یہ سائل کی قسم پر منحصر ہے مرد کے لیے نہیں عورت کے لیے شاید (۱۶) یا تو کچھ مصیبت آئی یا اس میں خوشی ہوئی (۱۷) شاید ہو جائے (۱۸) شکایت لاحاصل ہے پھر سعی کرو (۱۹) شادی بہت قریب ہے اب تو شگون بھلے ہوئے ہی ہیں (۲۰) بلاشک وشبہ یقیناً بالضرور (۲۱) بہت سا رنج بہت سی تکلیف معلوم ہوتی ہے اور حقیقت مشکوک ہے

(۲۲) نہیں ہونے کا بہتر ہے کہ اس خیال کو بدر کردو (۲۳) تغیرات ایک سیارۂ زور گرداں کا عمل اکثر حصہ زندگی پر ہے (۲۴) یا تو بد قسمتی زیادہ ڈر چوری ہو جانے کا ہے (۲۵) جو شگون پسند کیا ہے جو قرعہ ڈالا ہے اس سے کام کے ساتھ کامیابی ہے (۲۶) ایسے کام جن پر عطارد کا غلبہ ہے جس میں بڑوں کی مہربانی دکھائی دے تحریرات و تصنیفات (۲۷) ہاں ۴۲ اور ۴۵ کے درمیان (۲۸) اگر زندہ ہو تو اس علامت سے غم دُوری اور ہجر معلوم ہوتا ہے (۲۹) علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک دشمن کی موت ہو مگر رنج وغم تمہیں بھی پیش آئے (۳۰) کسی خوش آئند چیز کی خواہش اور ایک شک مگر وہ بھی مشکوک (۳۱) اس معاملہ میں تمہیں دھوکہ دیا جائیگا یا اس خواہش کے سبب پچھتاؤ گے (۳۲) اگر اس وقت سارے خرچ لو تو بھی اس امر کا انکار نکلے (۳۳) کامیابی یہاں ظاہر ہے مگر فقط بذریعہ عورتوں کے (۳۴) سال نہایت عمدہ ہے محبت وصداقت اس کی زینت ہیں (۳۵) آثار آسمانی سے خوش قسمتی معلوم ہوتی ہے (۳۶) تیس اور بتیس کے درمیان اور ساٹھ کے بعد (۳۷) سائل کی تقدیر میں بہت زیادہ دولت نہیں (۳۸) درندوں کا شاخدار مویشی کا اور پانے کا خطرہ ہے (۳۹) جسم تندرستی میں جوانی بیماری میں گزرے وسط میں تندرستی زیادہ رہے گی (۴۰) عمر دراز ہے اور مخمصے بہت سے ہوں گے۔

(۴۱) آندھیاں آئیں گی ترشح ہوگا اور غیر ملکوں میں تشنج کی نوبت آئے گی (۴۲) سیارہ امن کا عمل ہے اس سال مگر پھر شاید جنگ قریب ہے (۴۳) بھول جاؤ جب کچھ تھا (۴۴) فقط جیت لے تو جیت لے (۴۵) وہ صفرادی مزاج کا آدمی جو سج سج چلتا ہے آہستہ بولتا اور سانولا ہے (۴۶) ہاتف نے صدا دی کہ یہ پُر خوف ہے مقصد (۴۷) بیشک عمل زحل ہے اور پھر سائل یہ امید کیونکر کر سکتا ہے (۴۸) افسوس بری بات کے حق میں ہونے کی تحقیق کرنی بھی ضروری نہیں (۴۹) امید ہے کہ نوجوان ڈھونڈ نکالے (۵۰) علامات چوری کی ہیں (۵۱) اگر پانی کے پار اسباب نہیں گیا تو پتہ لگ جائے گا (۵۲) یا تو ایسا شخص آئے جسے برسوں سے نہیں دیکھا یا کوئی خبر جلد پہنچے (۵۳) بے بنیاد تو کسی طرح نہیں (۵۴) علامت زحل سے خطرہ پذیر ہے اور شاید بسبب شرارت کے (۵۵) یہ ایسا سال ہے جس میں دشمنوں کے سبب سے بڑا رنج و تعب پیش آئے گا (۵۶) سمندر جوش زن ہے اور حکم ہے کہ سفر کرے (۵۷) ساعت سعید میں جاؤ مبارک ہے (۵۸) صداقت تو ظاہر و باہر ہے (۵۹) دوسری ۔ چھٹی۔ پندرہویں سعد۔ تیسری تیرہویں تیسویں نحس (۶۰) کسی سے نہ ڈرے کوئی نقصان نہیں (۶۱) اس قرعہ سے بہت سے صاف صاف نظر آتے ہیں (۶۲) نقصان بدنصیبی شک وخوف وخطر کے بعد (۶۳) یوں ہی سا (۶۴) نہیں۔

Scanned by CamScanner

(۱) دل کے کہنے میں نہ آؤ اتفاقات تمہارے برخلاف ہیں (۲) دغا سے وہ جیتنے سے باز رکھا جائے گا (۳) قمر در عقرب ہے، اس سبب سے نفع بہت کم معلوم ہوتا ہے (۴) قمر کی شعاعیں جو خانہ جدی میں پڑتی ہیں (۵) امراض دماغ وخطرات سردی (۶) اغلب ہے کہ کچھ روگ پیش آئے (۷) دختر مگر شاید زندہ نہ رہے (۸) اگر بہت سے بچے ہوں تو ایک بڑا نصیبہ ور ہوگا (۹) تم نے شگون مشکوک پسند کیا ہے پھر نئے سرے سے قرعہ ڈالو (۱۰) جو علامت پسند کی ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ خبر آئے گی اور قریب ہے (۱۱) کئی ایک ہیں۔

(۱۲) گھوڑوں کے جانوروں کے اور سفر کے اور سعی نیک کے مگر مبدلی بخیالات رنج ہوں گے (۱۳) پستہ قد اور اجنبی۔ (۱۴) خوبصورت عورت جو کہیں دور سے آئے گی (۱۵) فی الواقع یہ ایسی ہی علامت ہے جیسی کہ تم چاہتے ہو۔ (۱۶) اکثر والا اکثر محبت میں کامیاب ہوگا (۱۷) ساتویں خانہ کے ستارے خوش نصیبی کی خبر دیتے ہیں (۱۸) ممکن ہے (۱۹) تقدیر بھی موافق ہے (۲۰) اس علامت کا عامل زہرہ ہے لہٰذا شادی ضرور ہوگی (۲۱) نہیں اکثر ان میں سے طویل العمر ہیں (۲۲) اب تک کوئی علامت ایسی صاف نہیں جن سے وقت معلوم ہو۔

(۲۳) نشکی کی راہ سے خطرات و نقصانات تری سے آفات و مخالفت (۲۴) اس قسم کے سب خیالات خام ہیں (۲۵) تازہ کام چستی و چالاکی شاید سفر ہو (۲۶) نہیں برعکس (۲۷) سائل کی قسمت میں بہت سے کام اور پیشے ہیں (۲۸) دو دفعہ مگر آخر عمر میں (۲۹) یہ علامت دھوکے کی ہے اتفاقات برخلاف تمہاری خواہش کے ہیں (۳۰) بہت فکر اور بدقسمتی کا (۳۱) اول اول تو بہت غصہ میں ہے اور پھر عجیب طور سے مہربان ہوگا (۳۲) نہیں۔ (۳۳) تھوڑی سی کوشش اور تھوڑی سی ناامیدی کے ساتھ کامیابی ہے (۳۴) کئی برس تو برابر پھلے پھولیگا اور پھر حوادث کا دور شروع ہوگا (۳۵) بہت سے اتفاقات خوش آئند ہیں (۳۶) فی الحال زیادہ خوش قسمت ہے (۳۷) اٹھائیس اور چالیس کے درمیان (۳۸) اس کی مدت العمر میں محنت بہت لکھی ہے اور غالباً دولت بھی ہو گی (۳۹) آگ اور پانی سے خطرہ (۴۰) ۲۳، ۳۲، ۳۶، ۴۱، ۴۲، ۵۱ بیماری کے برس ہیں (۴۱) سیارہ عامل جس کی یہ علامت ہے عمر طویل کی بشارت دیتا ہے (۴۲) خشک خوش آئندہ اور بار آور (۴۳) ایک مشہور و معروف بڑا آدمی مرے گا۔ وبا کا بھی خیال ہے مگر جنگ نہیں

(۴۴) کسی قدر مگر تمہارے ہاتھ نہیں لگنے کا۔ (۴۵) ہاتف آسمانی تمہارے برخلاف خبر دیتا ہے (۴۶) جسکی طرفداری تم زیادہ کرتے ہو وہی ہار جائیگا۔ (۴۷) وہاں خوف و خطر مصیبت تمہاری منتظر ہے (۴۸) زائر کے لیے تیرا جل چلہ پر چڑھ چکا ہے (۴۹) اکثر سچ (۵۰) فقط تھوڑا سا (۵۱) علامت سے چوری اور بہت سے دھوکے نمایاں ہیں (۵۲) کچھ مدت امید مت رکھ۔ (۵۳) غم و رنج و مصیبت دوستوں کو بھی اور بیگانوں کو بھی (۵۴) ان سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ مصیبت یا آفت آئے گی (۵۵) آج کے دن تو نہ جاؤ۔ (۵۶) سال دشمنی کا ہے (۵۷) مشتری عامل ہے اس علامت کا سفر سریع تمہارے لیے ہے (۵۸) نواں خانہ سماوی خوش نصیبی ظاہر کرتا ہے۔ (۵۹) اُس کی کارروائی سے تمہیں سچائی اور صداقت معلوم ہوتی رہے گی (۶۰) چوتھی اور چودھویں اختیار کرو اور چھٹی سے اجتناب۔ (۶۱) زرد رنگ مگر بہت حاسد (۶۲) اس علامت میں بہت سے ہونے کی صداقت ہے۔ (۶۳) بغیر شک وشبہ کے مخلصی کے قریب ہے (۶۴) مگر فی الحقیقت خطرہ بہت ہی کم ہے۔

Scanned by CamScanner

(۱) ایک حاسد اب بھی لگا ہوا ہے۔ (۲) بہت دفعہ دولت گھسیٹے گا (۳) بڑی شرط نہ باندھنا ممکن ہے کہ ہار بھی جائے (۴) فی الحال کھیلنا خطرہ رکھتا ہے (۵) خطرہ تو بہت ہے مگر مرے گا نہیں (۶) ضعف بصارت۔ دردسر۔ (۷) ابھی کامیابی نہیں ہے (۸) علامت جوڑیوں کی ہے جن میں سے ایک نرینہ ہوگا۔ (۹) خوش نصیب و عالی جاہ۔ (۱۰) اپنے طالع کے پانچویں خانہ میں دیکھو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بچے نہیں ہوں گے۔ (۱۱) اگر سائل عورت ہے خبر قریب ہے اگر مرد ہے بعید ہے۔ (۱۲) کچھ تو دور ہیں کچھ قریب مگر ڈرنا سب سے چاہیئے۔ (۱۳) غائب کا دل بے چین ہے۔ بخیال اپنے معشوق کے یا ایسے شخص کے جو یہاں موجود ہے۔ (۱۴) معمولی آدمی مگر خوش قسمت۔ (۱۵) اس علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ خوش صورت و خوش قسمت۔ (۱۶) تمہارے عاشق کی آزمائش پوری پوری ہو چکی ہے. وہ کامل ہے۔ (۱۷) جب علامت یہ اختیار کی تو جان لو عشق تمہارا طرفدار ہے۔ (۱۸) قید نکاح تمہارے لیے سلاسلِ طلا ہیں۔ (۱۹) اس علامت سے خاوند تمہیں ملے گا۔ (۲۰) گو سائل مستقل مزاج نہیں پھر بھی ہو جائے گی۔ (۲۱) ہر علامت سے معلوم ہوتا ہے اس سال شادی ہو گی۔ (۲۲) تقدیر بہت برخلاف ہے۔

(۲۳) آئندہ کے تین سال (۲۴) خشکی میں ہوں یا تری میں تین خطرے تمہارے لیے ہیں (۲۵) کہہ سکتے ہیں کہ ہیں۔ (۲۶) دور سے خط یا خبر آئے گی، دوست، کوئی اچانک بات اور بہت خوبی (۲۷) محنتی آدمی کیلئے (۲۸) اسباب سوداگری سمندر خرید و فروخت (۲۹) بہت سا کبھی نہیں (۳۰) علامت سے معلوم ہوتا ہے کہ مر گیا یا بڑے خطرے میں تھا (۳۱) بہت سے بچھتائیں گے بہت سے بدنصیب رہیں گے کچھ مر جائینگے (۳۲) شک میں ہے کہ مشکل کام سرانجام کرے اور پھر کسی آنے والی مصیبت سے گھبراتا ہے (۳۳) ہاں۔ کچھ عرصہ بعد (۳۴) کامیابی قریب ہے (۳۵) بیشک تمہاری تقدیر میں دولت معلوم ہوتی ہے مگر دیر ہے (۳۶) یا تو شادی بہت سی دعوتیں اور محفل نشاط (۳۷) علامت سے خطرہ تقدیر نمایاں ہے اختر ولادت پر گھٹا چھائی ہوئی ہے (۳۸) بڑھاپے سے پہلے کوئی خوش نصیبی دکھائی نہیں دیتی (۳۹) تم دولت کی خواہش کیوں کرتے ہو دولت ناپائیدار ہے قناعت کرو (۴۰) خطرہ ہے کہ کوئی پرانی عمارت یا کھنڈر اس پر گرے گا (۴۱) بیالیسویں سال البتہ خطرہ ہے اور سب طرح تندرستی (۴۲) آثار مشتری سے عمر طویل معلوم ہوتی ہے۔ (۴۳) گرمی میں بادوباراں خزاں میں پھوہار بہار میں کہر جاڑے میں برف۔

(۴۴) عمل ستارہ نیک کا ہے مگر حرص زبردست ہے پھر بھی موت سب جھگڑے چکا دے گی (۴۵) اس موقع کے آس پاس بھی کہیں نہیں (۴۶) جیت لے فائدہ میں جب بھی نہیں (۴۷) مغلوب ہوگا جو شروع کرے گا مگر دوسرے کو خوب چوٹ آئے گی (۴۸) بادشاہ سے آفات پہنچیں گی فائدہ ذرا نہیں (۴۹) اس علامت سے سفر دراز اور وحشت خیز معلوم ہوتا ہے (۵۰) شاید ٹھیک نکلے اور خطرناک بھی ہو (۵۱) اگر چاہتے ہو کہ مل جائے تو زمین کے نیچے مت ڈھونڈنا (۵۲) مختصر یہ کہ چوری ہو گئیں (۵۳) اگر چیزیں چوری گئی ہیں تو نہیں ملیں گی (۵۴) اگر تمہارا عزیز یا دوست نحوست سیارگان میں مبتلا ہے تو ایک موت قریب ہے۔ (۵۵) بے بنیاد تو کسی طرح بھی نہیں مگر اتنے صحیح بھی نہیں (۵۶) اگر جاؤ تو کچھ خوشی واجبی سی ہوگی (۵۷) تقدیر سے بڑا زبردست پیدا ہونا ہے (۵۸) اگر خوشی بہت نہ ہو گی تو بھی خطرہ تو کوئی نہیں (۵۹) اس وقت میں ستارے خوش قسمتی کی جھڑی لگا دیں گے جا اور ان کا زور دیکھ۔ (۶۰) اس کے برخلاف جتنے خیالات ہیں خارج کر دیں (۶۱) طاق تاریخیں سعد ہیں (۶۲) فی الحال ایسا ایک بھی نہیں جس سے ڈرنا چاہیے (۶۳) تمہارے اندازے سے زیادہ ہیں مگر ڈرنا بھی نہیں (۶۴) اس کے رفقا کو پہلے بہت دقت پیش آئیگی۔

Scanned by CamScanner

(۱) پہلے تو کچھ دقت پیش آئے گی پھر پائے گا۔ (۲) خطرہ تو کچھ بھی نہیں مگر فکر اور غم بہت کچھ رہیگا اور ہے۔ (۳)۔ جو نفع کے خیالات ہیں اور جتنی امیدیں ہیں بالکل جھوٹی ہیں۔ (۴) بہت کچھ امید ہے موقع بھی بہت اچھا ہے (۵) اب کی دفعہ تو نہیں (۶) علامت عودِ امراض اور خطرۂ عظیم ہے (۷) امراض معدہ اور شکایت پُر خوری (۸) نا اُمیدی کے لیے آمادہ ہو (۹) نرینہ (۱۰) تیری اولاد میں سے ایک بڑے بڑے کام کرے گا (۱۱) بہت سے تو کسی طرح نہیں (۱۲) عورت سے ہاں کہدو۔ اور مرد سے نہیں (۱۳) اگر علامت سچ کہتی ہے تو پہلے بھی تمہارے بہت تھے اور اب بھی ہیں (۱۴) غصہ کی باتوں کے اور سرگزشتوں کے خیالات ہیں (۱۵) بحری پیشہ رکھنے والا آدمی یا کوئی دور دراز کا رہنے والا (۱۶) تمہاری تقدیر میں دو بیویاں ہیں پہلی خوبصوت عورت ہو گی (۱۷) تم اپنے ستاروں کو دعا دو کہ وہ اب تک وفادار ہیں (۱۸) علامات رنج و ناکامی کی ہیں اور کامیابی ہو گی آخر میں (۱۹) سائل بحالت ازدواج بہتر حالت میں ہو گا (۲۰) اس معاملہ میں تقدیر اس کے پلہ پر بہت کچھ ہے (۲۱) زحل منحوس رنج و ناکامی ظاہر کرتا ہے (۲۲) خواہش میں بڑی ناکامی کی امید رکھو۔

(۲۳) اتنے دشمن ہیں کہ کچھ امید نہیں ہو سکتی۔ (۲۴) انتالیس اور تینتالیس کے درمیان۔ (۲۵) کبھی مسعود کبھی منحوس۔ (۲۶) اگر نجومی سوال کرتا تو بے شک اس ستارے سے سفر کرنا ظاہر ہوتا۔ (۲۷) جھگڑا، خوشی، مہینہ پُر از حادثات۔ (۲۸) فکر ضرور اس میں ملا جلا رہے گا۔ (۲۹) کوئی ایسا جو اپنی خوشی اختیار کیا جائے دولت نہیں بڑھائے گا۔ (۳۰) کبھی نہیں۔ (۳۱) موت کے دست سرو نے اسے پکڑ لیا ہے۔ (۳۲) بعض کے حق میں بڑا خطرناک بلکہ مہلک ہے۔ (۳۳) عیش ونشاط کا ضیافتوں کا عمدہ لباس کا اور کھانے کا۔ (۳۴) ممکن ہے کہ بہت جلد پائے۔ (۳۵) اُس کی تقدیر میں کامیابی ہے۔ (۳۶) ایسی کوئی چیز نہیں کو مانع ہو۔ (۳۷) یہ ایک ایسا سال ہے جس میں اسے بہت کچھ سننا پڑیگا۔ (۳۸) مخالف ستاروں کا بہت زور ہے۔ (۳۹) ۳۳ سے ۵۰ تک۔ (۴۰) متوسط درجہ کا ہونا ممکن ہے۔ (۴۱) کوئی بہت بڑا خطرہ تو کبھی نہیں۔ (۴۲) 19، 29، 38، 40، بیماری کے سال ہیں۔ (۴۳) بوڑھا ہو گا۔ (۴۴) سیل طوفان باد و باراں اور خرابیاں آئیں گی۔

(۴۵) بعض فریق کے لوگوں کے لیے آفت کا زمانہ قریب ہے۔ (۴۶) کسی طرح کا بھی نہیں۔ (۴۷) غالباً ہار جائے گا۔ (۴۸) آغاز کنندہ ہارے گا۔ (۴۹) ہر قسم کے لوگوں سے یافت کم ہو گی۔ (۵۰) تین دفعہ خشکی پر خطرہ ہے اور تین دفعہ قزاقوں کا فقط۔ (۵۱) گروہِ مخالفین نے اس کا شیوح کیا ہے جھوٹ سے خالی نہیں ہے۔ (۵۲) تھوڑے عرصہ میں ایک حصہ مل جائے۔ (۵۳) علامت چوری کی ہے۔ (۵۴) بڑی احتیاط کی گئی ہے علامت کا ضرور انکار کرنا پڑا۔ (۵۵) بیماری کوئی باعث رنج اور مصیبت۔ (۵۶) سائل کی قسمت سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی مصیبت آنے کو ہے۔ (۵۷) بے فکری سے جاؤ یار دوست تمہاری آؤ بھگت ضرور کریں گے۔ (۵۸) تقدیر تمہارے لیے کوزبردست دو ست بھیجے گی۔ (۵۹) باد تند موافقت کرے گی پھر ارادہ سفر۔ (۶۰) پیدل سفر کرو یا سواری پر مبارک ہر طرح سے ہے۔ (۶۱) جب تم اسے صادق جانتے ہو تو پھر ڈرتے کیوں ہو۔ (۶۲) تاریخہائے جفت سے پرہیز کرو اور تاریخہائے طاق اختیار کرو۔ (۶۳) یا تو عورتیں ہیں یا کمزور لوگ (۶۴) سیارگان غالب بڑی آفت اور دشمنان کی خبریں دیتے ہیں۔ فقط۔

Scanned by CamScanner

(۱) بہت سے ہیں۔ بعض تو سائل کو عرصہ قلیل ہی میں معلوم ہو جائیں گے۔ (۲) امید تو ہر طرح سے ہے (۳) فی الحال ہر چار طرف سے گھرا ہوا ہے (۴) اُس کی تقدیر رنج و غم سے ممزوج ہے نفع بھی ہے مگر دیر میں (۵) اب کے نہیں (۶) اگر آجکل کھیلا تو ہار جائے گا (۷) صحت قریب ہے (۸) ذات الجنب، سنگ مثانہ، امراض معدہ، درد سینہ (۹) بے کھٹکے بھیج دو (۱۰) اس شگون سے لڑکی معلوم ہوتی ہے (۱۱) تمہارے بچوں میں سے ایک لڑکی بڑی دولتمند ہو گی (۱۲) ممکن ہے کہ تمہارے ہاں تین بچے ہوں (۱۳) خبر بہت ہی جلد آنے والی ہے (۱۴) کچھ شک نہی ضرور ہیں (۱۵) کسی پوشیدہ خزانہ کے یا کسی خوبصورت عورت کو موہنے کے (۱۶) ایک اجنبی پردیسی (۱۷) دلفریب و دلربا (۱۸) زہرہ کا عمل ہے خوف و ہراس کو پاس نہ پھٹکنے دو (۱۹) ستارہ نیک سے ظاہر ہے کہ کامیابیاں قریب ہیں (۲۰) آپ کی شادی دو دفعہ ہوگی پہلی صاحب مال دوسری جان کا وبال (۲۱) اپنا ارادہ بالکل بدل ڈالو اگر اپنی خواہش پر اڑو گے تو تکلیف پاؤ گے (۲۲) اپنی خواہشوں کو اچھی طرح جوچ سمجھ لو عشق بری آگ ہے (۲۳) ممکن ہے کہ اختر ولادت پر کچھ ایسا گہن پڑے کہ بات ملتوی ہو جائے (۲۴) یہاں تو کوئی علامت ایسی نہیں جس سے اس کی امید ہو۔

(۲۵) تیس سال کی عمر کے بعد۔ (۲۶) اپنی عمر کے کچھ عرصہ تک تو بھاگوان پائے گا پھر خسارہ اٹھائے گا۔ (۲۷) تمہارے ستارے سے معلوم ہوتا ہے کہ سفر ہائے طویل و دراز پیش آئیں گے (۲۸) ثروت احباب و کثرت امیدہا (۲۹) روز آثار بدست (۳۰) ایسا پیشہ جس میں آگ دھاتیں اور ہتھیار کام آئیں (۳۱) اگر علامت موجودہ کے فیصلے پر راضی ہو تو کبھی بھی نہیں (۳۲) یا تو مر گیا یا سخت آفت میں مبتلا ہے (۳۳) تمہارے دوستوں کے لیے بیاہ، شادی دکھی بیماری نفع و نقصان سب کچھ ہے (۳۴) حسین عوتوں کا رازہائے پوشیدہ اور عنایات کا (۳۵) جیسا تمہارا ستارہ آسمان پر سے چمک رہا ہے وہ تو پورا یقین دلاتا ہے (۳۶) بے کھٹکے کے جاؤ سیارگانِ نیک کا عمل قریب ہے (۳۷) طالع میں کچھ تغیرات دکھائی دیتے ہیں تاہم وہ بھی پھلے پھولے گا (۳۸) بیماری اور نقصان مگر بڑا کوئی نہیں (۳۹) بدقسمتی کا غلبہ ہے۔ (۴۰) ۲۳ سے ۳۵ تک حوادث باقی فراخی (۴۱) اس علامت کا حال و علم نیک بختی دولت اور دوست تمہارے لیے ہیں (۴۲) چوٹیں آئینگی، گاڑی یا تیز بگھی وغیرہ سے بھی خطرہ ہے (۴۳) ۳۶ کے بعد صحت کامل رہے گی (۴۴) تمہاری زندگی کا عامل ستارہ مشتری کے زیر سایہ ہے عمر درازی و خوشی تمہیں ہوگی۔

(۴۵) اجناس ارضی کی کثرت ہوگی اور موسم خوشحال رہے گا (۴۶) نا اتفاقی کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ زبردست زیردستوں سے بدلہ لیں گے (۴۷) پہلے کبھی سونا چاندی یہاں بکثرت گڑا ہوا تھا (۴۸) سچ اور صاف تو یہ ہے کہ زیادہ پیروی کرنا بیکار ہے (۴۹) دراز قامت جس کا ستارہ عطارد کے عمل میں ہے (۵۰) جو قران اس وقت ہے اس سے تمہاری خواہشوں کو روکنے کے لیے حریف معلوم ہوتے ہیں (۵۱) زائر اپنی زیارت پوری کر چکا اور راستہ میں عالی شان اور مقدس مقامات دیکھے گا (۵۲) اگر سچ پوچھو تو اتنا سچ ہے جتنے سے خوف پیدا ہوا ہے (۵۳) ہاتوں ہاتھ اڑ جائے گا ملنا بخیر (۵۴) علامت زحل ہے چوری ظاہر ہے (۵۵) جو قرعہ یہاں ڈالا ہے وہ انکار کرتا ہے (۵۶) رنج و غم و گریہ وزاری اور سائل دشمنوں سے بھی خبردار رہے (۵۷) جہاں تک نقصان اصل کا خیال ہے محض بے بنیاد ہیں (۵۸) بے فکر اور بے کھٹکے جاؤ تمہاری تقدیر ظاہر ہے (۵۹) سیارہ نیک غالب ہے نتیجہ تمہاری مرضی کے موافق ہوگا (۶۰) جس وقت تمہارا ستارہ عروج پر ہو جاؤ ہوا با مراد اور سفر با امن ہے (۶۱) المختصر یہ کہ خوش قسمتی کا دور دورہ ہے (۶۲) صداقت تو ظاہر ہوتی ہے مگر شاید کچھ شکر رنجی ہو جائے (۶۳) مہینہ کی وہ تاریخ جس میں عدد ۵ آئے بہت مبارک ہے (۶۴) سیاہ رنگ سفر ادی آدمی

Scanned by CamScanner

(۱) معمولی۔ ذلیل۔ کمینے آدمی۔ (۲) سائل کے ایک سے زیادہ دشمن ہیں ہوشیار رہنا چاہیے (۳) اس علامت سے ظاہر ہوتا ہے کہ مخلصی عرضیاں دینے سے ہو گی (۴) خطرہ کے کچھ خاص اسباب تو نہیں ہیں (۵) بدقسمتی غالب ہے (۶) شگون مخالف ہیں (۷) آجکل تقدیر برعکس ہے علامات تقصان کا عمل ہے (۸) فی الفور تغیر ہونے والا ہے۔ (۹) امراض سینہ وجگر۔ (۱۰) اگر اچھی طرح بھیجا جائے تو کامیابی کا امکان ہے۔ (۱۱) ایک خوش نصیب لڑکی جو بڑا نام پائے گی۔ (۱۲) بعض تو بلاشک خوش قسمت ہوں گے۔ (۱۳) بچے ہونے کی تو بہت سی علامتیں ہیں۔ (۱۴) تقدیر تمہارے مرض کے مطابق ہو گی اور اس کی خبر تم تک پہنچائے گی۔ (۱۵) جیسے پہلے تھے اب بھی ہیں۔ (۱۶) سونے چاندی کا درخت و دیار کا اور گھر لوٹ آنے کا (۱۷) حسین آدمی جو اس وقت فاصلہ پر ہے۔ (۱۸) بڑی حسین۔ (۱۹) اس میں وفاداری وسچائی بہت ہے مگر تم پھر بھی شک کرو گے۔ (۲۰) اس میں تو ذرا شک نہیں کہ عشق میں تمہیں کامیابی ہو گی۔ (۲۱) بڑی احتیاط کرو اگر اس میں غلطی ہوئی تو بڑی بھاری مصیبت اٹھاؤ گے۔ (۲۲) حق تو یہ ہے کہ علامات سخت مخالف ہیں۔

(۲۳) اگر شادی کرنا چاہتا ہے تو کوئی اور طریقہ اختیار کر۔ (۲۴) شگون منکر ہے اور قرعہ بدنصیبی کا ہے۔ (۲۵) اس کی خاصی امید ہے۔ (۲۶) اکیس سے ۲۴ تک ۲۶ سے ۳۲ تک اور ۴۳ میں۔ (۲۷) فی الواقع علامات موجودہ کامیابی نمایاں کرتی ہیں۔ (۲۸) بلاشک خشکی کا بھی اور تری کا بھی علاوہ بریں اور تغیرات۔ (۲۹) خطرہ کا بہت بڑا سبب قریبی دوست اور جھگڑے۔

(۳۰) بالکل برخلاف۔ (۳۱) پیداوار اراضی، میوے اور لین دین۔

(۳۲) بھی تو اس کی کوئی علامت نہیں ہے۔ (۳۳) زندہ ہے جیسی کہ تمہیں خبر آئے گی۔ (۳۴) بہت دن کے لیئے یہ خوشی کا سال ہے۔ (۳۵) مُورات کا، عیش ونشاط کا، کتب کا اور خانگی اسباب کا۔ (۳۶) حد سے زیادہ خوش نہ ہو متوجہ رہو اور تم مراد پاؤ گے۔ (۳۷) کچھ علامات تکلیف نمایاں ہیں۔ (۳۸) بعض اوقات۔ (۳۹) سفر اور کچھ انقلاب۔ (۴۰) کسی قدر بدقسمت۔ (۴۱) چالیس کے بعد تک خوش قسمتی نہیں، بعد میں فراخی بہت۔ (۴۲) فی الحقیقت تیری تقدیر میں بڑی خوشی ہے جو ثروت کا نتیجہ ہے۔ (۴۳) زہریلی اور بری چیزیں پینے اور ایک دفعہ جلتے پانی کا پھپھولا۔

(۴۴) بدن ہی بیمار کا ہے اکثر بیمار ہو گے اور بیالیس کے بعد خطرہ بھی ہے۔ (۴۵) اگر تم عمر درازی چاہتے ہو یاد رکھو تکلیف بڑی پاؤ گے۔ (۴۶) جاڑا ہے تو پالا گرمی ہے تو قحط بہار ہے تو بارش خزاں ہے تو طوفان۔ (۴۷) ستارہ نحس کا عمل ہے جنگ پھیلے گی۔ (۴۸) رتی بھر بھی نہیں۔ (۴۹) کچھ عرصہ کے بعد تو ممکن ہے۔ (۵۰) شروع کرنے والا۔

(۵۱) راہ پُر خطر ہے ہوشیار ومحتاط رہو۔ (۵۲) پوری کرنے سے ذرا پہلے بڑی بھاری آفت اس پر آئے گی۔ (۵۳) ایک حصہ اس کا فقط سچ ہے۔ (۵۴) وہ ایسا نہیں چھپایا گیا کہ معلوم ہو جائے۔ (۵۵) سیاہ رنگ آدمیوں نے چرایا ہے۔ (۵۶) اول اول تو بڑی وقت پیش آئے گی۔ (۵۷) روپیہ اور دوست اور عیش وخوشی جو قریب ہے۔ (۵۸) کچھ خوف نہ کرو۔ (۵۹) کوئی ایسی بڑی چیز تو نہیں ہے جو تمہاری سدراہ ہو۔ (۶۰) وہ تو بکثرت۔ (۶۱) ہے تو وہ نقصان دہ مگر جان کی امان ہے۔ (۶۲) بے کھٹکے سفر کرو اپنی دانائی سے باامن و امان واپس چلے جاؤ گے۔ (۶۳) اس میں بہت سے شبہات ہیں پھر کسی وقت دیکھنا۔ (۶۴) ہر تیرھویں تاریخ سے اجتناب کرو۔

(۱) ہے صادق مگر قول پر قائم نہیں۔ (۲) ہر مہینے کی پندرہویں تمہارے لیے مبارک ہے۔ (۳) کئی ہیں خاص کر کالے آدمی۔ (۴) کئی ایک پاس ہی لائے ہوئے ہیں لیکن بعض کا چنداں خوف نہیں۔ (۵) اس کی قید خانہ کے دروازہ پر آواز آئے گی "چھوٹ گیا"۔ (۶) غالباً۔ (۷) جب سائل کھیلے یہ کہے کہ جُوا ہر حالت میں خطرناک ہے۔ (۸) علامت جو تم نے اختیار کی منافی ہے۔ (۹) کھیلتے وقت ہلال کی طرف رخ کرلے اکثر جیتے گا۔ (۱۰) اول بڑے بڑے خطرے ہیں آخر میں صحت ہو گی۔ (۱۱) زکام، پیچش، گنٹھیا۔ بادی وغیرہ۔ (۱۲) تقدیر حکم کامیابی کا لگاتی ہے۔ (۱۳) حسین لڑکی۔ (۱۴) بعض کی تقدیر نحسی ہے۔ (۱۵) کوئی چیز مخالف نہیں دکھائی دیتی۔ (۱۶) خبر یکایک آنے کے منتظر رہو۔ (۱۷) ممکن ہے۔ (۱۸) غائب کوئی بہت بڑا کام انجام کو پہنچانا چاہتا ہے۔ (۱۹) ایسا شخص ہو گا جسے تم پہلے سے جانتے ہو۔ (۲۰) پردیسن مگر وجیہہ۔ (۲۱) علامات ایسی ہیں جن سے ڈانواڈول ہونا ثابت ہے۔ (۲۲) فی الحال تم نے کامیابی کے لیے بھدا شگون اختیار کیا ہے۔

(۲۳) ذرا سنبھل کر کرنا کس سے شادی کرتے ہو؟۔ (۲۴) جھوٹی امیدوں سے اپنے تئیں دھوکے میں نہ ڈالو۔ (۲۵) ضرور ہو گی۔ (۲۶) عطارد کا عمل ہے لہٰذا امید بھی ہے۔ (۲۷) ہاں رہے گا تو سہی مگر غم و غصہ و حسد سے رہائی نہ ہو گی۔ (۲۸) بیس اور تیس کے درمیان۔ (۲۹) بھاگوان! واہ اس سے بدتر تو اور کوئی علامت ہی نہیں۔ (۳۰) تمہاری تقدیر میں تغیرات تو بہت ہیں مگر سفر بہت نہیں۔ (۳۱) کوئی خطرہ یا رنج زائل ہو جائے گا۔ (۳۲) کوئی کام کی بات تو آج کرو نہیں۔ (۳۳) کوئی مہذب و شائستہ و آرام کا کام۔ (۳۴) بیالیس و پچاس کے درمیان ایک وصیت ہے۔ (۳۵) زندہ۔ (۳۶) بہت سوں کے لیے نہایت عمدہ ہے۔ (۳۷) شبہات کا، غصہ کا اور ایسی چیز کا جو انہیں ناپسند ہے۔ (۳۸) شاید پائے۔ (۳۹) کچھ کچھ۔ (۴۰) تجارت سے بڑا روپیہ کمائے گا۔ (۴۱) بڑا خوش آئند سال ہے (۴۲) اختر ولادت پر کوئی ابر نہیں چمک دمک رہا ہے۔ (۴۳) ساری عمر خوش نصیبی کی ہے عروج ۳ کے بعد ہو گا۔ (۴۴) وہ پیدا ہی بھاگوان ہوا ہے عمل سیارگان کا نیک ہے۔

(۴۵) ایک عضو ٹوٹ جائے گا اور طرح جاتا رہے گا۔ (۴۶) چالیس اور بیالیس کے درمیان بیماری۔ (۴۷) شگونِ بد موجود ہیں شاید نتیجہ برعکس ہو۔ (۴۸) جاڑے میں کہر بہار میں پچھم کی ہوا۔ گرمی میں خشک سالی خزاں میں آندھی۔ (۴۹) سالِ حادثات ہے۔ عہد نامے سفارشیں اور ضمانتیں بہت ہوں گی۔ (۵۰) ذرا بھی نہیں بچا۔ (۵۱) جھوٹی قسمیں تک کھائی جائیں گی مگر ان سب سے اُسی کا بھلا ہو گا۔ (۵۲) وہ جس کا اس وقت ذرا بھی خیال نہیں (۵۳) علامتِ خطرہ و غصہ و ناراضی و خرابی ہے۔ (۵۴) جب تک کہ بڑی ہوشیاری نہ کرے راہ میں توقف و خطرہ بھی ہے۔ (۵۵) دشمنی اور نقصان سے ڈر ضرور لگتا ہے۔ (۵۶) اس میں آدمی ہی کثرت سے تھے۔ (۵۷) کہیں بھول کر رکھ دی ہیں۔ (۵۸) پتہ لگانے کے لیے روپیہ خرچ کرنا ضروری ہے۔ (۵۹) یہی کہ جلدی سے کیسے پُر کرسکو گے۔ (۶۰) بے بنیاد بالکل۔ (۶۱) بہت عیش و لذت پاؤ گے (۶۲) علامت سے دوستوں کے بلاوے اور آخر میں نفع نظر آتا ہے۔ (۶۳) بدقسمتی گئی تم بسرعت سفر بحری انجام دو گے اور بہرہ ور ہو گے۔ (۶۴) ذرا سی روک ہے کچھ وقفہ ہے پھر کامیابی ہو گی۔

Scanned by CamScanner

(۱) تمہارا قرعہ کہتا ہے نہیں (۲) بھئی احتیاط رکھو جال میں نہ پھنسنا (۳) ہر بارہویں سعد ہے (۴) ایسے ہیں جن کا تم کچھ نہیں کر سکتے (۵) کئی ہیں (۶) شک و شبہ اور خطرہ (۷) کچھ جزوی خطرہ ہے (۸) تمہارے طالع کے عوامل سے معلوم ہوتا ہے کہ بڑا نفع کبھی نہ ہوگا (۹) بلاشبہ اور اس کے وسیلہ سے بہت دولت مند بنیں گے (۱۰) بھول جاؤ کھیل کے پاس نہ پھٹکنا بہت ہی منحوس علامت ہے (۱۱) صحت پانے میں کچھ شک نہیں (۱۲) ایسی بیماری ہے کہ اس کا بیان مشکل ہے چند سال میں خود معلوم ہو جائے گا (۱۳) ناامید مت ہو ذرا خبر لیتے رہو (۱۴) ذہین و حسین بیٹا (۱۵) تقدیر اول اول خوب ستائیگی۔ مگر آخر میں بڑے خوش نصیب ہوں گے (۱۶) یہ علامت بارآور ہے تمہارے کئی بچے ہوں گے (۱۷) بے شک خبر آئے گی اور حسب خواہش آئے گی (۱۸) تین ایسے ہیں جن کے چنگل سے خلاصی دشوار ہے (۱۹) امید کا ایک خوبی کا بوس و کنار کا (۲۰) دبلا پتلا اور چالاک (۲۱) سیاہ رنگ اُداس صورت (۲۲) ایک قسم کا دھوکا سا یہاں نظر آتا ہے (۲۳) رنج و غم ہی اس علامت سے ظاہر ہوتے ہیں۔ (۲۴) جب آپ کی تقدیر ایسی ہے تو شادی کا خیال بھی نہ کیجیے گا (۲۵) حق تو یہ ہے کہ ہو گی (۲۶) الابیض نکلی ہے باوجود خیالات و خطرات کے شادی ہوگی۔

(۲۷) سائل کی شادی اسی سال ہو گی۔ (۲۸) رنج۔ غم۔ دشمن جال جنجال جھگڑے بکھیڑے مگر خلاصی ہوگی۔ (۲۹) ۱۶، ۲۳، ۲۸، ۲ اور پھر ۴۲ کے بعد۔ (۳۰) سفر نہ کرو یہیں ٹھیرے رہو بڑے خطرے درپیش ہیں۔ (۳۱) سائل کی قسمت میں یہ ہے کہ دور دراز ملک میں جائے اور شاید وہیں مر جائے۔ (۳۲) دو باتوں میں سے ایک، یا تو عورت کے جال میں پھنسا یا درندہ کا خطرہ۔ (۳۳) عمل نیک ستارہ کا ہے۔ (۳۴) بیش قیمت اور عمدہ اشیاء کی تجارت اور بزازی۔ (۳۵) فی الواقع کوئی بڈھا رشتہ دار مال دے کر مرے گا۔ (۳۶) تم شک و گمان کے پاس نہ جاؤ وہ زندہ سلامت ہے (۳۷) تمہارے دوستوں کو موت آئے گی ایک گر کر۔ دوسرا دُور کے ملک میں جا کر مرے گا۔ (۳۸) کارہائے نمایاں کا، تہوری کا، آگ کا، اور عجائبات کا، خیال ہے۔ (۳۹) تمہاری خواہش و مراد تمہیں بڑا دکھ دے گی۔ (۴۰) تم اپنے دل میں انصاف کرو کہ یہ کام پُر خطر ہے کہ نہیں۔ (۴۱) خوش قسمتی تمہارے لئے ہے اور اس علامت نے تمہارے طالع کو چمکا دیا۔ (۴۲) بڑا مسعود اور مبارک سال ہے اور تمہیں سفر کرنا ہوگا۔ (۴۳) اختر ولادت سے نمایاں ہے کہ اب بھی دولت قریب ہے۔ (۴۴) سال ہائے فراخی ۴۵ سے ۵۳ تک ہیں۔

(۴۵) روپیہ کی اکثر ضرورت ہو تو ہو مگر تمہاری تقدیر میں افلاس نہیں (۴۶) دو دفعہ پانی سے اور ایک دفعہ آگ سے خطرہ ہے (۴۷) پینتالیس کے ہونے سے پہلے پہلے تمہارا جسم صحیح ہو جائے گا (۴۸) محنت و مشقت بڑے جھگڑے مگر خاصی طویل عمر (۴۹) سردی سخت بہار میں بارش گرمی میں گرج اور چمک خزاں میں موسم خوش آئند (۵۰) کسی زبردست بادشاہ کی جانب سے مخالف آفت ہے (۵۱) یہ مقدمہ فکر پیدا کرتا ہے اور تشویش میں ڈالتا ہے (۵۲) کئی برس ہوئے جب تو تھا (۵۳) سیاہ رنگ صفرادی مزاج مگر ہوشیار دھوکا ہونے والا ہے (۵۴) شگون بد ہیں معلوم ہوتا ہے کہ غضب شاہی ٹوٹے گا (۵۵) اے زائر ٹھہرا بھی کچھ عرصے سے قصد سفر ہے (۵۶) اس سے ایک دھوکہ معلوم ہوتا ہے مگر سچ نہیں (۵۷) خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو اسباب ملنے والا ہے (۵۸) طویل قامت وجیہ و ظریف آدمی نے یا تو انہیں چرایا ہے یا اُس کی تحویل میں ہے (۵۹) لگ تو جاتا مگر وقفہ نے بات بگاڑ دی (۶۰) تمہارا طالع زحل کی منحوس روشنی سے نکلے گا اور اب تم خوش نصیب ہو گے (۶۱) یہاں تک ٹھیک ہیں کہ کوئی جھوٹ یا بدگوئی قریب ہے۔

(۶۲) علامت اچھی ہے (۶۳) جلد جاؤ جلد جاؤ ذرا نہ ٹھہرو (۶۴) جہاز پہنچ تو جائے گا نہ باد موافق ہوگی نہ مراد۔

Scanned by CamScanner

(۱) طوفان برپا ہوگا جھگڑ چلیں گے سمندر موجزن ہوگا بڑا خطرہ ہے۔ (۲) اگر پیدل چلے کچھ کھوؤ گے اگر گھوڑے پر گئے چوٹ کھا کر روؤ گے۔ (۳) باتیں چکنی چپڑی ہیں مگر دھوکا بازی معلوم ہوتی ہے۔ (۴) مہینہ کی ہر طاق تاریخ سوائے تیرھویں کے سعد ہے۔ (۵) دراز قد دُبلے جو آئے دن بدلتے رہیں بات پر قیام نہیں۔ (۶) اس علامت سے کئی معلوم ہوتے ہیں۔ (۷) مخلصی قریب ہے مگر پھر بھی خوف کا احتمال ہے۔ (۸) خوف کا کچھ خیال ہے خطرے کے بھی شگون ہیں۔ (۹) اکثر روپیہ اسکے ہاتھ آئے گا۔ (۱۰) علامت اس کے بہت موافق ہے۔ (۱۱) شاید جیت لے علامت تو کچھ بُری نہیں ہے۔ (۱۲) علامات و شگونات تندرستی ہیں۔ (۱۳) امراض دل درد سر اور رنج و غم۔ (۱۴) پہلے پہلے کچھ دقت آنی ضروری ہے۔ (۱۵) نرینہ۔ (۱۶) تیری تقدیر کی خوبی ہے کہ بچے خوش نصیب بھی ہیں اور دانا بھی (۱۷) اس شگون سے ہر دو قسم کے بچے معلوم ہوتے ہیں (۱۸) علامت، خبر کے آنے کی ہے اور دیکھنا اس خبر سے جی بہلانا (۱۹) معلوم تو ایسا ہوتا ہے (۲۰) گاڑیوں پہیوں سفر کتابوں کو اغذا اور تصانیف کی (۲۱) جب تم اس سے شادی کروگی تو وہ بیچارہ غریب ہوگا (۲۲) ایسی جس سے تمہیں کمال ناراضگی ہوگی۔

(۲۳) جو کوئی اپنے آپکو سچا اور صادق بتاتا ہے وہی جھوٹا ہے۔ (۲۴) عشق و محبت میں اسے قلیل کامیابی حاصل ہو گی۔ (۲۵) بڑا تغیر اس سے واقع ہو گا۔ (۲۶) ایک تیسرے شخص کے باعث وہ قریب قریب چھوٹنے کے ہو گا۔ (۲۷) اگر ہوش و حواس سے اپنی مرضی کی پیروی کریگا تو ضرور کامیاب ہو گا۔ (۲۸) جس علامت کا دور دورہ ہے شاید اُس کے سبب ہو جائے۔ (۲۹) یہ اس کی شکایت بیکار ہے اُس کے دشمن بڑے بد ہیں۔ (۳۰) تینتیسواں اور پینتیسواں سال۔ (۳۱) فی الحال یا مابعد جب سائل خشکی یاتری کا سفر کرے گا۔ (۳۲) ممکن تو ہے کیونکہ علامت متواتر تغیرات و انقلابات کی ہے۔ (۳۳) سائل کنوارا ہے تو اس پر کوئی عاشق ہو گیا ہے۔ بیاہا ہے تو بلاوا آیا۔ (۳۴) بعض کاموں کے لیے۔ (۳۵) کارہائے علم موسیقی۔ عیش و نشاط یا لباس فاخرہ۔ (۳۶) دو دفعہ ورثہ یا ہبہ سے ملے گا۔ (۳۷) غائب بیچارہ شاید مر گیا۔ (۳۸) نیکی و بدی ممزوج ہیں اور بڑے انقلاب ہونے والے ہیں۔ (۳۹) وہ کسی کار عجیب و غریب کا خیال کرنا چاہتے ہیں یا جس سے خوشی ہو۔ (۴۰) کچھ شک سا پڑتا ہے اور دیر بھی لگے گی۔ (۴۱) ظہور تو پورا پورا ہے۔ (۴۲) تجارت سے فائدہ اٹھائے گا دولتمند ہو جائے گا اور نام پائے گا۔

(۴۳) خوش نصیبی ہونے والی ہے دروازے آمدنی کے فراخ ہوں گے۔ (۴۴) خاص کر خوش قسمت ہے۔ (۴۵) بتیس اور پچاس کے درمیان۔ (۴۶) اس معاملہ میں بڑا شک ہے کیونکہ وہ رنج و غم و محنت کے لیے پیدا ہوا ہے۔ (۴۷) تین دفعہ گرے گا اور ایک دفعہ پانے کا خطرہ ہے۔ (۴۸) بتیس کے بعد بیمار ہی رہے گا۔ (۴۹) قران سے ایسی مشغول زندگی معمول ہوتی ہے کہ سائل کو خواہی نہ خواہی دراز معلوم ہو۔ (۵۰) طوفان بادی کا زور ہو۔ (۵۱) دور دراز سے یکایک اخبار جنگ پہنچیں گے۔ (۵۲) ڈھونڈنا بیکار محض۔ (۵۳) غالباً ہارے گا۔ (۵۴) آغاز کنندہ قطعی ہارے گا۔ (۵۵) بہتر ہوگا کہ سائل کچھ عرصہ تک اپنی عرضی ملتوی کر دے۔ (۵۶) تھوڑے عرصہ کے بعد وہ خود ارادہ چھوڑ دے گا۔ (۵۷) غالباً بچی ہے۔ (۵۸) ایسی ایسی علامتیں اقرار تو کرتی ہیں کہ شاید مل جائے۔ (۵۹) اغلب تو یہ ہے کہ کھوئی گئیں اگر چوری گئیں تو دور پہنچیں۔ (۶۰) کچھ یونہی سی امید اس کی ہو تو ہو۔ (۶۱) یا تو روپیہ کا نقصان ہو یا کہیں سے آنے کی امید ہو تو یاس میں بدل جائے۔ (۶۲) دشمنوں کے بارے میں صحیح ہیں۔ (۶۳) اس قرعہ کا حکم ہے کہ مت جاؤ۔ (۶۴) زیادہ تر یقین دشمنوں کا ہے۔

Scanned by CamScanner

